G. R. S. IX-5]

Previous references.

P.S. 195-687-E)

1929-20

(P. P)

File No. 102—19

Serial Nos. 1—16

Later references.

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT.

Serial Nos. Sixteen only

Part B for Feb 1921

SUBJECT.

Report on the Treatment of British Prisoners of war in Turkey

---

Sec'y to Govt.

Medical Director of Syria in reference No 5937. dy Feb 15th 1921 acknowledges the receipt of the Converse Translation of the Report

---

WD 2253—GPB—20,000—14-6-20

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT

(PP)

NOTES.

File No. 102-9

FILE HEADING.

Report on the treatment of British prisoners of war in Turkey

From

The T. A. Resident

No. 16 Dated 5-1-20 Received 6-1-20

Diary No. 1155 | Enclos. 30 books Spare Copies. | Serial No. 1

BRIEF ABSTRACT OF LETTER.

Forwards 30 copies of the Urdu translation of the report on the treatment of British prisoners of war in Turkey & requests that arrangements may be made for its translation to the local vernaculars & free dissemination in the state

NOTES AND ORDERS.

Submitted for orders.

Mg 7/1/20 1) Draft sending these to the local Urdu papers & to the D.P.I. for distribution in Hindustani Schools.

2) Draft regretting Res[t] to send a copy of English copies to facilitate translation into Kannada

BSS 8-1-20

NOTES—First sheet.

GPB—30,000—20-3-06.

G. R. S. 111-2]

General and Revenue Secretariat.

File No. 102 of 1919.

Serial No.

DEWAN'S OFFICE.
Recd. on JAN 13 1920
Reg. No. 4696

3 days put up
Hon'ble Member
9/1/20 Chamber
9-1-20.
For perusal before issue.
Dewan

CSK
13/1/20

MM 14/1/20

5) Respectfully submitted
Leave must be granted to the Land
Member for Town & Suburbs
MM
15.1.20

6) 2nd Member
CSK
16/1/20

MM 16/1/20

7) Orally it is intended to issue
proper public notice by paid advertisement
in the Madras Gazette, Daily Express
Tamil & Telugu Newspapers & the Tamil
& Telugu papers & the Local Press
& Local Agencies. Failing
the Local Agencies. May be
issued & Copies
may be duly distributed. The Dewan
may kindly direct that the distributing
principles & the steps will be taken
distributors or made & the papers
Ehd

DEWAN'S OFFICE.
Recd. on JAN 26 1920
Reg. No. 5030

Note—Contn. sheet.

8) Please issue
Dewan
27.1.20

CSK 24/1

C. 402

Urgent List.-"D"-1.(B)

11) Subject.-

Question of translating into the Vernaculars the Urdu copy of the report of the treatment of British Prisoners of War in Turkey and its free distribution in the State.

12) Put up draft Orders asking for Vernacular Copies. CBS 29/1/20

Opinion of the Council.

CB

To ~~the Assistant Secretary, Political~~ Branch for necessary action.

CBS 30/1/20

DEWAN'S OFFICE.
Recd. on FEB 2 1920
Reg. No. 5250

13) Draft Subtd. as directed.
1/2/20

14) Dewan

CBS 2/2/20

15) Draft approved by Dewan. 3/2/20.

16) Issue as P.P.

CBS 4/2/20

MM 4/2

11552

G. R. S. III-2]

General and Revenue Secretariat. | P.P File No. 102 of 1919.

Serial No.	
2	20 The I A R Pol 854 of 5-1-1920 States that there is some difficulty in translating into Kanada the Urdu report and ~~and~~ requests that Kanada copies of the same, if available in any of the Kanada Dists of Bombay & Madras Presidencies may be obtained and forwarded
	P. Hare CHIEF SECRETARIAT POLITICAL BRANCH. 9 FEB 1920
3	From) The I A R in Mysore No 1452 of 27/1/20 w/r to ref. to 2 states that no Kanarese rendering of the Urdu Reports available. 17) Subd for orders as regards his further action In all 4 to the latter. CR 30/1/20 JS ~~His attention is invited to~~ ~~the first communication from~~ ~~the Director of Statistics, Bombay~~ ~~Presidency, in which the Urdu reports~~ ~~may be obtained and the Kanarese~~

NOTE—Contn. sheet.

G. R. S. III-2]

(65/6

General and Revenue Secretariat.

File No. 1621 of 1919.

Serial No.

18)
The report sent to us for translation and publication appears to be a big one, and the labour involved is not commensurate with the utility, as the general public in the State do not seem to be particularly interested in Turkish affairs or European politics. Perhaps the precis under (i) may be obtained and a precis English copies adopted and distributed to Moslem associations and other public institutions.

MK
30/4

Chief Secy)

3rd Member

19)
The whole report may be distributed amongst the various Officers & Schools & Depts concerned. Associations & a few copies of the English precis may be sent to the Local Govt for facilitating their information & Guidance

MK
5/5

20)
Draft put up.

CPS
6/5/20.

21) Done

MK
6/5

NOTE—Contn. sheet.

General and Revenue Secretariat. | PP File No. 102 of 1919.

Serial No.	
4	To The I A Resident Pol 1226 dt. 7.5.1920. Requests that a few copies of the English version of the Report on the Treatment of Bt. Prisoners of war in Turkey may be obtained and forwarded to the Durbar.
5	To the D.G. of Education No. G 25719 dt. 10.5.1920 Fds 46 copies of the Urdu translation of the report for distributing among such of the schools as are likely to make use of them.
6	To the Regr Mysore University No G. 25718 dt 10.5.20 Fds 4 Copies of the Report for circulating it in the colleges affiliated to the university
7	To The Anjuman-e-Mahadevia Chennapatna Anjuma-e-Islamia Chickmagalore The Muslim Assn Davangere Central Mah Assn Bhatkal Anjuman-e-Mahadevia, Mollakalmuru Anjuman-e-Mahadevia, Damatal Islam, Bannur
	No G. 25720.5 dt 10.5.20 Fds a copy each for circulation.

SECRETARIAT. III CHIEF POLITICAL BRANCH. 12 MAY. 1920.

NOTE—Contn. sheet.

J. R. S. III-2)

General and Revenue Secretariat.

YP File No. 102 of 1919

Serial No.

6 Foreign) The T. A. R. in dispatch No 1637 of 15.5.20 states that 20 copies of the Eng. Report were sent with his letter of 24/4/19.

22) The Copy of the report obtained from the Library is here with put up. As these copies have already been distributed to the Dcs of Wks (vide 8 & 4 in P.P. file 45-18) the point for orders whether any food is likely to result from the publication of such a belated report.

CH VS 18.5.20.

23) The Urdu copies have been distributed. The point for orders is whether it is necessary to have the English copy into Kanada and get copies printed for distribution. English copies have already been distributed.

MK 18/5

Third member) 24) Urdu translated Kanarese copies will may be distributed.

Kd 22/5

25) To Translation section for favour of further action.

MK 26/5.

It is regretted that it was not noticed before that the Urdu publication was a translation of the English version. Moreover there was no reference made in the Residency letter of 5th June 1920 about the English version of the report, copies of which were sent in April 1919.

VS 18.5.20

6527 / 18/5/20

NOTE—Contn. sheet.

G. R. S. III-2]

General and Revenue Secretariat.

P. P. File No. 102 of 1919.

Serial No.

Vb)

Subd to Asst Secretary Political Branch.

The work on hand in the Section is as follows:

1) The Abstract Proceedings of the Leg: C. 60 halves of printed matter Foolscap size

2) Rules under the Explosives Regn. 67 halves of printed matter. Foolscap size

3) R.A Session Proceedings works. 23 pages have been received & more is expected.

These have to be attended to in addition to the usual works of the Section. Further, Legislative matters are also expected.

It will be seen from the above that there is already very heavy work in the Section. If the Pamphlet in question has to be translated expeditiously, I beg to submit that it will have to be done out of office hours for which a suitable remuneration may kindly be sanctioned as was done in the case of "Mysore Part in the War" entrusted to Messrs V.C. Srinivasa Rao & Gundappa

D. Narayana Rao
Supdt. Transln. Sec.
18-6-20.

NOTE—Contn. sheet.

G. R. S. III-2]

General and Revenue Secretariat.

P.P. File No. 102 of 1919.

Serial No.

27) This Minute should go to the Rajadar for favour of Consideration

MK 18/6

28) Submitted to the Rev. Regr.

18/6/20

29) The Supdt. Transl. Sec. will please bring up a case with a copy of the report to be translated

CSR 19.6.20

30) Please note the time that would be required for translating this

It would take about a month to translate this. But now we are not able to undertake the translation of the book we have kept by the Explosives Rules & taken the Legis. Pro. Consisting of 60 pages of printed matter, & we are also doing at the same time the translation of the R.A. work. In addition to these two works we have to get through the translation of Notifications & Govt. orders that appear in the Gazette. Besides these Income tax Regn & other Legis. matter are expected.

For R.A. work additional hands used to be given to get through that work. This time I did not intend for such help.

Regr. DV 27.6.20.

NOTE—Contn. sheet.

General and Revenue Secretariat.

PP File No. 102 of 1919.

Serial No.

31) The ~~pamphlet~~ book to be translated is a book of 46 pages of printed matter. The Superintendent wants one month to finish the translation in addition to the other work of the Section. The Section has now very heavy work to attend to, and if this work is to be attended to expeditiously some special arrangements are necessary, and it may be distributed among a number of translators with the offer of a suitable remuneration. Otherwise the Section will be asked to take it up along with other work and finish it as early as possible within three weeks. CSR 22.6.20

Chief Sec.) 32) It is absurd to say that it will take a month to translate the book. It ought to be done in about a week by two men easily.

The Transln. section had an easy time yet in April I think. They may exert themselves a little.

I do not like the practice of suggesting "suitable remuneration" for every bit of extra work!

CSR

33) Translation Sect. to attend at once. CSR 7/7 (Illegible)

NOTE—Contn. sheet.

G. R. S. III-2]

General and Revenue Secretariat.

P. P. File No. 102 of 1919.

Serial No.	
	34) The file is herewith returned to the Political Branch with the required translation for further action. D.I.G. Supt. Translate Secy 23-8-20.
	35) Sd. with a draft to the Supt. Govt. Printing. Orders have required as to the no of copies to be printed. 500 copies may be made. 25/8. Chief Secy. 36) Issue 25/8
9	To the Supt Govt Printing No G 6769 of 30.8.1920. Requests him to print and supply 500 copies of the Canarese pamphlet re treatment of Bt Prisoners of war in Turkey
10	To the Secy to the Chief Comr of Coorg. No Pol 3370 of 13.9.20 States that no more copies of the English version of the report are now req

CHIEF SECRETARIAT II POLITICAL BRANCH. 24 AUG. 1920

CHIEF SECRETARIAT II POLITICAL BRANCH. 30 AUG. 1920

CHIEF SECRETARIAT II POLITICAL BRANCH. 17 SEP. 1920

NOTE—Contn. sheet.

General and Revenue Secretariat.

P/P File No. 102 of 1919.

Serial No.

5162

500 copies of the accompanying pamphlet have been received from the Press. Orders are solicited as to how they should be distributed. 1100 copies were sent to D.G.I. for distribution to Muhammadan schools and aid to certain Mahomedan institutions.

2/1011 250 copies may be sent to High I.S. for distribution to schools & colleges and if necessary a few schools 150 copies may be sent to D.P.I.s for distribution to prominent clubs & Reading rooms 50 copies filed in secty. The rest distributed to local offices

Chief Secty 10/1/19

17/1/19

12/1

Draft put up 12/1

2/1011

June 17/1/19

NOTE—Contn. sheet.

General and Revenue Secretariat.

DP File No. 102 of 1919

Serial No.	
11	To the D.G. of Education No 13836 of 17.1.21. Fds 250 copies of the Canarese translation of the report on the treatment of British prisoners of war by Turks for distributing them to schools
12	To the Regr Mysore University No 13837 of 17.1.21. Forwards 6 copies for distributing them to Schools affiliated to the University.
13	To the Dy Comrs of Dts No 13835-45 of 17.1.21. Fds each 20 copies of the report for distributing them to prominent Clubs & reading rooms in their Dts. Subd with a draft ltr. to Heads of Depts in Bangalore 4/2/1921
14	To Heads of Depts & offices in Bangalore No 14570-60 of 25/1/21. Fds each a copy of the book for information and record

Done 17/1/21

CHIEF SECRETARIAT II POLITICAL BRANCH. 29 JAN. 1921

NOTE—Contn. sheet.

G. R. S. III-21

General and Revenue Secretariat. | PP File No. 102 of 1919

Serial No.

15 ~~From~~

15 From

The Chief Comd^t, 2nd S.T.

No 7746 M 31/1/21 Dated 1/2

~~From~~ Acknowledging

the receipt of a copy of the

book re Treatment of British

Prisoners of War in Turkey.

Sd/-?

Note will be filed.

2/2 VS 4/2 M 4/2

CHIEF SECRETARIAT POLITICAL BRANCH 2nd FEB 1921

16 From

The Dir of Agriculture

No 5937 M 1/21/21 Dated 3/2

Acknowledging the

receipt of a copy of the

book re Treatment of the

British Prisoners of War

in Turkey.

Sd/- Note will be filed.

4/2 VS 4/2 M 4/2

CHIEF SECRETARIAT POLITICAL BRANCH 4th FEB 1921

NOTE—Contn. sheet.

DIARY NO. 11532

Fol 8.41

CHIEF SECRETARIAT
POLITICAL BRANCH
6 JAN 1920

1919-1920
No. 16 PP
102-19

FOR. DEPT. REC.
Ch. Secy's
6 JAN 1920

From

MAJOR C. T. C. PLOWDEN, I. A.

SECRETARY TO THE CHIEF COMMISSIONER OF COORG

First Assistant to the Resident in Mysore.

To

The Chief Secretary to the Government of
His Highness the Maharaja of Mysore.

Dated Bangalore, 5th January 19 20.

SIR,

I am directed to forward, with compliments, 30 copies of the Urdu translation of the report on the treatment of British prisoners of war in Turkey, and to request that, if the Durbar considers it desirable, arrangements may kindly be made for its translation into the local vernaculars and free distribution in the Mysore State, in order to give publicity to the report.

I have the honour to be
Sir,
Your most obedient servant,

C. T. Plowden

for First Assistant Resident.

ہی لے لیجئے۔ کہیں عرصہ دو سال کے بعد ترک برن کی کانفرنس پر رضامند کئے گئے۔ اور اس موقع پر لارڈ نیوٹن اور سر ایچ بیل فیلڈ نے ایک عہد نامہ کروایا۔ جس میں یہ شرائط قرار پائیں کہ کم از کم ۱۰۰۰ ناقابل اسیروں کو فوراً ان کے وطن کو واپس کیا جائے گا اور تمام اسیروں سے بہتر سلوک ہوگا۔ اور ہالینڈ کی لیگیشن اسیروں کے کیمپوں کا معائنہ کرنے کی مجاز ہوگی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اسیروں کے سلوک میں بہتری نمودار ہوگئی ہے۔ اور معائنے بھی آخرکار شروع ہوگئے ہیں۔ مگر دولت عثمانیہ نے جو یہ اقرار کیا تھا کہ وہ اپنے جرمن حلیفوں سے اس بات کا عہد کرا لیگی کہ ناقابل اسیروں کو لانے والے جہاز کو نار پیڈو سے نہیں اڑایا جائے گا۔ اسے وہ میسر نہیں کر سکی۔ تاہم اب یہ جہاز روانہ ہونے کو ہے اور ایک نئی تجویز پیش کیگئی ہے۔ اور وہ یہ کہ خواہ وہ ناقابل ہوں یا قابل جن اسیروں کو ۱۸ ماہ سے زیادہ مقید ہوئے گذر چکے ہیں۔ ان کا تبادلہ کر لیا جائیگا

دولت عثمانیہ کو حرکت میں لانے سے بھی اسیروں کو اس ملک سے خوراک وغیرہ کے علاوہ روپیہ اور ضروریات سے براہ راست مدد پہنچانے کا کام زیادہ محنت کش رہا ہے۔ اگرچہ اس سے اسیروں کو زیادہ رنجدہ تاخیروں کے بعد قسطنطنیہ پر عمل میں لائی جاتی ہے۔ ایشیائی کوچک میں یہ حال ہے کہ اگر کوئی نادل تقریباً ایک گھنٹے تک کسی افسر کو پڑھنے کے لئے دیا جاتا ہے۔ تو وہ فوراً چھین کر دارالخلافے کو واپس کر دیا جاتا ہے۔ اور پیشتر اس کے کہ وہ بے ضرر سمجھا کر دوبارہ پڑھنے کو دیا جائے وہ مہینوں غائب رہتا ہے مدت تک تو یہ صورت رہی کہ اسیروں کی چٹھیاں کاٹ چھانٹ کر تعداد اور لمبائی میں اس لئے انتہائی درجہ تک کم کر دی جاتی تھیں کہ سنسر (پڑتال کنندہ) ان سے زیادہ کی پڑتال کرنے کے ناقابل تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کیمپوں میں اس کام کو کرنا ناممکن ہونے کی وجہ وہی خوبی تھی جو ترکوں میں بڑی نمایاں ہوتی ہے۔ یعنی یہ کہ مختلف متعلقہ احکام ایک دوسرے سے نہایت سخت بدگمان تھے

عہد نامہ برن کے ہونے پر جب باقاعدہ اور غیر طرفدارانہ معائنے کی ایک مناسب تجویز عمل میں لائی جائے گی۔ تو ہمارے لئے یہ امید کرنی ممکن ہوگی۔ کہ افسر بہت سی ایسی ایذا رسانیوں اور پابندیوں سے مخلصی حاصل کر لیں گے۔ جن کے برخلاف کہ وہ اس وقت کوئی کاری آواز اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتے۔ شخصی طور پر ممکن ہے کہ یہ تکالیف چھوٹی یا بڑی ہوں لیکن

سال بسال چھوٹی سے چھوٹی تکالیف کا بھی جمع ہوتے جانا ایسی صورت اختیار کر لیتا ہے - کہ انہیں برداشت کرنا سخت مشکل ہو جاتا ہے - مگر ہمارے خیال میں تو کوئی بھی ایسی بات نہیں آسکتی جس سے کہ ترکوں کو ایسی ہوش ربا نا ممکن ہو سکتا ہے - کہ وہ اسیروں کی طرف لگاتار اپنی ذمہ واری کو محسوس کرتے رہیں - اور یہ لازمی ہے کہ اسیر اپنے ارادے اور روش کے زور سے (جن پر کہ زیادہ تر ان کا انحصار ہے) اس ذمہ واری سے پہلوتہی نہ ہونے دیں - ولایت میں جن لوگوں کے ذمے یہ کام ہے ان سب کا یہ معیار ہوگا - کہ جہاں کہیں اور جب کبھی ممکن ہوگا - وہ اس ذمہ واری سے ذرا سی کوتاہی بھی نہ سہ کر قومی امداد بہم پہنچائیں گے +

مندرجہ بالا بیان سے اس بات کا پتہ لگا لیا جائیگا کہ اُن غیر جانبدار سفیروں کو کسقدر مشکل کام سرانجام دینا پڑا ہوگا جو کہ برطانوی فوائد کے ظاہر کنندے تھے اور بدیں وجہ جن کے ذمے ترکی میں برطانوی اسیروں کی محافظت کا کام تھا - دراصل ریاستہائے متحدہ کے سفیروں مسٹر مارگنتھو اور اس کے جانشیں مسٹر الکوس کے جذبات اسقدر اعلےٰ پائے کے ہیں - کہ اُن کا پورے طور سے اعتراف کرنا ناممکن ہے - جب

ریاستہائے متحدہ جنگ میں شامل ہوگئیں - تو مسٹر الکوس کا کام ہالینڈ کے وزیر مسٹر ڈی ولیبائس نے جاری رکھا - یہ سب کے سب صاحب اسیروں کی بہتری کے کام میں لگاتار تن دہی سے مشغول رہے ہیں اور محکمہ جنگی کی طرف سے اسیروں کے متعلق جو بیشمار تجاویز خفگی آمیز اعتراضات اور دھمکیاں ان کی راہ دولتِ عثمانیہ کے نام پہنچتی رہی ہیں - انہیں اپنے ذاتی رسوخ سے زوردار بنانے سے انہوں نے کبھی کوتاہی نہیں کی +

اسیروں کی رہایش گاہ - خوراک - طبی خبرداری ان کے پارسلوں اور چٹھیوں کو ان تک پہنچانے - ان کی تنخواہ - ناقابل اور دوسرے اسیروں کا تبادلہ - نظربندی کے کیمپوں کا معائنہ اور اسیروں کے سلوک کے متعلق سینکڑوں قسم کی تفصیلیں ایسے سوال ہیں جن کی طرف لگاتار دھیان دیا جاتا رہا ہے - اور جنکی بابت طول و طویل خط و کتابت کی جاتی رہی ہے - مگر ان میں نہ صرف دولتِ عثمانیہ کی سنگدلانہ ہٹ ہی مزاحم ہوتی رہی ہے - بلکہ ترکی اہلکار ایسے مراسلوں کو پڑھنے تک سے بھی گریز کرتے رہے ہیں - جو کہ خود ان کے نام بھیجے جاتے تھے +

مثلاً صرف ناقابل اسیروں کے تبادلے کے سوال کو

سے اپنی روزانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ اور کہ بہیئت مجموعی
وہ سخت جبر و تعدّی سے کسقدر محفوظ تھے۔ اور کہ انہیں
کسقدر سنجیدہ خطرے اور مصیبت سے سامنا رہتا تھا۔
اس بات کو مکمل طور سے سمجھنے کے لئے کہ وہ کس قسم
کی زندگی گذار رہے تھے۔ جو نظارہ آنکھوں کے سامنے
لایا جائے اسے کئی طریقوں سے وسعت دینی لازمی
ہے۔ مگر سب سے بڑا طریقہ شاید یہ ہوگا۔ کہ ان کی جان
سوخت بلا تغیر تنہائی کو سامنے رکھ لیا جائے۔ ان کا
سب قسم کا سلسلہ راہ و ربط بیرونی دنیا سے غیر معین
اور شکستہ تھا۔ اور اس کے بحال ہونے کا کوئی پتہ ہی
نہیں تھا۔ ان اسیروں اور ان کے دوستوں کے
درمیان جو کہ ولایت میں تھے اور جو صرف اس بات کے
خواہشمند تھے کہ انہیں ان اسیروں کی درکار شدہ مدد
کرنے دی جائے کاہلانہ اور پُر خباثت ناقابلیت کا انبار
حائل تھا۔ اور یہ ایسی رکاوٹ تھی جس سے پار ہونا
تقریباً ناممکن تھا۔ کیونکہ یہ بے انداز اور غیر انسانی
تھا۔ مثلاً اسیروں کی ڈاک کی بروقت اور مناسب
پڑتال ظاہراً دولتِ عثمانیہ کی طاقت سے باہر تھی۔
تُرکی حکام کبھی کوئی ایسا سلسلہ قائم نہیں کر سکے جس سے
مختلف کیمپوں پر پارسلوں چٹھیوں اور کتابوں کی باقاعدہ
چھان بین ممکن ہوئی ہو۔ ان کی متعلقہ کارروائی لمبی اور

اور وہ خاص طور پر دوکانوں میں اُن چیزوں کا ذخیرہ جمع کرنے لگ گئے جن کے لئے کہ افسروں کی خرید تھی۔ چونکہ افسروں کی خرید ۲۰۰۰ پونڈ ماہوار تک پہنچ جانی ممکن تھی۔ اس لئے ایک ایسے مقام پر یہ ایک چندھیا دینے والی سونے کی کان تھی اور گیڈیز کے لوگوں نے بھی کھلے ہاتھ نفع کمانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ ایسے موقع پر قیمت پر ضبط رکھوانے کا تو کوئی گمان نہیں تھا۔ مگر افسروں کو یہ جان کر تسلی ہوگئی کہ چاہے کچھ ہی کیوں نہ ہو اشیا تو میسر ہو سکینگی۔

یہاں تک پہنچ کر ایشیائے کوچک میں افسروں کے کیمپوں کے متعلق ہماری اطلاع کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔ مگر اور بھی ایسے کیمپ ہیں مثلاً ایسکیچر اور کونیا جو صرف ہندوستانی افسروں کے لئے ہی مخصوص تھے۔ ان کے متعلق اس بات کے سوائے اور کچھ معلوم نہیں ہوا کہ یہاں اسیروں کو مکمل مقامی آزادی حاصل تھی۔ ایسکیچر کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہاں سلطنت کی سب سے اعلےٰ ڈپو واقع ہے۔ اور سلطان منتوفی نے تو وہاں یہ بھی حکم دے رکھا تھا کہ وہاں کے افسروں کو کرچیں رکھنے کی اجازت ہے۔ مگر جہاں تک انگریز افسروں کا تعلق ہے ہمارے بیان سے یہ ظاہر ہو جائے گا۔ کہ وہ کن بڑے بڑے طریقوں

میں رہنے کا حکم اس لئے دے رکھا تھا۔ کہ راستے چلتے ہوئے
ان کی پہچان اور عزت ہوتی رہے ۔

بدقسمتی سے ابھی تک اشیا بڑی کمیاب تھیں اور قحط
سخت پڑا ہوا تھا۔ جب موسم سرما حد انتہا پر پہنچا
ہوا تھا تو یکایک سکون کے تبادلے کا نرخ گھٹا کر اس
کے وقت کے نرخ سے بھی کم کر دیا گیا اور بہت سے
افسروں نے اپنے آپ کو بڑی سخت تنگدستی میں پایا۔
روٹی کے ۴ شلنگ فی پونڈ اور مکھن کے ۲۴ شلنگ فی پونڈ
کے بھاؤ بکنے۔ ایندھن کے ۱۸ پنس فی بوجھے سے ۲۰
شلنگ فی بوجھے تک چلے جانے سے اور بیس پونڈ سے کم
قیمت پر کپڑوں کے ایک سوٹ کے میسر نہ ہونے سے
ہر افسر کے اخراجاتی بل میں بھاری اضافہ ہوگیا۔ کسی
نہ کسی طرح سے روپیہ پیدا کیا گیا خواہ بوٹ اور کپڑے
ہی (جن کی کہ سخت ضرورت تھی) بیچنے پڑے۔ کھانوں میں
تخفیف کر دی گئی اور ہر ممکن کفایت عمل میں لائی گئی۔
یہ جان کر اور بھی افسوس ہوا کہ ولایت سے آئے
ہوئے بہت سے پارسل حقیقتاً اس وقت ملک میں
موجود تھے۔ جو کہ ترکی محکمہ ڈاک کی ناقابل اصلاح
گڑبڑی کی وجہ سے رکے پڑے تھے۔ اور جن میں سے
کہ زیادہ تعداد کا ہمیشہ کے لئے گم ہو جانا یقینی تھا گیدڑ
کے ہوشیار طبقہ کے لوگوں نے اپنا موقع تاڑ لیا۔

ایسا پاکر کہ وہ بغیر کسی قسم کی نگرانی کے باہر اندر آجاسکتے تھے۔ انہوں نے ایسا محسوس کیا گویا کہ وہ ایک نئی دنیا میں آگئے ہیں۔ اور یہ بات ذہن میں بھی آسکتی ہے کہ کم از کم یہ تبدیلی تو خوشگوار تھی۔ ایک ایسے ایشیائی گاؤں میں رہنے سے جس میں کہ افسروں کی اتنی جماعت کے واسطے کوئی بھی انتظام نہیں کیا گیا تھا۔ اور جس کے کہ بالکل قلیل ذرائع گذران مانگ کی زیادتی کے سبب زیادہ ہی زیادہ کم ہو رہے تھے بے آرامی اور تکلیف تو ابھی تک بہت زیادہ تھی مگر اپنے آپ کو وہاں کے باشندوں کی طرح رہتے ہوئے پاکر افسروں کی طبیعت لگی رہتی تھی۔ وہ مقامی چلتے پرزے اشخاص کے ساتھ ان کی دوکانوں پر بیٹھکر گفتگو کیا کرتے تھے۔ یا گردونواح کے کسانوں سے بلاوا آنے پر پہاڑوں میں جنگلی سور کا شکار کرنے جاتے تھے۔ مگر دیہاتی لوگ سارے کے سارے دوستانہ نہیں تھے۔ کیونکہ افسروں پر جب کبھی کبھی پتھر چلائے جاتے تھے یا کتے چھوڑے جاتے تھے تو انہیں یہ یاد آجاتا تھا کہ وہ دشمنوں کے درمیان ہیں۔ گاہ بگاہ اس مقام کی آسان ڈسپلن کو کس دیا جاتا تھا۔ مگر بہیئت مجموعی یہ معلوم ہوتا ہے کہ ترکوں کے تعلقات تسلی بخش تھے۔ دراصل یہ ایک قابل غور امر ہے کہ کمانڈنٹ نے افسروں کو وردی

سخت کوشش سے مطالعہ کرنے کے باوجود سمجھنے سے قاصر تھا۔ افسروں نے سب کام آپ سنبھال لیا۔ اور جہاں کہیں ان سے ہوسکا انہوں نے گھر کا سامان اکٹھا کر لیا۔ انہوں نے مال بند کرنے کے بکسوں کی چارپائیاں بنالیں اور اشیائے خوردنی جمع کر لیں۔ مگر ابھی تک صورت معاملات بہتری کی ابتدائی منزل میں ہی تھے کہ جون کے اخیر میں قسطنطنیہ سے ایک ترکی افسر اس کیمپ کے معائنے کے لئے آموجود ہوا۔ اس افسر نے مغربی تعلیم حاصل کی ہوئی تھی۔ اس لئے ایسی صورت کو پاکر اُس کا دل دھل گیا۔ کمانڈنٹ اور اس کی قواعد وضوابط کی کتاب کو فوراً دھتا بتایا گیا اور اس بات کے احکام جاری کئے گئے کہ انگریز افسروں کی زیرِ ہدایت ان کی رہائش گاہ میں سب قسم کا سامان مہیا کیا جائے۔ بعد میں یہاں ایک نیا کمانڈنٹ آیا جس کے متعلق یہ بیان کیا گیا ہے۔ کہ وہ ایک بڑا خوش طبع اور عاقل شخص تھا۔

مگر جب افسر کئی دن تک متواتر سخت سردی میں کوچ کرنے کے بعد دسمبر میں چنگری سے گیڈیز پہنچے تو سوائے اس کے کہ انہیں رہنے سہنے کی آزادی (جس کے کہ وہ غیر عادی تھے) نصیب ہوئی۔ ان کی اور کوئی امید ذرا بھر بھی بر نہ آئی۔ اس وقت اپنے آپ کو

مغربی جانب میں واقع ہے۔ ۱۹۱۵ء کے موسم بہار سے افسروں کی نظر بندی کے واسطے استعمال کیا جاتا رہا۔ یہ کھڈ دار پہاڑیوں کے درمیان ایک چھوٹا سا خوبصورت ہوادار مقام ہے۔ اور جنوبی انگلستان کے بہت سے شہروں کی طرح اس کے سامنے کا ملک بڑا نفیس ہے۔ اس میں ندیاں بہتی ہیں اور بلوط اور پھل دار درخت پائے جاتے ہیں۔ اس کی مشرقی جانب کی آب وہوا معتدل ہے۔ اور یہاں موسم سرما تھوڑی دیر تک رہتا ہے۔ جسقدر یہ شہر خوشنما ہے اتنا ہی غلیظ ہے۔ اس سے تھوڑے دور باہر کو وہ مکان واقع ہے جہاں انگریز افسر رہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ مکان بذات خود ایک اچھا مکان ہے۔ اور اس کے ساتھ تقریباً ایک ایکڑ زمین ملحق ہے۔ مگر یہاں بھی اور مقاموں کی طرح افسروں کو پہلے پہل تو کئی گڑبڑ کو دور کر کے ترتیب قائم کرنی پڑی۔ جب مئی ۱۹۱۵ء میں افسروں کی پہلی جماعت یہاں پہنچی تو انہوں نے یہاں اپنے لئے کوئی تیاری نہ پائی۔ نہ تو ان کے مکانوں کے لئے کوئی سامان تھا نہ خوراک۔ اور سب سے بڑھکر تو وہاں کا ہیڈ رسیدہ اور مہربان دل کمانڈنٹ اس بات سے پریشان خاطر تھا کہ وہ ان کا کیا بندوبست کرے۔ اس کے ہاتھ میں قواعد وضوابط کی ایک کتاب تھی جسے وہ بڑی

"انکاریوں" کے کیمپ کا درجہ دیا جا چکا ہے۔ تھوڑی دیر بعد تقرر بنا پندرہ اور اپنے افسران کے ساتھ آکر مل گئے جو قبل ازیں گیڈز پر رہتے تھے۔ اور جو اس زمرے میں شامل سمجھے جاتے تھے۔ یہاں کا روزانہ عام کام مرتب کر دیا گیا یعنی بارک کے سامنے بڑے کھلے میدان میں خاص خاص موقعوں پر فٹ بال کھیلا جا سکتا تھا۔ اور کبھی کبھی خود بارک کے صحن میں ورزش کرلی جاتی تھی۔ اندر بیٹھ کر پڑھنے کا کام موچی کا کام اور زبانوں کا سیکھنا کیا جاتا تھا۔ یہاں بڑا سخت جاڑے کا موسم شروع ہو گیا اور ایک موقع پر دو مہینے تک مکان سے باہر ورزش کرنا ناممکن رہا۔ فروری ۱۹۱۸ء تک چنگری پر تھا۔ افسر تھے۔ خوراک کی بہم رسانی کی روز مرہ کی مشکلات انتہائی درجہ تک پہنچ چکی تھیں۔ اور دوپہر کے کھانے کو ترک کرنا ضروری خیال کیا گیا تھا۔ یہاں یہ اچھی طرح سے خیال کر لینا چاہیئے۔ کہ یہ ۱۹۱۸ء۔ افسر آسانی سے دیکھنے والے نہیں تھے۔ مگر انہیں (۲۴ مارچ کو) اس کیمپ کے توڑنے کے متعلق تار پا کر خوشی تو ضرور ہی نصیب ہوئی ہوگی اپریل تک یہ افسر کسی دوسرے مقام پر لیجائے جا چکے تھے اور اس طرح سے خدا خدا کر کے چنگری کے کیمپ کا خاتمہ ہوا تھا۔

گیڈز جو اٹین سے تقریباً ۱۰ میل دور اس کی شمال

ہستی کو ایک قابل گذر ہستی بنا سکتے مگر انہوں نے اس کام کو مردانہ وار انجام دیا اور وہ فوراً فرش وغیرہ کو کھرچنے اور صاف کرنے کے سامان وغیرہ خریدنے اور جائے رہائش کو بہتر بنانے میں مشغول ہو گئے۔ یہاں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ سارے کا سارا کام اسیروں نے خود ہی کیا تو کیا ورنہ یہ ہونے کا نہیں تھا۔

مگر اسقدر جد وجہد کے باوجود بھی چنگری کو ایک آرامدہ یا دلکش جائے رہائش بنانا صریحاً ناممکن تھا۔ اس لئے چند ہفتوں کے بعد ترکی حکام نے افسروں کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ جو افسر پیرول (فوجی قسم کھانے) پر رضامند ہوں وہ ایک دوسرے کیمپ یعنی گیڈیز پر جا سکیں گے اور ترکی احکام نے یہ وعدہ کیا۔ کہ وہاں انہیں زیادہ آزادی حاصل ہوگی۔ بہتر رہائش گاہ دی جائے گی۔ اور اور سب طرح سے ان کے ساتھ زیادہ شفقت آمیز سلوک کیا جاویگا۔ قسم کھانے یا نہ کھانے کا فیصلہ کرنا ایک مشکل امر تھا۔ مگر اس تجویز کا نفع اور نقصان سوچنے کے بعد تقریباً دو تہائی افسروں نے اسے منظور کرنے کی ٹھان لی اور ان افسروں کو سال کے اخیر پر چنگری سے تبدیل کر دیا گیا۔ باقی جو پیچھے رہے انہوں نے آہستہ آہستہ چنگری کو ذرا زیادہ قابل رہائش بنالیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اب اس مقام کو پورے طور پر

مل گئیں کیونکہ تمام افسروں کو یہ یاد تھا کہ چنگری وہ مقام ہے جہاں انہوں نے انگورا سے شروع کر کے چٹانوں کے اوپر سے سو میل کا کوچ کرتے ہوئے ہالٹ کیا تھا۔ اور جو کسٹامنی سے سب سے نزدیکی ریلوے سٹیشن تھا۔ اس مقام کا نقشہ صاف صاف اُن کی آنکھوں کے سامنے آگیا۔ اور انہیں شکستہ مکانوں کا ایک ایسا جھنڈ دکھائی دینے لگ گیا جو ایک قدیمی قلعہ کے کھنڈرات کے نیچے اُجاڑ میں ایک دوسرے کے بڑے نزدیک نزدیک واقع تھے۔ اور جہاں بخار پھیلا ہوا تھا۔ اب جب وہ دوبارہ یہاں آئے تو انہوں نے دیکھا کہ ان کے لئے جو رہائش مقرر کی گئی ہے۔ وہ ایک لمبی خالی بارک ہے جہاں بالکل تھوڑی دیر پہلے ظاہراً طور پر دوسری منزل سمیت ہر قسم کے مویشیوں کا ایسا طویلہ تھا جس میں ان کے متعلق سب قسم کے کام کئے جاتے تھے۔ فرشوں پر خاک کی تہیں جم جم کر سخت ہو چکی تھیں غلاظت کے کیڑوں کے غول کے غول جمع تھے اور کھڑکیوں کی سب سے زیادہ تعداد میں کوئی شیشہ نہیں تھا۔ حفظانِ صحت کا وہی حال تھا جو ترکوں میں پایا جاتا ہے۔ اور پینے کے لئے پانی بالٹیوں میں شہر سے ایک میل دور سے لانا پڑتا تھا۔ ان حالات میں افسروں کو شروع سے اخیر تک وہ تمام کام کرنے کو تھے جس سے وہ اپنی

سے ریل کا سٹیشن نزدیک ہوتا کہ اُن کی ضروریات زیادہ اچھی طرح سے بہم پہنچ سکیں۔ اس درخواست کا کوئی جواب نہ دیا گیا۔ اور ان کے ساتھ اس بات کا سمجھوتہ کر کے کہ انہیں موسم سرما یقیناً کسٹامنی پر ہی گزارنا پڑیگا اس سے بچنے کے واسطے تمام قسم کی اشیاء کا ذخیرہ جمع کرنے کی ترغیب دی گئی۔ وہ انہیں خریدنا شروع کر چکے تھے۔ جبکہ ستمبر میں اچانک ان سے یہ کہا گیا کہ سب کے سب افسروں کو فوراً وہاں سے چلنا ہوگا۔ یہ تو کہنے کی ضرورت ہی نہیں کہ یہ نقصان افسروں کو ہی برداشت کرنا پڑا جنہیں اس کے علاوہ وبال اسباب بھی پیچھے چھوڑنا پڑا جو انہیں اپنی رہائش گاہوں کو سجانے کے واسطے خریدنا پڑا تھا۔ اس دور و دراز کوہستانی گڑھ میں جو سال بسر کیا گیا اس کی یادگار ابھی تک انگریزی قبرستان میں موجود ہے۔ جہاں تین ایسے افسروں اور تین جوانوں کی قبریں بنی ہوئی ہیں۔ جو کسٹامنی میں فوت ہوئے تھے۔ اور جن پر افسروں نے خود اپنے ہاتھ سے پتھر کان سے کھود کر ڈالے تھے +

ان افسروں کو یہ بتایا گیا کہ اب انہیں چنگری پر جانا ہوگا جہاں اسیروں کا ایک نیا کیمپ جاری کیا جانا تھا۔ اس سے ان کی وہ تمام امیدیں۔ جو وہ اپنی حالت کے بہتر ہونے کے متعلق باندھے ہوئے تھے خاک میں

اس نے ایک ایسے بڑے پرانے پمپ پر ہنسی اڑائی۔ جس سے کہ شہر میں آگ بجھانے کے انجن کا کام لیا جاتا تھا۔ جب سے تین اسیر اگست ۱۹۱۷ء میں مفرور ہونے میں کامیاب ہوئے۔ تب سے ڈسپلن (یعنی فوجی قیود) زیادہ سخت ہوگئی۔ اور اس سے بھی بڑھکر بُری بات یہ ہوئی کہ اس موقع سے پیشتر ہی نیک سیرت فتح کو ہٹا کر اس کی جگہ اُس کے نااہل سیکنڈ اِن کمانڈ (نائب کمانڈنٹ) نے سنبھال لی۔ اس کا نام شریف بے تھا اور یہ اس بات کی تاڑ میں لگا رہتا تھا کہ موقع لگے اور کمانڈنٹ بن جائے۔

مگر اس وقت سب سے زیادہ اہم بات جو زیرِ نظر تھی وہ یہ تھی کہ ایک ایسے مقام پر جہاں کھانے دانے کا اسقدر بُرا حال تھا ایک اور موسم سرما سر پر گرج رہا تھا۔ اتفاق سے ۱۹۱۶-۱۷ء کے موسم سرما میں غیر معمولی طور پر کم سردی پڑی تھی۔ عام طور پر کسٹامنی میں سردی کا یہ عالم ہوتا تھا کہ بھاری برف کے پڑنے سے یہ خطرہ پیدا ہو جاتا تھا۔ کہ کہیں وہاں آنا جانا بالکل ہی بند نہ ہو جائے۔ مقامی خوردنی اشیا کی قیمت میں آہستہ آہستہ اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ اور اس سرد خشک اور خارج از درخت علاقے میں ایندھن بڑا کمیاب تھا جولائی ۱۹۱۷ء میں بالادست انگریز افسر نے اس بات کی باقاعدہ درخواست کی کہ اسیروں کو ایسی جگہ لے جایا جائے جہاں ریل کا سٹیشن واقع ہو یا جہاں

پیش آیا کرتا تھا - اور جو کسی قسم کی خیانت نہیں کرتا تھا +
کٹامنی پر اس کی زیر تحت زندگی آرام سے بسر ہوتی
رہی۔ افسروں نے کھیلوں کی خاطر ایک کھیت کرائے پر
لے لیا اور وہ ہفتے کے ہفتے ایک یا دو ستریوں کے ساتھ
دیہاتی سیر کو جاتے رہے وہ خاص خاص دنوں کو بازار
میں اپنے لئے چیزیں خریدنے کے واسطے جاسکتے تھے - اور
جب کبھی ان کا دل چاہتا وہ "ترکی غسل" کر سکتے تھے - جو
برطانوی اسپر دوسرے کیمپوں میں سے لائے گئے اُن
میں سے اپنے اردلی مقرر کرنیکی ان افسروں کو کھلی اجازت
تھی - اور انہوں نے اس خیال سے کہ کہیں ان کے ساتھ
کسی دوسری جگہ بُرا سلوک نہ کیا جائے - ان میں سے
بہت سوں کو اردلی بنانے کے واسطے مانگ لیا +
مکان کے اندر وہ اپنے اپنے کام میں لگے رہتے تھے
اور ان میں کسی قسم کی کوئی دخل اندازی نہ کی جاتی تھی۔
گارد باہر تعینات ہوتی تھی - اور حکام اور اُن کے درمیان
کوئی کشیدگی نہیں تھی - افسروں نے ایک محفلِ رقص و
سرود جاری کی اور وہ کھلے میدان میں بھی اس کے کھیل
کرتے رہے - جنہیں دیکھ کر لوگ ان کی تعریف کرتے
تھے - تُرکوں کے مضحکہ خیز طرزِ عمل کا ۵ مشتِ نمونہ
از خروارے کے قول کے بموجب اس واقع سے اندازہ
لگایا جاسکتا ہے کہ ایک افسر کو اس لئے سزا دی گئی - کہ

کے لئے کھلا رہنے دیا جاتا تو اسی قدر یا اس سے بھی زیادہ سختی برداشت کرنی پڑتی ۔ پہلے پہل انگریز افسر یہاں جولائی ۱۹۱۶ء میں بھیجے گئے تھے اور بالآخر ان کی تعداد ۲۰۰ تک جا پہنچی ۔ ان افسروں کو شہر کے کنارے پر خالی مکانوں کی ایک قطار میں رہائش دی گئی اور جیسا کہ ہمیشہ ہوتا چلا آیا ہے ۔ افسروں کو ان مکانوں کو قابل رہائش بنانے کے لئے سارے کا سارا خرچ اپنی جیب سے ادا کرنا پڑا ۔ یہاں کے پہلے کمانڈنٹ نے جس کا کہ نام تیوفک بے تھا مناسب موقع تاڑ کر ان مکانوں کا (جو کہ سرکاری ملکیت تھے) کرایہ وصول کر لیا ۔ اور ایک مقامی رسٹورنٹ (طعام گاہ) کو افسروں کے کھانے کا ٹھیکہ دے دیا اور اس ٹھیکے میں سے رسٹورنٹ کے مالک سے خود کمیشن لینی مقرر کر دی ۔ تیوفک کی مخالفت کے باوجود بھی جو اس نے قدرتی طور پر کرنی تھی افسروں نے جلد ہی اس بات کا فیصلہ کر لیا کہ وہ اپنے لئے خوراک خود مہیا کریں گے ۔ اور انہوں نے آہستہ آہستہ اپنے مکان کے سامان کو زیادہ بہتر اور باصحت بنا لیا ۔ موسم سرما کے دوران میں ایک کرنیل قسطنطنیہ سے اس کیمپ کا معائنہ کرنے کے لئے آیا اور اسے یہ معلوم ہوا کہ تیوفک ابھی تک موجودہ نفع کا حصہ کھا رہا تھا تیوفک کو موقوف کیا گیا اور اس کی جگہ فتح بے کو مقرر کیا گیا جو کہ مہربانی سے

کرنے میں مصروف ہو گئے۔ اس ذخیرے کو خریدنے کے لئے انہیں وہ قیمت ادا کرنی پڑی جو صرف وہی لوگ خرچ کر سکتے ہیں۔ کہ جنہیں بھوک کی وجہ سے جان کے لالے پڑے ہوئے ہوں۔ چند ہفتوں کے بعد ہر چیز کی قیمت کے لگاتار بڑھتے رہنے سے اور اپنے سکے کے تباہ ہونے سے ایک لخت کم قیمتی نرخی سکوں کے ملنے سے صورت معاملات حقیقتاً بلاخیز ہو گئی۔ سال کے خاتمے پر ۳۰ پونڈ کے چیک کے بدلے اس کی اصل قیمت کے نصف سے ذرا ہی زیادہ قیمتی سکے ملتے تھے اور ہر افسر کو مسکوٹ کے خرچ کے لئے ۳۰ پونڈ کا بل ادا کرنا پڑتا تھا اور اس سے بھی بڑھکر یہ بات تھی کہ مسکوٹ کے خرچ میں ہر ممکن طریقے سے کفایت کرنے کی خاطر یہ ۳۰ پونڈ پیشگی ادا کرنے پڑتے تھے۔ اگر صرف ایک ہی چیز مثلاً روٹی کو ہی لے لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کا ٹھیکہ ۳ پونڈ روٹی کے لئے ۱۰ شلنگ کے حساب سے دیا گیا تھا۔ یہ کہا جاتا ہے کہ معمولی حالتوں میں جسقدر روپے سے گذارہ ہو سکتا تھا۔ اس وقت اس سے تقریباً دس گنا زیادہ خرچ اٹھتا تھا۔

کسٹانی میں بھی (جو اسی قسم کا ایک اور چھوٹا سا پہاڑی شہر ہے مگر جس میں موسم سرما میں برفوں کے موقع پر پہنچنا یوزگاڈ سے بھی زیادہ مشکل ہے) اگر ستمبر ۱۹۱۷ء میں افسروں کے کیمپ کو بند نہ کر دیا جاتا اور اسے ایک اور موسم سرما

بھی طریقے سے رہنا تقریباً ناممکن تھا تو شاید یہاں کی زندگی ایک ایسی اچھی زندگی ہوتی جیسی کہ ایک اسیر کے واسطے ممکن ہوسکتی ہے۔ یہاں کا کمانڈنٹ پہ اسنے خیالات کا ایک ترک تھا یعنی وہ شائستہ ایماندار اور کم گو انسان تھا۔ اور جو افسر اس کے زیر تحت رہتے تھے وہ اس کی نیک خوئی کا گرمجوشی سے اظہار کرتے تھے۔ ان افسروں پر دلجمعانہ طریق سے حکومت کی جاتی تھی۔ انہیں ورزش کرنے کے لگاتار موقع ملتے رہتے تھے۔ اور انہیں بہت سی مقامی آزادی حاصل تھی۔ افسروں کے گھروں کے سامنے ہاکی کی گراؤنڈ تھی اور یہاں موسم سرما میں برفانی جوتے پہنکر برف پر پھسلنے سے دل بہلاوا کیا جاسکتا تھا۔ تھوڑی دیر سے یہاں چند افسر شکاری کتوں کے ایک چھوٹے سے غول سے شکار کھیلنے لگ گئے تھے اور ترکی سنتریوں کو شوق دلانے کی خاطر انہیں شکار کا کچھ حصہ (یعنی کسی خرگوش یا لومڑی کی کھال) دے دیتے تھے۔ سننے میں آیا ہے کہ مکانوں کے اندر لطف اٹھانے کی غرض سے افسروں نے پچھلے بڑے دنوں سے ایک کامیاب پیٹومائم (ایک خاص قسم کا تماشا) کھول رکھا تھا۔

اگر یہاں خوراک اور جسم کو گرم رکھنے کا سوال نہ ستاتا تو مذکورہ بالا سب باتیں بڑی لطف آمیز ہوتیں پچھلے سال اکتوبر میں ہی افسر موسم سرما کے لئے خوراک کا ذخیرہ جمع

یہاں اگر انگریز افسروں نے اپنے آپ کو دوبارہ ایک ایسے دایہ گھر میں رہتے ہوئے محسوس کیا جس کی بدنظمی کی وجہ سے کبھی تو بچوں کی بلائیں لی جاتی تھیں اور کبھی ان پر خواہ مخواہ سختی روا رکھی جاتی تھی تو اس میں حیرانی کی کوئی بات نہ تھی +

شہر یوزگاڈ جس کی آبادی تقریباً بیس ہزار باشندوں کی ہے۔ ملک کے کوہستانی مرکز میں ایک چٹان دار وادی کی چوٹی پر واقع ہے اور یہاں سے وہ نزدیک سے نزدیک مقام جہاں تک ریل جاتی ہے (یعنی انگورہ) پانچ روز کا راستہ ہے۔ اس وقت یہ کیمپ سارے کیمپوں سے زیادہ تنہائی مقام پر واقع تھا۔ اور یہاں موسم سرما کی آمد پر جس میں کہ ضروریات میسر نہیں ہو سکتی تھیں اسیروں کے دلوں پر سب سے زیادہ خوف طاری ہو جاتا تھا۔ یہ کیمپ ۱۹۱۸ء کے موسم گرما میں تقریباً سو افسروں (جو سب کے سب انگریز تھے) اور اُن کے اردلیوں کے لئے جاری کیا گیا تھا۔ یہ افسر ایک دوسرے سے علیحدہ علیحدہ واقع شدہ گھروں کے مجموعے میں رہائش پذیر تھے اور یہ گھر پہاڑی کے ڈھلوان پہلو پر (جس پر کہیں کہیں اور مکان اور چنار کے درخت پائے جاتے تھے) بنے ہوئے بڑے خوبصورت دکھائی دیتے تھے۔ اگر یہاں سب قسم کی خوردنی اشیاء کی اسقدر کمیابی نہ ہوتی جس سے کہ یہاں کسی

قوت نہیں تھی کہ وہ ان ضوابط پر لگاتار عمل کرتا رہتا۔ مثلاً کبھی تو وہ یہ حکم جاری کر دیتا تھا کہ صبح ۸ بجے کی حاضری کے وقت ہر شخص نے سارے کے سارے کپڑے پہنے ہوئے ہوں کبھی یہ ہدایت ہوتی کہ رات کو ۹½ بجے سب کی سب بتیاں لازمی طور پر بجھا دی جائیں پھر یہ حکم دیا جاتا کہ کوئی بھی افسروں کے وقت اپنے بستر میں بیٹھنے نہ پائے۔ اس قسم کے قاعدوں کی چند روز تو بڑی سختی سے پیروی کرائی جاتی مگر جب ان کے نئے پن کا سواد جاتا رہتا تو اس خیال سے کہ یہ ناقابلِ عمل ہیں انہیں ترک کر دیا جاتا۔ دراصل یہ ایک تحریری واقعہ ہے۔ کہ "بتیاں بجھانے" کا قاعدہ جاری کرنے کی تھوڑی دیر بعد کمانڈنٹ خود ایک روز رات کے گیارہ بجے "نچلے کیمپ" کے اسیروں کو ملنے آیا اور اس نے ابھی تک سب کی سب بتیوں کو جلتا ہوا پایا وہ افسروں کے ساتھ گفتگو کرتا رہا اور اس نے وہاں سے ایک یونانی برانڈی کا گلاس بھی نوش کیا۔ مگر بتیوں کے جلنے کی بابت اس نے کوئی کلمہ زبان سے نہیں نکالا۔ یہ تو ترکوں کی بدنظمی کا چمکیلا پہلو ہوا۔ مگر اس سے بعد افیون پر جو پہلو زیادہ نمایاں رہا وہ دوسرا پہلو تھا۔ اور اس سے نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ اور سب کیمپوں کی نسبت یہاں زیادہ احمقانہ ظلم و ستم سے قابو رکھا جانے لگا۔

ہرج نہ ڈال سکی - اُن کے پاس کتابیں اور اندر بیٹھ کر کھیلنے والی کھیلیں موجود تھیں وہ گھنٹوں کی ایک خاص تعداد تک مطالعہ کیا کرتے تھے - اور انہوں نے ایک بارونق ناٹک بنا رکھا تھا جس میں وہ خود ایکٹ کیا کرتے تھے - کیمپ کے باہر ان پر بڑی بڑی پابندیاں عائد تھیں مگر انہیں کبھی کبھی کرکٹ کھیلنے کے موقعے مل جاتے تھے - ہفتے میں ایک دفعہ ایک کیمپ کے اسیر دوسرے کیمپ کے اسیروں کو ایک اسکارٹ (پہرہ) کی زیر نگرانی ملنے جا سکتے تھے اور ہر ہفتے انہیں دیہاتی سیر کے لئے کیمپ سے باہر جانے کی اجازت تھی ۔

بُرے سلوک کی بجائے لگاتار دل خراشی کا باعث یہ بات تھی کہ کمانڈنٹ اور اس کے ماتحت احمقانہ اور دل آزارانہ ڈسپلن (جنگی قیود) رکھوانا چاہتے تھے - ترکوں کے قدرتی طور پر کاہل وجود ہونے ان میں نظام کے نہ پائے جانے ان کی عادتوں اور رسموں کے گندہ ہونے اور ان میں غیر انسانی دروغگوئی کی کمنہ خو کے پائے جانے سے وقت کو ایسے طریقے سے ضائع کیا جاتا تھا کہ طبیعت دق آجاتی تھی اور دل بے فائدہ کڑھتا رہتا تھا - کمانڈنٹ میں وہ تمام باتیں پائی جاتی تھیں جو کہ سب کے سب ناقابل کار کنوں میں موجود ہوتی ہیں یعنی اسے دل آزارانہ ضوابط اچانک جاری کرنے کا تو بڑا شوق تھا - مگر ایسی میں یہ

ان کیمپوں میں سے ایک تھا جو ترکی میں سب سے پہلے قائم کئے گئے تھے اور ۱۹۱۸ء کے موسم بہار میں یہاں سو انگریز اور ۱۲۰ روسی مقیم تھے۔ جو جگہ یہاں انہیں رہنے کو دی گئی تھی وہ اسقدر آدمیوں کے واسطے بہت تھوڑی تھی اور اس سے بھی بڑھکر شہر کی پیداوار ان کے لئے بالکل ناکافی تھی۔

یہ اسیر شہر اور سٹیشن کے درمیان کئی خالی گھروں میں مقیم تھے۔ سٹیشن شہر سے دو میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ یہ گھر دو مجموعوں میں واقع تھے جن میں سے ایک کو "نچلا" اور دوسرے کو "اوپر والا کیمپ" کہا جاتا تھا کیمپ ان معنوں میں کیمپ نہیں تھے کہ ان کے ارد گرد کسی قسم کا کوئی احاطہ بنا ہوا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اچھے موسم میں تو یہ گھر خاصے تسلی بخش ہوتے تھے مگر یہ نہایت ہی قدیم نمونے کے تھے۔ "نچلے کیمپ" کے ان مکانوں میں جو تھوڑے بہت بننے کو باقی تھے پہلے پہل کوئی انگیٹھی وغیرہ نہیں بنی ہوئی تھی۔ اور نہ ہی کھڑکیوں میں کوئی شیشہ لگا ہوا تھا۔ ۱۹۱۷ء کے شروع میں افسروں نے خود اپنے لئے آپ زندگی کے ایسے روزانہ شغل مرتب کر لئے جن میں برکوں کی وہ ناقابلیت اور وہم آلودہ متلون مزاجی جس سے کہ طبیعت تنگ آجاتی ہے۔ اور جس سے کہ کبھی کبھی آدمی اپنے آپے سے باہر ہو جاتے تھے کوئی سنجیدہ

سے باہر نہیں جا سکتے تھے برؤسا کے متعلق بہت مکمل حالات تو معلوم نہیں ہوئے مگر اسقدر پتہ لگ چکا ہے کہ ۱۹۱۸ء کے شروع میں ایک نیا کمانڈنٹ مقرر ہوا۔ اور اس کمانڈنٹ کے متعلق افسروں کا یہ خیال تھا۔ کہ انہیں ایسا اچھا کمانڈنٹ پہلے کبھی نصیب نہیں ہوا تھا۔ ہمارا یہ خیال ہے۔ کہ اس کمانڈنٹ کے آنے کے بعد انگریزوں کو باہر اندر جانے آنے کی پہلے سے زیادہ آزادی حاصل ہوگئی تھی۔

اگرچہ وہاں سے ریل کے سیدھا دالخلافے تک جانے کے باوجود بھی اسیروں کو ۱۹۱۷-۱۸ء کے موسم سرما میں سخت صعوبتیں جھیلنی پڑیں۔ پھر بھی افسروں کے آرام کے لحاظ سے برؤسا سے دوسرے درجے پر تھا۔ اسلئے کیمپ افین کرا ہسار کا کیمپ تھا۔ افین کرا ہسار پر جو تھوڑی بہت چیزیں خریدی جا سکتی تھیں۔ ان کی قیمت کا ادا کرنا اسیروں کی طاقت سے باہر تھا اور اس بات کا اندازہ کہ وہاں عام حالات کس قسم کے تھے۔ اس واقع سے لگایا جا سکتا ہے کہ بڑے دن کے روز جب نہایت سخت سردی پڑ رہی تھی تو ایندھن کے بالکل نہ ہونے کی وجہ سے افسروں نے شام کا کھانا بستر میں کھایا کیونکہ وہی ایک ایسی جگہ تھی جہاں جسم قدرے گرم رہتا تھا۔ افین اسیروں کے

تھے۔ اور سب سے بڑھ کر ہمیشہ اودا سی کو نزدیک نہیں آنے دیتے تھے۔

بروسا ایک ایسا مقام ہے جہاں پر سب سے کم تکلیف ہوتی ہے۔ کیونکہ یہاں کی آب و ہوا میدانی ہے اور قسطنطنیہ سے یہاں آسانی سے پہنچا جا سکتا ہے۔ جو انگریز اور ہندوستانی افسر یہاں نظر بند تھے وہ تقریباً اس طرح کی زندگی بسر کرتے تھے گویا کہ وہ ایک ہوٹل میں رہتے تھے۔ فرق صرف یہی تھا کہ ان کی کبھی کبھی حاضری لی جاتی تھی۔ اور باہر آنے جانے میں انہیں چند قاعدوں کی پابندی کرنی پڑتی تھی۔ وہ دو ایسے مکانوں میں رہائش پذیر تھے۔ جو پہلے ہوٹل تھے۔ ان میں سے ایک کے آگے سیڑھی دار باغ تھا۔ جو ڈھلوان ہوتا ہوا شہر کے بازار سے جا لگتا تھا۔ اس احاطے میں کچھ کمین اور غلیظ لوگ بستے تھے۔ مگر یہاں سے آگے جا کر میدان ہیں کئی قسم کے ورزش کے موقع موجود تھے۔ ہندوستانی افسر عہدیدار اور سپاہی (بروسا پر عہدے داروں اور سپاہیوں کا ایک چھوٹا سا کیمپ ایک یونانی سکول میں یا تو پہلے واقع تھا یا اسوقت تک بھی موجود ہے) جب چاہتے تھے آزادانہ طور پر باہر اندر آجا سکتے تھے۔ مگر انگریز جب باہر جاتے تھے۔ تو لازمی طور پر ان کے ساتھ ایک ترکی سپاہی ہوتا تھا۔ پہلے پہل شہر سے باہر اسیر سیر کے واسطے ایک خاص احاطے

رہائشی مکان کے سوائے انہیں تقریباً جو بھی چیز درکار ہوتی اس کے لئے انہیں روپیہ خرچ کرنا پڑتا۔ اور بعض وقت تو انہیں مکان بھی بغیر روپے کے میسّر نہ ہوتا۔ خوراک اور ایندھن جس بھاؤ تین سال پیشتر فروخت ہوتے تھے اب اس سے آٹھ اور دس گنا مہنگا بکتے ہیں۔ ساتھ ہی اس کے ۱۹۱۷ء کے اخیر سے سکوں کا اصلی نرخ پر تبادلہ کرنے سے انکار کیا جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اسیروں کو اس وقت ایک پونڈ کے بدلے اس کی اصل قیمت کے ۲/۳ سے کم قیمتی موجودہ ترکی سکے ملتے ہیں۔ کم از کم افسروں کے کیمپ میں تو زندگی قائم رکھنے کے وسائل حاصل کرنے کے واسطے اسیر ہمیشہ اسی قدر فکر میں غلطاں و پیچاں رہتے ہیں۔ اور انہیں اس قدر دباؤ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ کہ محض کیمپ کے بالادست ترکوں کے رویّے کا سوال اس کے آگے تقریباً کچھ بھی وقعت نہیں رکھتا۔ مختلف کیمپوں کے صورتِ معاملات کی تفصیلی باتوں میں فرق پایا جاتا ہے۔ مگر عام طور پر سب کی بابت یہ کہا جا سکتا ہے کہ سب کیمپوں میں حصولِ خوراک وغیرہ کے لئے ایک جیسی کشمکش کرنی پڑتی ہے۔ مگر انگریز افسر اس میں اس لئے پورے اترتے رہے ہیں۔ کہ وہ مستقل مزاجی سے اور بنیوں کی طرح دور اندیشی سے کام لیتے تھے عجیب و غریب نئی نئی حکمتیں عمل میں لاتے

بہتی ہیں اور وادیاں اور پرانے زمانے کے قلعے پائے جاتے ہیں موسم کی سختی سے بچنے کے واسطے صرف وہی اسباب موجود ہیں اور بوقت امن بھی وہی رہتے ہیں جو کہ نہایت ہی قدیم زمانے میں پائے جاتے تھے جنگ کے موقع پر ایسے حالات میں رہنے سے جو مشکلات پیش آتی ہیں وہ طاقت تصور سے باہر ہیں ان تکلیفات کی وجہ کچھ تو ضروریات کی عام کمیابی ہے۔ اور زیادہ تر ترکوں کی ناقابلیت اور بدنظمی نے انہیں سخت تر بنا رکھا ہے ہر موسم سرما کے آنے پر افسروں کو اس خطرے کا سامنا ہوتا رہا ہے کہ قحط پڑ جائیگا اور وہ نادار ہو جائیں گے ساتھ ہی انہیں یہ بھی اچھی طرح سے پتہ ہے کہ موسم سرما میں سے بچ نکلنے کے واسطے انہیں کامل طور سے صرف اپنی ہی مساعی کو مشعل کا سہارا لینا پڑے گا +

ان افسروں کے متعلق لکھتے ہوئے یہ لازمی ہے کہ ایسا خیال نزدیک تک نہ پھٹکنے پائے کہ اسیروں کی خبر گیری اسیر کنندوں کا کام ہے۔ ترکی میں جو خبر گیری کی گئی وہ صرف یہی تھی کہ انگریز افسر ایسی جگہوں پر بھیجے گئے جہاں کم از کم شکم سیری تو بہت مشکل امر تھا۔ ان کے اوپر مختلف قسم کی پابندیاں عائد کی گئیں اور وہ کئی طرح سے گھاٹے میں رہے۔ ساتھ ہی اپنے پیٹ کو اچھی طرح سے پالنے کا کام انہی کے اپنے سر پر چھوڑ دیا گیا

فصل چہارم

دولتِ عثمانیہ نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ جو انگریز افسران کے پاس اسیر شدہ ہیں۔ اُن کی آسائش کے زبردست خیال سے انہوں نے اُن کی نظر بندی کے لئے ایشیائے کوچک میں سب سے اعلےٰ مقامات انتخاب کئے ہیں۔ اور اگر کوئی اسیر جنگ بوقتِ امن موسمِ گرما میں سیاحی کا کام کرتا رہا ہے۔ تو اس کے لئے یہ ایک قابل تعریف عطیہ ہے یوزگاڈ۔ کستامنی۔ افین کراہسار۔ گیڈیز خوبصورت اور لطف آمیز مقام ہیں۔ وسطی اناطولیہ کا پہاڑی نظارہ بڑا دلپذیر ہے اور موسمِ گرما میں یہاں کی آب وہوا نہایت خوشگوار ہؤا کرتی ہے۔ بدقسمتی سے یہ دلکش منظر موسم سرما بھر میں بھاری برف سے ڈھانپا رہتا ہے۔ اور یہاں سردی شدت سے پڑتی ہے۔ مذکورہ بالا مقامات سمندر کی سطح سے ۳۰۰۰ سے لیکر ۴۰۰۰ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہیں۔ اور ان کا بیرونی دنیا سے سلسلہ قائم رکھنا بالکل مشکل اور تقریباً ناممکن ہے (صرف افین ہی ریل کی سڑک پر واقع ہے) اِن پُرجمال شہروں میں جن میں کہ ندیاں

روکنے کے واسطے وہ کام دیتی تھی جو کہ کسی بھی قسم کی مسلح گارد کی طاقت سے باہر تھا۔ جوان اپنی مرضی کے مطابق اردگرد کے علاقے میں جہاں چاہتے پھر سکتے تھے۔ مگر وہ اس امر سے اچھی طرح سے باخبر تھے۔ کہ اگر وہ کیمپ سے دور جائینگے۔ تو عربی انہیں قتل کر ڈالینگے۔ انہیں تھوڑے تھوڑے مسور اور مکی دی جاتی تھی۔ جسے وہ خود پکاتے تھے۔ اور نزدیک کے دریا پر کپڑے دھو لیا کرتے تھے۔ اور اگرچہ انہیں چابک سے ہانک کر اپنے کام پر لے جانا بعید از ممکنات نہیں تھا پھر بھی ان سے متفرق اقسام کے کام لئے جاتے تھے۔ اور خاص خاص آدمیوں کو خاص خاص کاموں کے کرنے کی کوئی ممانعت یا بندی نہیں تھی۔

اسیروں کے سب سے زیادہ مجموعہ کے مشرقی جانب کو آنے کے بعد بڑی بڑی اہم تبدیلیاں کی گئیں جو ظاہراً سب کی سب اسیروں کی بھلائی کے لئے تھیں۔ یہاں تک کہ مئی ۱۹۱۷ء میں یہ سننے میں آیا کہ سلطین پر ایک نیا عمدہ ہسپتال تعمیر کیا جا رہا ہے۔ اور کہ پہلے کیمپ کے ساتھ ساتھ اُسی کی سیدھ میں اور کیمپ لگائے گئے ہیں ان کیمپوں میں سے بڑا کیمپ نصیبا کا کیمپ تھا۔

جہاں کہیں جرمن ہوں گے وہاں ہی نظام خوراک رسانی کے سب سے اچھا ہونے کا امکان ہوگا۔

رسعلین میں شروع شروع میں جب کہ یہاں صرف ہندوستانی ہی ہندوستانی مقیم تھے جو حال رہا اس کی بابت ہمیں دو یا تین نظاروں سے زیادہ معلوم نہیں ہوسکا۔ یہاں ایک چھوٹے سے عربی قصبے کے نزدیک سیاہ اونٹ کے بالوں کے چھوٹے چھوٹے چھت کے خیمے بیسیوں کی تعداد میں کھلے سنسان جنگل میں نصب کئے ہوئے تھے اور جب تک کہ اینپو سے (نومبر ۱۹۱۶ء میں) پہلے پہل قیاضانہ امداد نہ پہنچی تب تک ۱۳۰۰ ہندوستانی اسیروں نے چند بڑے ہی ہیبتناک مہینے بسر کئے۔ اس عرصے میں بیماری نے غضب برپا کر رکھا تھا اور اسیروں کو کم خوراک دیکر ان سے زیادہ کام لیا جاتا تھا۔ خوش قسمتی سے ہندوستانی محکمہ ڈاکٹری کا ایک افسر شروع سے ہی وہاں مقیم تھا مگر ادویات اور مناسب خوراک کی کمی کے باعث زیادہ موتیں واقع ہونی لازمی تھیں۔ سال کے اخیر میں اس بڑی جماعت میں تقریباً ۱۵۰ انگریز اسیروں کا ایک گروہ موجود تھا۔ ڈسپلن (قیود وضوابط) یہاں غیر معین تھی اگرچہ وہ کبھی کبھی سخت ہوا کرتی تھی۔ چند ترکی سپاہیوں کا یہ کام تصور کیا جاتا تھا کہ وہ کیمپ کی نگاہ رکھیں مگر اس کی (کیمپ کی) تنہائی اسیروں کو بھاگ نکلنے سے

سے اسیروں کی عام تقسیم کیا رہی ہے۔ مگر اس میں شک نہیں کہ اسیر مغرب کی طرف واپس آ رہے ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ موسم سرما سے پہلے ہی یہ دیکھنے میں آیا تھا۔ کہ انگورا میں زیادہ ہی زیادہ انگریز اسیر جمع کئے جا رہے تھے۔ اس بات کی ضرور ہی اُمید ہے (اگرچہ اس پر زیادہ بھروسہ نہیں کیا جا سکتا) کہ اب وہ دوبارہ ترکوں کے غفلت آمیز نظام کے پنجے میں آنے کے نہیں کیونکہ اگر وہ آ گئے تو اُنہیں سخت سے سخت صعوبتیں جھیلنی پڑیں گی۔ اور ان سے بدسلوکی ہونے کا نہایت سنجیدہ خطرہ ہوگا مگر پیشتر اس کے کہ ہماری اُمید بر آئے یا ہمارا اندیشہ صحیح ثابت ہو ہمارے لئے مزید شہادت کا انتظار کرنا لازمی ہوگا۔

جو موصل کے نصف راستے پر واقع تھا۔ یہاں جون یا جولائی تک ریل پہنچ چکی تھی۔ درمیانی کیمپ ڈیر بسیج۔ ٹیبل حلیف اور اور مقاموں پر لگائے گئے تھے اور رڈ اکثر ہی لحاظ سے مختلف قلعے انگریز ڈاکٹروں کے سپرد کر دئے گئے تھے۔ اسیروں کی ان بستیوں کے متعلق کچھ زیادہ معلوم نہیں مگر یہ صاف ظاہر ہے کہ ان میں اور اس کیمپ میں جو گذشتہ سال سلطنین پر سرسری طور پر کھڑا کیا گیا تھا بڑا فرق تھا۔ ڈیر بسیج پر چند جرمن افسروں نے ایک سو بجر زہوم (یعنی سپاہیوں کے کھانے پینے اور تفریح وغیرہ کی جگہ) کھولا ہوا تھا اور اسیروں کو یہاں کھانا کھانے کی اجازت تھی۔ اور اور مقاموں پر معلوم ہوتا ہے کہ کام کرانے والے یورپینوں اور ہمارے جوانوں کے درمیان معقول سمجھوتا تھا۔ موسم گرما میں گرمی بہت دیر تک رہی اور اس میں بڑی تکلیف ہوئی مگر یہاں بھی ہمارے اسیر جو زندگی گذارتے رہے وہ اسیروں کی زندگی کی بجائے معمولی مزدوروں کی زندگی سے زیادہ مشابہ تھی۔ ۱۹۱۷-۱۸ء کے موسم سرما میں یقین کیا جاتا تھا کہ اس طبقے میں تقریباً ۶۵۰ انگریز اور ۵۳۹۰ ہندوستانی اسیر کام کر رہے ہیں۔

ابھی تک یہ بتانا ممکن نہیں ہے کہ اس وقت

اور ادویات بھی تقسیم کی جاتی تھیں اور ان چیزوں کو منزلِ مقصود تک پہنچانے میں لگاتار تکلیفیں پیش آتی رہیں۔ اور اُن کے چوری جانے کا ہمیشہ اندیشہ لگا رہتا رہا لیکن ان تکلیفوں اور اندیشوں سے ہر دفعہ بچنے کے واسطے تدبیریں عمل میں لائی جاتی رہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑوں میں جو کام کیا جاتا تھا وہ ۱۹۱۷ء کے موسم گرما کے شروع تک ختم ہوگیا۔ اور بہت سے اسپر موصل تک اُس ریل کی سڑک کو مکمل کرنے کے واسطے مشرق کی جانب بھیجنے شروع کئے گئے جو ابھی تک نامکمل پڑی تھی۔ لُورس اور آمنوس کے علاقوں میں صرف وہی آدمی رکھے گئے جن کی کہ ریل کے متعلقہ سامان کے انتظام کے واسطے ضرورت تھی اور شائد چند ایسے شخص بھی اُکالئے گئے جو نقشہ نویسی اور مستریوں کے خاص ہنرمندی کے کاموں پر لگے ہوئے تھے۔ جب مزدوروں کی بڑی بڑی کمپنیاں یہاں سے روانہ ہوگئیں تو باقی بچے جوان تُرکی ہاتھوں سے بالکل ہی نکل گئے جس کے لئے وہ سب کے سب شکریہ بجالائے ان کی غالباً ایسی ہی اچھی حالت رہی جیسی کہ خوراک کی ہمیشہ کی مشکل کے ہوتے وقت ممکن ہوسکتی ہے۔ مگر خوراک کے لحاظ سے بھی یہ فائدہ میں رہے کیونکہ انہیں مغربی طرائق و قواعد سے واسطہ رہا اور ساتھ ہی انہیں یہ بھی یقین تھا کہ ترکی میں

بھی ذمہ دار رہے۔ مگر اس نے ان میں سے کوئی بھی چیز کافی مقدار میں مہیا نہیں کی۔ پہاڑوں کی اسقدر بلندی پر راتیں موسمِ گرما میں بھی کبھی کبھی بڑی سرد ہوا کرتی تھیں مگر بستر کے لئے جو کپڑے عطا کئے گئے تھے وہ نہایت ہی ناکافی تھے۔ مرسینہ اور ایلپو پر مقیم شدہ امریکی کونسل جو انوں کا خیال رکھتے رہے اور بوقت ضرورت بار بار ان کی ضروریات بہم پہنچاتے رہے۔ ایلپو پر مقیم شدہ کونسل نے (جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے) مشرق کی طرف صحرائی کیمپوں کو رسلعین اور اس سے پرے تک خاص طور پر اپنے سپرد رکھا۔ جو روپیہ ان کانسلوں کے اختیار پر چھوڑا گیا اسے انہوں نے مختلف قسم کی چیزیں خریدنے میں صرف کیا مگر مشکل تو یہ تھی کہ وہاں خریدنے کیواسطے اشیا ہی موجود نہ تھیں۔ دانائی اور دلیری کی روپیہ سے بھی زیادہ ضرورت تھی اور یہ دونوں خوبیاں ان میں موجود تھیں مثلاً ایلپو پر (۱۹۱۶-۱۷ء کے موسم سرما میں) جب رسلعین میں مقیم شدہ کئی سینکڑے ہندوستانی اسیروں کو کپڑے بھیجنے کا سوال پیش آیا تو کانسل کو پہلے کاتنے اور پھر بُننے کا سامان مہیا کرنا تھا۔ اور اس سے بڑھکر بات یہ تھی کہ یہ سارا کام بڑی تمیز سے مخفی رکھا جانا تھا۔ کیونکہ اس قسم کے سامان کو حکام سرکاری کام کے واسطے حکماً حاصل کر لیتے تھے۔ صرف کپڑے ہی نہیں بلکہ خوراک

اور کیمپ یارلیشی - آئرن اور شہر ڈیریں واقع تھے۔
یہ سارے کے سارے مقام ایک ہی قسم کے تھے۔
یعنی نہ تو یہ اسیروں کے کیمپ تھے نہ تاردار احاطے
بلکہ کام کرنے کی مختلف جگہوں پر تنبو۔ لکڑی کی
جھونپڑیاں اور گارے کے جھونپڑے تعمیر کئے ہوئے
تھے۔ ان رہائشی جگہوں میں سے چند میں تو اسیر رہتے
تھے (جو کہ انگریزوں کی نسبت بہت زیادہ تعداد
میں ہندوستانی اور روسی تھے) اور باقیوں میں ترکی
اور یہودی مزدوروں کے گروہ کے گروہ مقیم تھے۔
سب کے سب یکساں طور پر ایک ہی شخص کے زیر تحت
کام کیا کرتے تھے۔ جو عموماً ایک غیر فوجی جرمن یا
آسٹروی چیف انجینیر ہوا کرتا تھا۔ یہاں صرف چند
ترکی سنتری تعینات تھے۔ جن کا کام اسیروں کی نگہبانی
کرنا خیال کیا جاتا تھا۔ مگر حقیقتاً اس کام کے واسطے
کوئی فوجی نظام موجود نہیں تھا۔ اور یہاں غالباً مارنے
کی سزا بہت تھوڑی دی جاتی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ
عام طور پر جوانوں کی طرف انجنیروں کا رویہ اچھا
رہا ہے۔ مگر بعض انجنیر تو خاص طور پر اُن سے اچھی
طرح پیش آتے رہے ہیں۔

ریلوے تعمیر کرنے والی کمپنی اسیروں کو خوراک
اور کپڑے بہم پہنچانے کی ذمہ وار تھی۔ اور اس وقت

مگر خوراک اور دوائیوں کو حاصل کرنا ہر جگہ ایک جیسا ہی دشوار تھا۔ لیکن انگریز ڈاکٹروں کو مختلف مقاموں کے کیمپوں میں مامور کرنے پر جو بڑا فائدہ جوانوں کو نصیب ہوا اس کے متعلق پیشتر ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔

ٹورس کے شمال کی طرف کام کرنے والے اسیروں کی ذیل کی نصف درجن بستیاں واقع تھیں :۔ بائلمیڈک بوزانٹی ۔ کوچ دجولر ۔ ٹاپچ ڈرماز ۔ بڑجی کری اور گیلے بیک ۔ بائلمیڈک بڑے بلند پہاڑوں کے نیچے ایک گہری وادی میں واقع تھا۔ اس لئے ملیریا کے لحاظ سے تو یہ ایک بڑی خراب جگہ تھی۔ مگر اور طرح سے یہاں کافی خوشگوار تفریح طبع چیزیں موجود تھیں ۔ اتوار کے روز جوان دریا پر جا کر پک نک (جنگل کی دعوت) کرتے تھے اور وہاں کرکٹ کھیلا اور نہایا کرتے تھے ۔ اگر گرانی اسقدر سخت نہ ہوتی تو جوانوں کو جو تنخواہ (یعنی بیس پیاسٹر یومیہ) ملا کرتی تھی اُسے اچھی تنخواہ کہا جا سکتا تھا ۔ کوچ دجولر جو ایک پہاڑ کی چوٹی پر واقع تھا زیادہ صحت بخش مقام تھا ۔ ٹوروس کی جنوب کی طرف بوڈجک ڈورک اور ادانا واقع تھے ۔ ڈورک میں ایک اعلےٰ ہسپتال تھا ۔ جس میں کہ جرمن عملہ کام کیا کرتا تھا ۔ آمنوس میں بڑے بڑے کیمپ بکٹچے اور انٹیلی ایک بڑے ٹنل کے دونو کناروں پر واقع تھے اور باقی

میں تقسیم کر دیا گیا۔ یہاں پر جو بڑی بڑی سختیاں برداشت
کرنی پڑیں اُن کی دو وجہیں تھیں ایک تو آب وہوا
جو گرمیوں میں سخت گرم اور سردیوں میں سخت سرد
ہوتی تھی۔ اور دوسرے نہایت ہی سخت زہریلی قسم
کا ملیریا (موسمی بخار) جو کہ اس علاقے کے چند حصوں میں
ہمیشہ موجود رہتا تھا۔ یہاں جب تک صحت قائم رہتی
تھی تب تک زندگی گذارنی چنداں مشکل نہ تھی کیونکہ
سخت کام کے بعد بہت سی آزادی نصیب ہوتی تھی۔
یہاں کی زندگی ایک ایسی زندگی نہیں تھی۔ جیسی کہ ایک
زیر نگرانی اسیر کی ہوتی ہے۔ اور جس پر کہ پابندیاں
عائد ہوتی ہیں۔ بلکہ یہ ایک ایسے مزدور کی سی زندگی
تھی جسے کہ کم خوراک پر ملازم رکھا گیا ہو۔ بدقسمتی
سے اسیروں کی صحت بڑی نازک تھی۔ اور بہت سے
اسیر جو ملیریے ہیضے اور پیچش میں مبتلا ہوئے سخت
بُری حالت میں تھے۔ چارپائی چھوڑ دینے والے بیماروں
کا ایک کیمپ بور (یا بورا) پر قائم کیا گیا تھا۔ یہ مقام
شہر نگڈے سے دس میل کے فاصلے پر ٹورس کی
شمالی طرف واقع ہے۔ مگر یہاں خوراک بہت کم بہم
پہنچائی جاتی تھی اور موتیں بڑی کثرت سے واقع ہوا
کرتی تھیں نگڈے میں ایک ہسپتال موجود تھا۔ جس کے
متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ صاف اور آرام دہ تھا

مقام پر نصب کئے گئے تھے۔ جو شہر سے تقریباً ۲۰ میل دور واقع تھا۔ کام کی ترقی کے ساتھ ساتھ پیش بھی آگے ہی آگے لے جائی جاتی رہی اور تھوڑے ہی عرصہ کے بعد یہ سننے میں آنے لگا کہ ترکی افسر مہربانہ سلوک کرنے لگ گئے ہیں۔ سال کے خاتمے تک اس علاقے میں کافی زیادہ انگریز اسیر جمع ہو گئے اور اگرچہ ان کے پاس کپڑے کم تھے اور انہوں نے جاڑے کے موسم کی سردی کے ہاتھوں تکلیف اٹھائی (کیونکہ دسمبر میں برف بہت پڑ چکی تھی) پھر بھی عام طور پر ان کے ساتھ شفقت آمیز سلوک کیا جاتا رہا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے جوانوں کی طاقتِ برداشت اور اپنے آپ کو مشکل حالات کے بموجب سانچے میں ڈھال لینے کی قوت نے ترکوں کے دلوں پر بڑا اثر کیا۔

جب تک ۱۹۱۷ء کے موسمِ گرما میں ریل کی سڑک کے غیر تعمیر شدہ ٹکڑے مکمل نہ ہو سکے تب تک انگریز اسیر زیادہ تر ٹورس اور آمنوس کے بے شمار ورکنگ کیمپوں میں کام کرتے رہے۔ یہاں بڑی سخت چٹانوں میں سے کئی لمبی سرنگیں کھودی جانی تھیں اور بہت سے دریاؤں پر پل باندھنے تھے۔ جوانوں کو جہاں جہاں اُن کے کام کی ضرورت ہوئی وہاں وہاں خیموں یا جھونپڑیوں میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں

دیہاتی علاقوں میں سیر کو جاتے ہیں۔ کچھ عرصہ گذرا کہ انہوں نے ۵ پونڈ ماہوار پر ایک پیانو کرائے پر لیا اور وہ گانے اور ناچنے کی محفلیں کرتے رہے۔ اس سے بھی بہتر بات یہ ہوئی کہ افسروں اور جوانوں کے درمیان سلسلہ راہ و ربط کی جو ممانعت تھی وہ دور کر دی گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اب بیمار سپاہیوں کا مناسب علاج کیا جاتا ہے +

ایک دوسرا کیمپ جو شروع شروع میں خراب حالت میں تھا۔ انگورا کا کیمپ تھا۔ ۱۹۱۷ء کے موسم بہار میں (اس وقت تک اسے زیر استعمال ہوتے ہوئے ڈیڑھ سال کا عرصہ گذر چکا تھا) یہاں ۵۷ سپاہی ایک ایسے مکان کے دو کمروں میں رہائش پذیر تھے۔ جو صحت کے لحاظ سے بڑا خراب تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ٹائی فس (تپ محرقہ) نمودار ہو گیا۔ یہ کیمپ ایک جوان خصلت حولدار میجر کے سپرد تھا۔ اور یہاں چابک کا استعمال بڑے زوروں پر تھا۔ مگر جب سے انگورا اُن ورکنگ گروپوں (یعنی اسیروں کے وہ گروہ جن سے مشقت کرائی جاتی ہے) کا مرکز ہو گیا ہے جو کہ یوزگاڈ کی طرف چھوٹی لائن جوڑنے کے کام پر مامور ہیں تب سے حالات بہتر ہو گئے ہیں۔ یہاں مئی ۱۹۱۷ء تک اسیروں کی بڑی بستی خیموں میں مقیم ہو گئی تھی۔ یہ خیمے ایک باصحت

وقوع میں آیا کرتی تھیں اور مُردوں کو اُن کے ہمراہی شہر کے عیسائی قبرستان میں دفنا آتے تھے۔ مگر اس سارے دوران میں افسروں کی ایک جماعت نزدیک ہی مقید تھی جن میں سے کہ دو ڈاکٹر تھے۔ تاہم ۱۹۱۶ء اور اس سے بھی بعد کے کڑے وقت تک افسروں اور جوانوں کے درمیان کسی قسم کا کوئی سلسلۂ راہ و ربط رکھنے کی اجازت دینے سے صاف صاف انکار کر دیا جاتا تھا اور اس کی خلاف ورزی کے واسطے بھاری سزا مقرر تھی۔ انگریز ڈاکٹروں کو یہ جانتے ہوئے بھی کہ اُن سے چند گز کے فاصلے پر جوان محض مناسب خبر گیری کے نہ ہونے سے تقریباً روزانہ مر رہے ہیں بیکا۔ بیٹھا رہنا پڑتا تھا +

خوش قسمتی سے اس افسر کے چلے جانے کے بعد ساری کی ساری حالتوں میں تبدیلی واقع ہو گئی اور انین ایک اچھا کیمپ بن گیا۔ وہاں کے جوانوں کو (جو اپریل میں تقریباً ۲۰۰ کی تعداد میں تھے) اس وقت بڑی آزادی حاصل ہے اور ان کے پاس کام اور دل بہلانے کے سامان کی کمی نہیں۔ وہ کیمپ میں کھانا پکانے کپڑے دھونے اور مرمت کرنے اور اور کاموں میں مشغول رہتے ہیں۔ وہ خاص خاص دنوں کو فٹ بال اور کرکٹ کھیلتے ہیں۔ اور کبھی کبھی

وہاں سے ہٹا لیا مگر اس شخص کو کوت سے آمدہ بدقسمت اسیروں کی مصیبت میں ایزادی کرنے کا موقع مل گیا۔ یہ بدقسمت اسیر جس حال میں اعفین پہنچے اس کا نقشہ ابھی تک صاف صاف اُن اسیروں کی آنکھوں کے سامنے موجود ہے جو کہ وہاں پہلے سے موجود تھے۔ اول الذکر میں سے چند ننگے تھے۔ بہت سے مارے تھکاوٹ کے گھبرائے ہوئے تھے۔ اور زیادہ تر پیچش کے مارے تھوں تنگ تھے جو اسیر یہاں پہلے موجود تھے وہ پس ماندگان کے اس گروہ کے ساتھ گہری ہمدردی سے پیش آئے اور انہوں نے جہاں تک ان سے ہو سکا ان کی حالت کو بہتر بنانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا اگرچہ خود اُن کے پاس جو ذرائع موجود تھے۔ وہ بہت تھوڑے تھے۔ بہت سے جوان تو اب ایسی حالت کو پہنچ چکے تھے۔ کہ اُن کا کچھ بن ہی نہیں سکتا تھا۔ بیمار جوانوں کو کیمپ کے ہسپتال میں رکھا گیا۔ مگر یہ ہسپتال صرف نام ہی نام کا ہسپتال تھا۔ کیونکہ اگرچہ ایک ترکی ڈاکٹر معہ چند اجڈ ترکی اردلیوں کے اس میں علاج معالجے کے واسطے موجود تھا پھر بھی دوائیاں یہاں مفقود تھیں اور جو مریض اس قدر بیمار ہوتے تھے۔ کہ اپنی خبر گیری خود نہیں کر سکتے تھے۔ اُن کے لئے تندرست ہونے کا بہت کم گمان تھا۔ اموات کثرت سے

ترکی ملاحوں (معلوم تو یہی ہوتا تھا کہ وہ پہلے ملاح رہ چکے تھے) کے ہاتھوں جن کے کہ وہ سپرد تھے۔ سخت تکلیف پہنچا کرتی تھی۔ اور سب کے سب خواہ وہ کام پر ہوتے تھے۔ یا اپنے دل آزار رہائش گاہ میں اپنے اوپر ان عائد شدہ وحشیانہ قیود کی پابندی کرنے میں سخت تکلیف محسوس کرتے تھے جو بہت سے مہینوں تک ان کے سر پر سوار رہیں +

انہیں میں اسیروں کی جو کوڑہ رزنی کی گئی اُسے سُن کر کراہت پیدا ہوتی ہے۔ جب تک یہ مقام ایک خاص ترکی بحری افسر کے زیر تحت رہا تب تک نہایت معمولی سے معمولی جرم کے بدلے بھی ہمیشہ کوڑا زدنی کی ہی سزا ملتی رہی۔ یہ شخص صرف گائے کے چمڑے کے چابک سے ہی حکومت کرنا سیکھا ہُوا تھا۔ اور مجرم کے پیش ہونے پر اس کے سوائے اور کوئی حکم نہیں دیا کرتا تھا۔ کہ اس کی پیٹھ ننگی کر کے اسے اسقدر کوڑے لگائے جائیں اس قسم کے احکام دینے کے بہت سے موقعوں کی تفصیل حالات ہمارے علم میں آ چکی ہے۔ اور آئندہ مناسب موقع آنے پر اس شخص کے خلاف بطور شہادت استعمال کی جائے گی۔ یہ شخص اپنے رویے کی وجہ سے بدنام ہو گیا اور دولت عثمانیہ نے مجبور ہو کر اسے ۱۹۱۷ء کے ابتدا میں

کے مرکزی میدان کی شمالی طرف کو واقع ہے یہ ایک پہاڑی کے اوپر سے دکھائی دیتا ہے اور اس پہاڑی پر ایک قلعہ تعمیر کیا ہوا ہے۔ درد انیال پر جو اسیر گرفتار کئے گئے تھے۔ ان میں سے چند ۱۹۱۶ء کے شروع میں یہاں رکھے گئے۔ ستمبر میں کوت کے گیریزن کے بہت سے اسیران میں آکر مل گئے اور سال کے اختتام پر یہاں قریباً ۴۰۰ انگریز سپاہی کوئی ۲۰۰ ہندوستانی اور چند فرانسیسی اور روسی اکٹھے ہو گئے۔ بعد ازاں اس تعداد میں کمی واقع ہو گئی کیونکہ جوانوں کی ٹولیاں بنا بنا کر ورکنگ کیمپوں میں بھیج دی گئیں۔ افسر پر ہندوستانیوں کو ایک مسلمانی سکول میں رکھا گیا اور انہیں سڑکیں بنانے کے کام پر لگا دیا گیا۔ انگریز اسیروں کو ایک پرانے آرمینین گرجہ گھر اور اس کے متعلقہ دکانوں میں رہنے کو جگہ دی گئی۔ یہ رہائشی مکان غلیظ اور سرد تھے۔ اور اسیروں نے جہاں تک اُن کی طاقت میں تھا انہیں قابل رہائش بنانے کی کوشش کی۔ یہاں کا بڑا واقعہ یہ تھا کہ دو جوان ایک اسکارٹ (پہرہ) کی زیر نگرانی شہر میں اشیائے خوردنی خریدنے کو بھیجے جاتے تھے۔ اور جو اسیر سڑکیں بنانے کے قابل ہوتے تھے۔ انہیں سڑکوں پر کام کرنے کے واسطے بھیجا جاتا تھا۔ آخر الذکر کو

سایٹا اور سان سٹیفانو یہ مقام دار الخلافہ کے گرد و نواح میں واقع ہیں) اور آوا بازار (باسفورس کی ایشیائی سطح) پر مکان وغیرہ تعمیر کرنے۔ سڑکیں بنانے۔ لکڑی کاٹنے اور اسی قسم کے اور کاموں پر لگائے گئے تھے۔ ان کی محنت کا کچھ بھی عوضانہ نہیں دیا جاتا رہا۔ یہاں خوراک کمیاب ہے گو فی کمال وریجے کی ہے اور یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ جو راشن یہاں دیا جاتا ہے وہ قطعی نا کافی ہے۔ اتفاق سے جس کسی کے سپرد کوئی گروپ ہوتا رہا ہے۔ بہت کچھ اسی شخص پر منحصر رہا ہے۔ مثلاً ۱۹۱۷ء کے موسم سرما میں آوا بازار میں حالات بڑے دگرگوں تھے۔ مگر اسی سال کے موسم خزاں میں ایک نئے اور پدرانہ محبت رکھنے والے کمانڈنٹ نے ان حالات کو بالکل پلٹا دے دیا۔ اس کمانڈنٹ نے جوانوں کا دل جیتنا چاہا اور وہ اپنے ارادے میں کامیاب ہوا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہ کیمپ اب ٹوٹ چکا ہے۔ اسمید۔ ایسکی حصار۔ ویریجا اور اور مقاموں پر چند اسیر یا تو اس وقت تک کارخانوں میں کام کر رہے ہیں یا پہلے کیا کرتے تھے +

افیون کراہسار میں جنگ کے شروع سے لے کر اب یوں کو نظر بند کیا جاتا رہا ہے۔ یہ مقام ریلوے اعظم پر ایک بڑا اہم جنکشن ہے اور ایشیائی کوچک

تھا۔ اور جو ریلوے تعمیر کرنے والی (جرمن) کمپنی کی زیر نگرانی درجہ بدرجہ کمپوں میں رائج ہوتا چلا گیا۔ ریلوے لائن بنانے کا کام بلاشک وشبہ سخت ہے مگر ترکی میں اسیر ہو کر اگر کسی ایسے سلسلے کی زیر تحت کام کیا جائے۔ جو کہ کاروباری سلسلے کے مشابہ ہو تو خواہ وہ سلسلہ سختی سے بھی کام کیوں نہ لے پھر بھی اسیر بہ نسبت اس کے زیادہ آرام میں رہتے ہیں کہ وہ ترکوں کی قطعی لاپرواہی کا شکار ہوں کیونکہ ترکوں کا طریقہ زمانش کھان پان اور ڈاکٹری صدیوں کا باسی ہے۔ اسیروں کی حالت کو بہتر بنانے کا سب سے اعلےٰ جزو انگریز ڈاکٹروں کی موجودگی تھی جو کہ تقریباً ایک درجن بڑے بڑے ورکنگ کیمپوں میں کام کرتے ہے اور جنہوں نے بہت سی مشکلات اور بڑی دل شکنی کے باوجود بھی جو انون کی بہتری کے لئے بیش بہا کام کر دکھایا۔ قسطنطنیہ کے قریب و جوار میں کام کرنے والے جوانوں نے حکم فوج کی زیر ہدایت کام کرنے کی بجائے میونسپل اور غیر سرکاری لوگوں کے ماتحت کام کرنے کی وجہ سے تکلیف اٹھائی کسی نہ کسی سبب سے جس کی کہ تفسیر نہیں کی گئی ترکوں میں یہ قاعدہ رہا ہے کہ صرف انہی لوگوں کو تنخواہ دی جائے جو کہ سرکاری کام کرتے ہوں۔ اس لئے اسیروں کے ان چھوٹے چھوٹے گروہوں کو جو

وہ لائٹ ریلوے (چھوٹی لائن) تعمیر کرنے پر لگے رہے (اور اس وقت بھی لگے ہوئے ہیں)۔ جو کہ انگورہ سے ارض روم تک بنائی جا رہی ہے۔ اور باقی قسطنطنیہ کے گرداگرد کئی مقاموں پر مختلف قسموں کے کام کرتے رہے۔

ان میں سے ہر ایک گروپ کا کچھ کچھ حال بیان کیا جا سکتا ہے کیونکہ اگرچہ ہمارے پاس جو شہادت موجود ہے۔ وہ لازمی طور پر نامکمل ہے پھر بھی اُس سے اُن کے حال چال کا خاصہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ مختلف ورکنگ کیمپوں میں بہبود مجموعی جوانوں کے تجربے کے متعلق کوئی عام بیان کرنا زیادہ مشکل ہے۔ کیونکہ مختلف موقعوں پر اور مختلف مقاموں میں اسیروں کی خوراک جائے رہائش۔ کام کے وقت کے سلوک اور ڈاکٹری خبرداری میں بڑا اختلاف پایا جاتا رہا ہے۔ یعنی کہیں تو ان باتوں کا ایسا بُرا حال تھا کہ ان پر لعنت بھیجنی بجا تھی اور کہیں ان کا اچھے شائستہ طریقے سے خیال رکھا جاتا تھا اگرچہ بدقسمتی سے یہ یقینی امر ہے۔ کہ سب سے زیادہ دفعہ صورت معاملات پہلی قسم کی ہی رہی۔ مگر یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ جوانوں کی زیادہ تعداد کی حالت میں بہتری نمودار ہوتی گئی اور وجہ اس کی یہ ہوئی کہ اب جوانوں کو زیادہ تر ایسے نظام کی برکتیں نصیب ہونے لگ گئیں۔ جو کہ مغربی طریقہ نظام سے زیادہ ملتا جلتا

ہوئیں) بلکہ یہ رُتبہ اُن خدمات کو حاصل ہے۔ جن کے اثر کا کہ مقابلتاً کم اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اُن کا تعلق ایسے اسیروں کی مصیبتوں کے ساتھ ہمدردی کرنے اور ان کی مصیبتوں کو دوستانہ طور پر سُن کر اُنہیں تسلی دینے کے ساتھ تھا۔ جن کی مصیبتوں کو کہ مدت سے لوگ دیکھتے تو رہے تھے مگر جنہیں کم کرنے کے واسطے کسی نے کبھی چوں تک بھی نہیں کی تھی ✤

یہ واقعات ۱۹۱۶ء کے آخری مہینوں میں پیش آئے اور ان سے آگے کوئی مربوط بیان کرنا ممکن نہیں کیونکہ جونہی کہ اسیر دولتِ عثمانیہ کے درہم برہم نظام میں جذب ہو گئے انہیں آہستہ آہستہ مختلف علاقوں میں منتشر کر دیا گیا بعض جو کہ زیادہ خوش قسمت تھے اسیر شدہ افسروں کے کیمپوں میں اردلیوں کے کام پر بھیجے گئے اور وہ جو کہ ٹورس کے کوچ سے زندہ بچے۔ افین کراسات کو نیا اور اور مقاموں پر بھیجے گئے۔ اسیروں کے زیادہ مجموعے کو جوں جوں وہ کام کے قابل ہوتے چلے گئے۔ ریلوے اعظم (یعنی بغداد ریلوے) کے اشد ضروری کام پر لگا لیا جاتا رہا۔ وہ تین خطے جن میں انہیں کام پر لگایا گیا یہ تھے:۔ ٹوروس ٹنل۔ امانوس ٹنل۔ اور وہ خطہ جو کہ رسعلین سے پرے واقع ہے۔ چند جوان (جن کی تعداد اگست ۱۹۱۷ء میں ۳۰۰ تھی) انگورہ کے علاقہ میں

افسر کے جو کہ اس کا شاہد تھا) جہنم کی یاد دلاتا تھا +

مگر بیمار اور تھک کر چور اور راستے سے پراگندہ شدہ اسیر اب امداد کی پہنچ سے باہر نہ تھے - یہاں نزدیک ہی وہ بغاوت پسند امریکن لوگ موجود تھے - جنہوں نے کہ اسیروں کی ان کے پہلے پہل ایشیا سے آنے پر سب سے زیادہ عملی امداد کی تھی - اور جو اب آگے سے دوگنی پھرتی سے اس کام میں جُٹے ہوئے تھے - مریضہ پر مقیم شدہ امریکی کانسل کی کوششوں سے جنہوں نے کہ ترکی فوجی حکام سے تاکیدی اپیلیں کیں تمام ایسے اسیروں کو جنہیں کہ جمع کیا جا سکا آدنا کے ہسپتالوں میں اور خاص طور پر مشن سوس پر امریکی کالج میں لایا گیا - مگر افسوس کہ ان بیماروں کی زیادہ تعداد کی ایسی حالت تھی - کہ اُن کے ساتھ امداد کا کوئی چارہ نہ چل سکتا تھا - ان چند سو بیماروں کی بابت جو پہلے پہل ان دو جگہوں پر لائے گئے تھے - یہ کہا جاتا ہے کہ صرف آدھے سے کم ہی زندہ بچ سکے - مگر جو کچھ بھی ان جوانوں کے واسطے کرنا ممکن تھا - امریکی ڈاکٹروں اور لیڈیوں نے کیا اور اُن کی خدمات کو شکر گذاری کے ساتھ یاد رکھا جائے گا - ان خدمات میں سے شائد ایسی خدمات سب سے اعلےٰ شمار نہیں کی جا سکتیں - جن سے کہ مادی فائدہ میسر ہُوا اگرچہ یہ خدمات بھی بروقت نصیب

جاکر شمال کی طرف کو چلنے والا ریل کی سڑک کا دوسرا ٹکڑا شروع ہو جاتا تھا) یہاں سے کئی دنوں کے راستے پر واقع تھا۔ ترکی میں اس قسم کے کاموں (یعنی اسیروں کو ایک مقام سے دوسرے مقام تک پیدل لے جانے) کو سرانجام دینے میں ایسی بدنظمی پائی جانی ممکن ہے کہ خواہ اس کی ہر ایک تفصیل کا بار بار بھی ذکر کیوں نہ کیا جائے اس کا یقین نہیں آتا۔ مثلاً یہ امر بالکل صحیح ہے کہ ان اسیروں کو راستے کے واسطے خوراک کے بغیر سفر پر روانہ کیا گیا اور کہ راستے میں کسی جگہ پر بھی ان کی خوراک کا بندوبست نہ کیا گیا۔ جو مصیبتیں اس سفر میں پیش آئیں وہ شائد ان سے بھی زیادہ سخت تھیں۔ جن کے متعلق چند ہفتے پہلے یہ خیال تھا کہ ان سے سخت اور کوئی مصیبت پیش آنی ناممکن ہے۔ یہاں پولیس کے سپاہی ہر انوں کو رفلوں کے کندوں سے مار مار کر آگے ہانکتے تھے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ بہت سے جوان چلنے سے بالکل ہی معذور ہونے پر گر کر اس جہان سے چل بستے تھے۔ ان میں سے چند اسیروں نے تو ٹورس میں جرمن اور اسٹروی فوجی کیمپوں میں پناہ لے لی مگر ان کے زیادہ مجموعے کو مار مار اور ہانک ہانک کر کسی نہ کسی طرح سے مذکورہ بالا کوہستانی سلسلے میں سے گذار ہی لیا گیا۔ ان اسیروں کو اس طرح سے لیجانے کے نظارے کو صرف ایک ہی نظارے سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ یعنی یہ نظارہ (بقول بیان ایک آسٹروی

تھکے ماندے اسیروں کی حالت اُن سے مختلف تھی۔
یہ قدرتی طور پر فوراً کام سے معذور ہو گئے۔ اور اُن
کے کارفرماؤں کو اُن کے نکمے ہونے کا جلد ہی یقین آ گیا
مختلف مقاموں کے ہسپتال پہلے ہی ان سے بھرپور
تھے۔ اور ان میں مونیں بڑی کثرت سے واقع ہؤا کرتی
تھیں۔ اب ریلوے تعمیر کرنے والی کمپنی نے اس
بات کا فیصلہ کر کے کہ فی الحال یہ اسیر کام کرنے
کے بالکل قابل نہیں اُنہیں ستمبر سے پہلے پہلے ترکی احکام
کو واپس کر دیا۔

لیکن اگر یہ کام کے ناقابل تھے۔ تو ترک انہیں
اس علاقہ میں رکھنے کے ذرا بھی خواہشمند نہیں تھے۔
جہاں (جیسا کہ ابھی ابھی دیکھا جائے گا) مہربان اور فیاض
خبرگیر تھوڑی دیر کے بعد اُنہیں میسر ہونے والے
تھے۔ ان اسیروں کو اُن کیمپوں میں بھیجنا مقصود تھا۔
جو کہ ایشیائی کوچک کے اندرونی علاقوں میں واقع تھے۔
اس لئے ستمبر کے شروع میں ہزار انگریز اسیروں کا
ایک گروہ ان کیمپوں کو روانہ کیا گیا۔ اُنہیں ریل کے
چھکڑوں میں سوار کر کے اس مقام تک لے جایا گیا
جہاں ٹورس پہاڑ تک جا کر لائن کا ٹکڑا ختم ہو جاتا تھا
یہاں سے آگے ان اسیروں کو ڈھلوان اور کڑے کوہستانی
سلسلے پر بوزانتی تک پیدل ۱۰۰ پڑا۔ یہ مقام (جہاں

زمین پر بنائی جارہی تھی۔ باقی ہندوستانیوں اور تمام کے تمام انگریزوں کو ترسوس اور آدنا کے علاقے میں لایا گیا۔ یہ علاقہ ایشیائی کوچک کا جنوب مغربی گوشہ ہے۔ اور اسوقت یہ اس قطعہ کا مرکز تھا۔ جہاں کہ ٹوروس اور آمنوس کے کوہستانی علاقے میں پہاڑیوں کو بارود سے اُڑا اُڑا کر ٹنل بنائے جارہے تھے۔ ریلوے تعمیر کرنے کا کام ایک جرمن تجارتی کمپنی کے ہاتھوں میں تھا۔ مذکورہ بالا اسیر جن کی تعداد کہ دو اور تین ہزار کے درمیان تھی اس کمپنی کے حوالے کر دئے گئے اور کام شروع کرانے سے پیشتر انہیں چند دن آرام کرنے کو دئے گئے۔

مگر دراصل جن مصائب میں سے اُن کا گذر ہوا اُن کی وجہ سے وہ کسی قسم کا کوئی کام کرنے کے بالکل ناقابل تھے۔ تاہم انہیں اردگرد کے مختلف ورکنگ کیمپوں میں (یعنی ایسے کیمپوں میں جن میں کام کرایا جاتا ہے) تقسیم کرکے اُن سے کسی نہ کسی طرح سے کام لینا شروع کر دیا گیا معلوم ہوتا ہے کہ ٹوروس پہاڑ کی شمالی طرف بائلمیڈک کے علاقے میں وہ چند سو انگریز اسیر جو گذشتہ موسم گرما میں دردانیال میں پکڑے گئے تھے۔ پہلے ہی اس ریل پر کام کر رہے تھے مگر ظاہری صورت میں اُن کی حالت کوئی زیادہ ابتر نہیں تھی۔ کوت کے اسیروں میں سے بچے ہوئے

فصل سوم

یہ اسیر جو کہ تعداد میں بہت کم ہو چکے تھے جب (جولائی ۱۹۱۶ء میں یکے بعد دیگرے ٹولوں میں) آمنوس پہاڑ کی مغربی طرف ایسے مقام پر پہنچے جہاں سے کہ بحیرہ روم نظر آتا تھا تو فی الحال ان کا سفر ختم ہو گیا۔ مگر ان کا یہاں پہنچنا تھا۔ کہ وہ ایک نئی مصیبت میں گرفتار ہو گئے۔ اس قدر جانوں کے راستے میں ضائع ہو جانے کے باوجود بھی جو باقی زندہ بچے وہ اتنی بڑی تعداد میں تھے۔ کہ ان سے مزدوروں کی ایک بیش قیمت فوج ایسے موقع اور جگہ پر تیار ہو سکتی تھی جہاں کہ مزدوروں کی اشد ضرورت تھی۔ یعنی بغداد ریلوے (جس کے ذریعے کہ عراق عرب میں انگریزوں کی آخرش تباہی طلب تھی) کے قسطنطنیہ سے صحرائے شام تک مکمل ہونے میں صرف چند ٹنلوں (سرنگوں) کو کاٹنے کی کسر باقی رہ گئی تھی اور ان اسیروں کو ان ٹنلوں کے ختم کرنے پر لگانا مقصود تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانیوں کی سب سے زیادہ تعداد راستے میں رسطلینیا پر چھوڑ دی گئی۔ یہ وہ مقام ہے جہاں سے کہ موصل تک ریل کی سڑک ہموار

ایسے واقعات بیان کئے بغیر رہ جائیں گے جو کہ تحقیقات
کی پہنچ سے باہر ہوں گے۔ اس وقت اس جرم کا
صرف مختصر اور نامکمل خلاصہ ہی دیا جا سکتا ہے۔ یہ
خلاصہ کم از کم اتنا یقین دلانے کے لیے تو کافی ہے کہ
ولایت میں کوت کے اسیروں کا کوچ کبھی بھی فراموش
نہیں کیا جا سکیگا۔ ہمیں اس بات کی اطلاع ملی ہے
کہ ان اسیروں نے اپنی سخت سے سخت مصیبت کو اس قدر
خاموشی اور ٹھنڈے دل سے برداشت کیا کہ جن
لوگوں نے انہیں ان مصائب میں سے نکلتے ہوئے دیکھا
اُن کے دل پہ گہرا اثر ہؤا۔

عبدالغنی وقف نمبر ۱۸۳

تقریباً تین دن کے راستہ پہ واقع تھا۔ چھ انگریز اور تقریباً ایک درجن ایسے ہندوستانی سپاہیوں کا گروہ پایا گیا۔ جنہیں ایک کیچڑ کی دیواروں والے احاطہ میں ننگی زمین پر پڑے پڑے تین مہینے گزر چکے تھے یہ جوان محض اُن روٹی کے ٹکڑوں پر گزارہ کرتے رہے جو عرب یا راہگذر قافلے اُنہیں پھینکتے رہے۔ وہاں پہلے ۱۴۔ انگریز تھے۔ جن میں سے ۸ فوت ہو چکے تھے اور باقی جو زندہ تھے اُن میں صرف ایک ایسا تھا جو ابھی تک ۲۰۰ یا تین سو گز دور ایک ایسے مقام تک رینگ کر جانے کے قابل تھا۔ جہاں پانی موجود تھا یہاں سے اس بات کا صاف صاف پتہ چلنا شروع ہو جاتا ہے کہ کیوں کوت پہ اسیر شدہ جوانوں میں سے ۳۰۰۰ انگریز اور ہندوستانی اسیروں کے متعلق بالکل کبھی کچھ سننے میں نہیں آیا۔

کوچ کا آخری حصّہ جو کہ آمنوس کے کوہستانی سلسلہ میں وقوع میں آیا۔ سب سے زیادہ خراب تھا۔ اور یہاں بھی بہت سے مقاموں پہ ویسے ہی پُر درد نشانات پیچھے چھوڑے گئے جو کہ باقی راستے کے ساتھ ساتھ پائے جاتے تھے آئندہ موقعوں پہ اس سارے جرم پہ زیادہ روشنی ڈالنی ممکن ہوگی جس کا ارتکاب کہ دو سال پیشتر کیا گیا تھا۔ اگرچہ اُس وقت بھی بہت سے

اُن میں کم اور کوئی زیادہ مبتلا تھا۔ بعض مر رہے تھے اور بعض مر چکے تھے۔ وہ بوٹوں کے بغیر اور نصف برہنہ تھے۔ اور ذرا ذرا سے دودھ کے عوض میں اپنا سب کچھ فروخت کر چکے تھے۔ صرف کہیں کہیں کسی نہ کسی قسم کا کوئی خبر گیر اُن کی خبر گیری کرنے کے واسطے چھوڑا گیا تھا۔ مگر عموماً سوائے اُن عربی دیہاتی باشندوں کے وہاں کوئی اور موجود نہیں تھا۔ جو اُنہیں بیرحمی سے لوٹ لیا کرتے تھے۔ وہاں کوئی کوئی مقامی تھانے کا ماتحت افسر ہوا کرتا تھا۔ جو بے پرواہی سے اِدھر اُدھر تاکتا رہتا اور جو یہ ظاہر کرتا رہتا تھا۔ کہ اُسے مدد دینے کا کوئی اختیار حاصل نہیں۔ مُردے بغیر دفن کرنے کے پڑے ہوئے تھے۔ اُن کا مال و متاع لوٹ لیا گیا تھا۔ اور اُن کے بدن پر کوئی بھی کپڑا نہیں چھوڑا گیا تھا۔ تمام صحرا کے آر پار جگہ بہ جگہ مذکورہ بالا نظارے بار بار دیکھنے میں آتے تھے۔ بھوکے اور مرتے ہوئے دس دس اور بیس بیس جوانوں کے گروہ ذرا ذرا سے سائے کے تلے یا کسی ایسی کیچڑ کی جھونپڑی میں جہاں اُنہیں داخل ہونے کی اجازت دی گئی سسکتے ہوئے موت کا انتظار کر رہے تھے۔ بعضوں کو بہت دیر تک سسکنا پڑا۔ مثلاً کئی ہفتے بعد ایک صحرائی گاؤں میں جو کہ الیپو سے

تھا کہ اتفاق سے جہاں گرے بس وہیں پڑے رہے اور نہ تو کوئی اُن کے حال کا پُرساں ہوا۔ نہ ہی کوئی اُن کے پاس ٹھیرا۔ شمارے میں جہاں تک ممکن ہوسکا ان کی خبر گیری کی گئی۔ مگر بہت سے مریض ایسی حالت کو پہنچ چکے تھے۔ کہ امداد کا اُن سے کوئی چارہ نہیں چلتا تھا۔ اگر حالاتِ معاملہ اتفاق سے بروقت معلوم نہ ہو جاتے تو اُن کا جو حال ہونا تھا۔ وہ ظاہر ہی تھا۔ مگر اس قسم کا اور کوئی اتفاق دوبارہ وقوع میں نہ آنے دیا گیا۔ اور بغداد سے افسروں کی جو جماعت بعد میں بھیجی گئی۔ اُسے احتیاطاً ایک دوسرے راستے روانہ کیا گیا +

شماما پر جو جوان لائے گئے۔ وہ صرف وہی تھے۔ جو کہ کوچ کے پہلے حصّے میں ناکارہ ہوئے۔ جوانوں کی زیادہ تعداد آگے نکل گئی اور اُن تک پہنچ نہ ہوسکی مذکورہ بالا افسر ابھی تک جوانوں کے پیچھے پیچھے اُنہی کے راستہ چلتے گئے اور راستے کے ساتھ ساتھ گاؤں اور قیام کی جگہوں پر جو جو نظارے اُن کی نظر سے گزرے۔ وہ ناقابلِ بیان ہیں۔ جوانوں کی جماعتوں کی جماعتیں تھکاوٹ سے چُور ہوکر کسی سائے یا سائبان کے تلے (غرضیکہ جو کچھ بھی اُنہیں میسّر ہوسکا۔) پڑی ہوئی پائی جاتی تھیں۔ پیچش اور فاقہ کا یہ حال تھا۔ کہ کوئی

بڑے آدمیوں کی بھاری عزت کرکے اور چھوٹے درجے کے لوگوں کو (جو کہ اُن کے جرم کی خطرناک شہادتیں ہوتے ہیں) دبا کر کام نکال لیتے ہیں۔

بغداد میں انگریز ڈاکٹروں کو جو ایسی خبر پہلے پہل موصول ہوئی جس سے کہ اُن کی مذکورہ بالا تشویش بجا ثابت ہوئی وہ دراصل پوری کی پوری اتفاق ہی اتفاق پر مبنی تھی۔ اتفاق ایسا ہوا کہ افسروں کی ایک چھوٹی سی جماعت جو بیمار ہونے کی وجہ سے پیچھے رہ گئی جوانوں کی پہلی ٹولیوں کے روانہ ہونے کے بعد شمال کی طرف بھیجی گئی۔ یہ افسر بھی اسی راستے گئے جس سے کہ اُن کے جوان گئے تھے۔ اور تھوڑی ہی دیر کے بعد اُن میں سے ایک افسر کا ترکی کمانڈر انچیف کے نام ایک تاکیدی پیغام موصول ہوا جس میں اس بات پر زور دیا گیا تھا کہ ڈاکٹری عملہ مع ایک انگریز ڈاکٹر کے فوراً شمارے کو روانہ کیا جائے ایک ہسپتال اور اس کا عملہ اسی وقت تیار کیے گئے۔ اگرچہ ترکی احکام نے بہر سے چلنے کا پروانۂ راہداری بہم پہنچانے میں پانچ روز خرچ کر ڈالے۔ شمارے میں اس وقت وہ سو بیمار جمع تھے۔ جو کوچ کی ابتدائی منزلوں میں سے رہ گئے تھے۔ اُنہیں سڑکوں کے کناروں سے اُٹھا اُٹھا کر لایا گیا جہاں کہ وہ پڑے ہوئے مصیبتوں میں گرفتار تھے۔ اُن کا یہ حال

اسیروں کو دورانِ سفر میں کیوں ایسی تکلیفات پیش آئیں۔ مگر یہ اس بات کو ظاہر کرنے کے واسطے بالکل فضول ثابت ہوگی کہ سفر شروع ہی ان وجوہات سے کرایا گیا۔ ترکی کمان کے بڑے بڑے افسروں میں سے کوئی بھی ایسا نہیں تھا۔ جو اس بات سے ناواقف ہو کہ کافی احتیاطوں کو عمل میں لانے کے بغیر جوانوں کو ان حالتوں میں ایسے سفر پر روانہ کرنا ایسا تھا گویا کہ آدھے جوانوں کو یقینی موت کا حکم سنا دینا اور یہ احتیاطیں بھی ایسی تھیں جو کہ سہل اور روزِ روشن کی طرح عیاں تھیں۔ مثلاً ان میں سے بڑی احتیاط یہ تھی کہ جوان اپنی صحت کی اس خبر گیری سے محروم نہ رہنے پائیں جو کہ اُن کے اپنے افسر کر سکتے تھے مگر جیسا کہ ہم پہلے بیان چکے ہیں۔ صرف اس خیال سے کہ سپاہی اور عہدے ارکس گنتی میں ہیں اسباب کی ذرہ پرواہ نہ کی گئی کہ اُن کا کیا حشر ہوگا اور اُن کے اپنے ڈاکٹروں کو اُن کے ساتھ بھیجنے کے ظاہرا موقع کا خون کر دیا گیا۔ یہ سب جیسا کہ ہمیشہ ہوتا چلا آیا ہے۔ ہم یہ پاتے ہیں ترکوں کی سرد مہری اس قدر سادہ نہیں ہے جیسی کہ وہ ظاہرا صورت میں دکھائی دیتی ہے۔ بلکہ اس میں یہ چالاکی پائی جاتی ہے کہ ترک

اندازہ آسانی سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ ایشیائی لوگ
جن کے سپرد انہیں کیا گیا تھا اُن کی غور و پرداخت کی
کسقدر قابلیت رکھتے تھے۔ یہی وجہ تھی۔ کہ جو افسر
بغداد میں رہے اور جنہوں نے انہیں روانہ ہوتے
ہوئے دیکھا ان کے دل میں ان اسیروں کی آیندہ حالت
کے متعلق سخت تشویش اور خوف پیدا ہوا۔

جو کچھ وقوع میں آیا اس کے متعلق سچے حالات
صرف بڑے آہستہ آہستہ معلوم ہو رہے ہیں مگر
ان کی پوری پوری تفصیل کا کبھی بھی پتہ نہیں لگ
سکے گا۔ کیونکہ وہ لوگ جو سب سے زیادہ ہولناک
واقعات سنانے کے قابل تھے مدت ہوئی اس جہان
سے اُٹھ گئے۔ مگر اس صحرائی سفر میں ہزارہا بے یار
و مددگار لوگوں نے اتنی دیر تک اور ایسا پُر درد عذاب
پایا کہ یقینی طور پر ان لوگوں کا جو کہ اس کے لیے
ذمہ وار تھے۔ اس جُرم سے تواریخ میں بھی پیچھا
نہیں چھوٹ سکتا۔ اگر یہ عذر پیش کیا جائے کہ
ترک قدرتی طور پر نہ تو مطلقاً اس قدر دور
اندیش تھے اور نہ ہی ان میں ایسا انتظام کرنے
کی قوت تھی کہ وہ اِن اسیروں کو لے جانے کے
سوال کو ہاتھ ڈال سکتے تو یہ دلیل اس بات کا پتہ
لگانے کے واسطے تو کافی مضبوط مان لی جائے گی۔ کہ

واپس کرنے میں شرم محسوس کی ۔

اب یہ بیان کرنا باقی رہ گیا ہے کہ اسیروں کے مجموعے کے اُس بڑے حصے کے ساتھ کیا گذری جسے ملک کے شمالی حصے کی طرف اور صحرائے شام کی راہ ایشیائے کوچک تک پہنچنے کے قابل قرار دیا گیا تھا۔ جون اور جولائی کے مہینوں میں ہر ہفتے اُن کی ٹولیاں بنا بنا کر بغداد سے اسی راستے روانہ کی جاتی تھیں جس راستے کہ ان کے افسر گئے تھے۔ شہر کے کیمپ سے روانہ ہونے کے بعد وہ ریل کے چھکڑوں میں تھوڑی تھوڑی جگہ میں بہت بہت بھرے ہوئے پائے جاتے تھے۔ اِن چھکڑوں میں اُنہوں نے شمارا تک سفر کرنا تھا جہاں پہنچ کر ریل ختم ہو جاتی تھی۔ یہ مقام دریا کے چڑھاؤ کی طرف تقریباً ۷۰ میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ اور یہاں سے آگے اُنہیں پیدل چلنا تھا۔ جو کچھ اوپر بیان کیا جا چکا ہے اس سے اس بات کا نظارہ سامنے لایا جا سکتا ہے کہ ۵۰۰ میل لمبے کوچ کے واسطے کیا تیاری کی گئی تھی۔ اور دنیا کے تُند سے تُند گرمی کے موسموں میں سے ایک کو برداشت کرنے کے واسطے اسیر کس قدر تندرست اور توانا تھے اور اُن کے پاس کیا سامان تھا۔ ساتھ ہی اس بات کا بھی

متعلق جو کہ ابھی تک شہر میں قیام پذیر تھے سلسلہ جنبانی طے ہو گیا۔ اور ۸۔ اگست کو بہت سی تاخیروں کے بعد ۲۲۔ افسر اور ۳۲۳ جوان انگریزی لائنوں کو دریا کے راستے جانے کے واسطے کشتی پر سوار ہو کر چل پڑے۔ آخری لمحے پر تقریباً پچاس شخصوں کو مایوسی حاصل ہوئی کیونکہ انہیں وہیں روک لیا گیا (دو ڈاکٹر بھی انکے علاج معالجے کے واسطے پیچھے ٹھیرے) اُن کے متعلق یہ بیان کیا گیا کہ وہ اسقدر تندرست ہیں۔ کہ اُن کے تبادلے کی ضرورت نہیں۔ اگرچہ شاید اصل وجہ یہ تھی کہ کشتی میں اُن کے واسطے گنجائش نہیں تھی۔ انہوں نے باقیوں کی روانگی پر دریا کے کنارے سے چیرز دیکر خوشی کا اظہار کیا۔ جو لوگ روانہ ہوئے اُنہیں بڑا لمبا اور جا بجا رُک رُک کر سفر کرنا پڑا اور جب تک وہ عملی طور پر اپنے لوگوں میں نہ پہنچ گئے اُن کے دل میں ہمیشہ یہ کھٹکا لگا رہا کہ کہیں اُنہیں بھی پہلے پچاس جوانوں کی طرح مایوسی کا منہ نہ دیکھنا پڑے۔ یہاں یہ ذکر کر دینا لازمی ہے کہ تُرکوں نے اِن اسیروں کو ٹھیک بغداد سے روانہ ہونے کے وقت پر (اس سے ذرا بھر بھی پیشتر نہیں) نئے بوٹ اور کپڑے مہیّا کئے کیونکہ (جیسا کہ ایک ترکی افسر نے صاف صاف اقبال کیا) تُرکوں نے اُنہیں چیتھڑوں میں

میں نہیں تھا۔ کیونکہ اگر وہ اسیروں پر سخاوت کرنے میں مناسب سے زیادہ نمایاں ہوتا۔ تو ترک اس پر شک کرنے لگ جاتے اور اس کی ساری کوششوں پر پانی پھیر دیتے۔ اس لئے اُسے احتیاط سے کام لینا پڑا۔ مگر اُس کے باوجود بھی اس نے امریکی ریڈ کراس کے روپے میں سے خفیہ امداد دینے کی راہ نکال لی اور وہ لگاتار ہسپتالوں اور کیمپوں کا ملاحظہ کرتا رہا۔ وہ کیمپوں میں روزانہ بھیڑیں بھیجتا رہا۔ جنہیں مار کر اسیر اپنے لئے پکاتے رہے۔ علاوہ ازیں وہ انگریزی عملے کی طرف سے کئی قسم کی اشیا خریدتا رہا۔ اُس وقت اس کا کھلم کھلا اور سرکاری طور پر شکر گذاری کا اظہار نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اور افسوس اس بات کا ہے کہ جب اس کا شکریہ ادا کرنا ممکن ہوا تو وہ اس جہان سے چل بسا تھا۔ مگر افسر اس کا تخلیہ میں شکریہ ادا کرتے رہے اور انہوں نے اس بات کا تحریری اقرار کیا کہ اس نے اسیروں پر بھاری احسان کیا تھا۔

آخر کار ان اسیروں کے بغداد میں رہنے کا وقت خاتمہ کے نزدیک آگیا۔ کیونکہ انگریزی اور ترکی کمانڈروں کے درمیان ڈاکٹری عملے اور ایسے بیماروں کے (جن میں کہ انگریز اور ہندوستانی افسر اور جوان شامل تھے) تبادلے کے

ان کا کیمپ اُٹھا کر شہر سے ایک میل نیچے کو بہتر زمین پر لگا دیا گیا۔ یہاں کچھ سایہ دار درخت تھے اور جوان دیہاتیوں نہا دھو سکتے تھے۔ جو جوان ہسپتال چھوڑنے کے بعد ابھی کچی حالت میں ہوتے تھے وہ اس کیمپ میں رکھے جاتے تھے اور یہاں کا کام انگریز ڈاکٹری عملے کے ایک ڈاکٹر کے سپرد تھا۔ فوجی گارڈ ابھی تک عربی رسالہ ہی تھا جو کہ منٹرن کے کوچ کے وقت ہمراہ تھا۔ مگر اب اُس نے دق کرنا ترک کر دیا تھا۔

یہ ایک بدمزہ زندگی تھی کیونکہ لیٹے رہنے اور گرمی اور مکھیوں کی آفت سہنے کے سوا اور یہاں کچھ کرنے کو نہیں تھا۔ مگر یہاں کم از کم آرام ضرور میسر تھا۔ اور امریکی کانسل کی سر توڑ کوشش سے آخر کار کافی خوراک ملنے لگ گئی تھی۔ جونہی اسیر شہر میں پہنچے ان کی مصیبت زدہ حالت کو دیکھ کر مسٹر مسل (امریکی کانسل) کے دل پر بڑا گہرا اثر ہوا۔ وہ تھکے ماندے نحیف اور نصف برہنہ (چند تو ان میں سے ایسے تھے جن کے تن پر سچ مچ سوائے قمیض کے اور کوئی کپڑا ہی نہیں تھا) تھے انہیں دیکھتے ہی جسقدر اس کی طاقت میں تھا وہ ان کی حالت کو بہتر بنانے میں ہمہ تن مصروف ہو گیا۔ وہ کوئی تھوڑی سی مشکل اور نازک حالت

کے کوچ پر مقیم تھیں اور جوانوں کو مسلسل ٹولیوں میں شمال کی طرف ایسے مقاموں پر بھیجا جاتا تھا۔ جو ترکوں کے خیال میں اُنہیں مقید رکھنے کے واسطے زیادہ محفوظ تھے ۔ جب یہ جوان پہلے پہل بغداد میں پہنچے ۔ تو سوائے سب سے خراب حالت والے بیماروں اور زخمیوں کے باقی سب کو دریائے دجلہ کے دہنے کنارے پر ایک ایسے گول احاطہ کے اندر رکھا گیا۔ جس پر دھوپ اور مینہ سے بچانے کیواسطے کوئی سائبان وغیرہ نہیں تھا۔ اور جہاں مثل سابق حفظانِ صحت کے متعلق کسی قسم کی کوئی بھی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی تھی۔ مثلاً وہاں دریائی پانی بغیر چھاننے کے ہی پینے کے واسطے لایا جاتا تھا۔ راشن بڑا بھدا اور مقدار میں بہت تھوڑا دیا جاتا تھا۔ اور پیچش ابھی تک پھیلی ہوئی تھی۔ جو جوان مقابلتاً باصحت سمجھے جاتے تھے (اگرچہ وہاں شاید ہی کوئی جوان ایسا ہوگا جسے بجا طور پر اس زمرے میں شامل کیا جاتا) اُن کی ٹولیاں بنا بنا کر جلدی جلدی اپنے سفر پر روانہ کی جاتی تھیں۔ چنانچہ اسیروں کی تعداد کم ہوتے ہوتے چند ہی دنوں میں تقریباً ۵۰۰ رہ گئی۔ اُن کی حالت ایسی اندوہناک تھی۔ کہ انگریز ڈاکٹروں کے بار بار شکایت کرنے پر

بیان کیا جائے گا۔ تاہم ہمارے اس قدر افسروں اور جوانوں کی طرح ہفتوں ایسے ہسپتالوں میں پڑے رہنا جن میں کہ تھوڑی جگہ میں بہت سے مریض بھرے ہوئے ہوں جو کافی ہوا دار نہ ہوں اور جو سکولوں یا بارکوں میں ردو بدل کر کے بنا لئے گئے ہوں اور بغیر کسی کتاب اور کام کے، فارغ بیٹھے رہنا اور دین و دنیا اور اس سے بھی بڑھ کر وطنی خبروں کا بالکل کچھ پتہ وغیرہ نہ ہونا ایسے امور ہیں جن سے کہ ہتھیار ڈالنے کی تلخ مایوسی حد انتہا تک پہنچ جاتی ہے اور ایسی حالتوں میں یہاں تک نوبت پہنچ جانی کوئی عجب نہیں۔ کہ مریض لاعلاج ہو جائیں اور اُن کی حالت کے بہتر ہونے کی ساری اُمید خاک میں مل جائے مگر یہاں ایک دفعہ اور ہمارے افسر اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ بغداد میں اُن کے دورانِ قیام میں جوانوں کا رویہ اور طرزِ عمل ہمیشہ قابلِ تقلید رہا۔

اس سارے عرصے میں ترکی کمانڈنٹ کو اس بات کی فکر لگی رہتی تھی کہ وہ کونسا وقت ہو جبکہ اسیر بغداد سے اوپر کے علاقہ میں بھیجے جائیں اس وقت روسی فوجیں شہر سے صرف چند دنوں

اس میں شک نہیں کہ جب کبھی ترکی کمانڈروں کے پاس سرکش آدمیوں کی رپورٹ کی جاتی تھی۔ تو وہ ہمیشہ اُنہیں کوڑے مارنے کا حکم دیا کرتے تھے لیکن اگرچہ ان شخصوں کو سزا دلوانی آسان تھی۔ پھر بھی اُنہیں اس بات پر مجبور کرنا ناممکن تھا۔ کہ وہ صاف ستھرے رہیں۔ اور اپنے کام کی طرف دھیان دیں۔ تاہم جس لمحے سے انگریزی عملہ کام شروع کرنے کے قابل ہوا۔ اُسی وقت سے عام حالت بہت بہتر ہوگئی۔ اس عملے کو اُن چند فرانسیسی ننوں (درویش عورتوں) نے شاندار امداد دی جو کہ ایک یا دو ہسپتالوں میں بطور نرسوں کے کام کیا کرتی تھیں۔ ان کے علاوہ فرانسیسی ننوں کے اس کانونٹ کا بھی بھاری احسان مندی کیلئے شکرگزاری کا اظہار کرنا چاہیئے جو کہ مریض اسیروں کے پاس آتی جاتی رہیں اور اُنہیں شفقت آمیز امداد دیتی رہیں۔ ترکوں کے کبھی کبھی رکاوٹ ڈالنے کے باوجود بھی وہ اپنے پُرسخاوت کام سے نہ ٹلیں۔ اور جس وقت وہ چھوٹی چھوٹی آرام و آسائش کی چیزیں کھلم کھلا نہ لاسکیں تو اُنہیں کسی نہ کسی حکمت سے پہنچاتی رہیں امریکی کانسل مسٹر برسل لگاتار اور بیش بہا امداد دیتا رہا۔ مگر اس کے متعلق ذرا آگے چل کر تفصیل سے

برداشت کرنے کے ناقابل تھے۔ بغداد میں ضروری دوائیوں کا ذخیرہ بہت تھوڑا تھا۔ اور اس سے کہیں زیادہ بدنصیبی یہ تھی۔ کہ زیادہ تر مریض ایک ایسی مرض میں مبتلا تھے۔ کہ اس کی وجہ سے دودھ اور مناسب خوراک بڑی کمیاب ہو گئی تھی۔ اس مشکل کے ساتھ اگر اس بات کو ملا لیا جائے۔ کہ تیمارداری کا زیادہ تر کام غیر تربیت یافتہ اور بدسلیقہ ترکی اردلیوں کے ہاتھ میں ہوا کرتا تھا۔ (جو کہ اکثر کینہ دوز ہوتے تھے) تب کہیں جا کر اس بات کا تھوڑا بہت نظارہ آنکھوں کے سامنے لانا ممکن ہو گا۔ کہ انیسویں کو ان ہفتوں میں کس قدر بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑا ہو گا۔

زیادہ تر لوگ پیچش اور ہیضہ سے بیمار تھے۔ مگر اُن کے ساتھ ہی چند زخمی جوانوں کے لئے جراحی علاج بھی درکار تھا۔ عمل جراحی میں چونکہ اعلےٰ سے اعلےٰ ترکی ڈاکٹر بھی غلیظ اوزاروں کو استعمال کرنے اور جراثیم آلودہ پٹیاں باندھنے سے دریغ نہیں کرتے تھے۔ اس لئے ہمارے افسروں کو سادہ سے سادہ زخموں کی مرہم پٹی کرنے اور ہر چیز کو کیڑوں سے بچانے کا معمولی سے معمولی انتظام کرنے کا کام مکمل طور سے اپنے ہاتھوں کرنا پڑتا تھا۔

غفلت آمیز تیمار داری اور حفظانِ صحت کی کم فہمی کے خلاف لگاتار طوفان برپا کرنا پڑتا رہا۔ ان ہسپتالوں میں سے ایک میں چند ایسے اسیر پیشتر سے ہی موجود تھے جو کہ کوت کے دشمن کے ہاتھ آنے سے پہلے پکڑے گئے تھے۔ اور اس بات کا اندازہ کہ اگر صرف ترکوں کی ہی زیر نگرانی رہا جائے تو زندگی کی کس قدر اُمید باقی رہ جاتی ہے اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان اسیروں میں سے جو کہ تعداد میں سچپیں تھے ۱۹ فوت ہو گئے۔ فوت شدہ اسیروں میں سے پندرہ ایسے تھے جنہیں کہ پیچش کی بیماری تھی۔ اور جن کے کہ زخموں میں پیپ کے پڑنے سے زہر سرایت کر گیا تھا۔ یہ کہنا بجا ہوگا۔ کہ بغداد میں ترکی عملۂ ڈاکٹری نے بڑے ہمدردانہ طور سے انگریز ڈاکٹروں سے مل کر کام کیا۔ اور اگرچہ شہر میں اُن کے اپنے دس یا پندرہ ہزار مریض اور زخمی تھے پھر بھی اُن کا رُجحانِ طبع یہ تھا۔ کہ جہاں تک اُن سے ہو سکے وہ اعلےٰ سے اعلےٰ امداد دیں۔ مگر برخلاف اس کے مشکلات کا کوئی ٹھکانا نہیں تھا۔ عراق عرب کا تُند موسمِ گرما اب درجۂ انتہا پر پہنچ رہا تھا اور جوانوں کا یہ حال تھا کہ اگر اُنہیں بہتر سے بہتر سہولتیں بھی میسّر ہوتیں۔ تو بھی وہ اُسے

میں بھیجے گئے۔ مذکورہ بالا افسروں میں ڈاکٹر بھی شامل تھے۔ مگر بجائے اس کے کہ انہیں اُن بامحبت اسیروں کے ساتھ کوچ کرایا جاتا جنہوں نے کہ بعد میں روانہ ہونا تھا وہ اپنے جوانوں سے آگے بھیجے گئے جس سے (جیسا کہ بعد ازاں ظہور میں آیا) سخت پُرخطر نتائج پیدا ہوئے۔ افسروں کے سفر کے متعلق تفصیلوار بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ یہ سفر بڑا طویل اور بدمزہ تھا (رسلعین اس وقت ریلوے کی مشرقی حد تھی) اور اس کا شروع شروع کا حصّہ ناکافی باربرداری اور خوراک فروخت کرنے کے قابل دیسی باشندوں کے کمیاب ہونے کی وجہ سے کٹنا مشکل ہوگیا۔ ریلوے تک پہنچنے کے بعد یہ ذرا آسائش سے کٹا۔ مگر مختلف افسروں کو بروسا۔ لونگڈا اور کستامنی کے مختلف مقاموں تک پہنچنے میں ایک مہینے سے زیادہ عرصہ لگا۔

بغداد میں جو گیارہ انگریز ڈاکٹر رکھ لئے گئے۔ اُنہوں نے بہت سے جوانوں کی مصیبت کو کم کیا۔ اور متعدد جانوں کو بچایا مگر اس سارے کام کے باوجود بھی ابھی تک مریض اسیروں کے درمیان بہت سی اموات واقع ہوا کرتی تھیں۔ ان ڈاکٹروں کو شہر کے مختلف حصوں میں چھ یا سات ترکی ہسپتالوں میں تقسیم کیا گیا۔ اور اُنہیں وہاں کے کوڑا کرکٹ۔ بدنظمی

اُنہیں دیکھ کر بڑا متحیّر ہوُا اور اُس نے یہ ظاہر کیا۔
کہ اسیروں کا یہ رویّہ نہایت غیر واجب تھا۔ کیونکہ
اُن کے اس قدر شادماں ہونے کے واسطے کوئی
سبب موجود نہ تھا۔ در اصل بات یہ تھی کہ اس وقت
بڑا سوال جوان افسروں کے درپیش تھا اس کی بابت
سب کے سب بڑے فکرمند تھے۔ سوال یہ تھا کہ
اس وقت بغداد پہنچنے والے اسیروں کے بڑے گروہ
کا (جنہیں آرام۔ خوراک اور ڈاکٹری غور و پرداخت
کی شدید ضرورت تھی) کیا حشر ہوگا؟ اگر اُن جوانوں
کو ایشیائی جاہلیّت اور بدنظمی (اگر زیادہ سخت الفاظ
استعمال نہ بھی کئے جائیں) کے پنجہ میں اپنی قسمت پر
چھوڑ دیا گیا تو یہ ماننے کے باوجود بھی کہ ترک حقیقی
طور پر اُن کی حالت کو بہتر بنانے کے خواہشمند ہونگے
جو حال اُن کا ہونا تھا اُس کا آسانی سے پہلے ہی اندازہ
لگایا جاسکتا تھا۔ اس لئے ترکی حکّام کے رُوبرُو یہ
تجویز پیش کی گئی کہ انگریز ڈاکٹری عملے کے چند ڈاکٹر
بیمار اسیروں کے اندر کام کرنے کے لئے بغداد بھیج
دئے جائیں۔ نہایت خوش قسمتی سے یہ تجویز منظور کر
لی گئی۔ اور گیارہ ڈاکٹر پیچھے رہ گئے۔ باقی تمام ایسے
افسر جو سفر کے قابل تھے۔ موصل روانہ کئے گئے۔
اور وہاں سے رسلعین اور الیپو کی راہ ایشیائے کوچک

میں زمین و آسمان کا فرق تھا +

اس وقت یہ انتظام قرار پایا کہ افسر اور بالکل معذور جوان دریا کے راستے بغداد بھیجے جائیں۔ چنانچہ ۹ اور ۱۱ مئی کو اُن کی بہت بہت سی تعداد کو دو کشتیوں میں لاد کر روانہ کیا گیا۔ افسروں میں سے ہر ایک کو آہستہ آہستہ اپنے زیادہ ہی زیادہ سامان سے دست بردار ہونا پڑا۔ ہتھیار ڈالنے کے روز ہر افسر کو اپنے ساتھ اس قدر وزن تک وردی و کپڑے وغیرہ رکھنے کی اجازت دی گئی کہ اُس سے فیاضی ٹپکتی تھی۔ مگر مسلسل موقعوں پر یہ وزن کم ہی کم کر کے ۲۰۰ پونڈ سے ۱۰۰ پونڈ تک رہنے دیا گیا۔ اور بعد میں اُسے گھٹا کر ۳۰ پونڈ کر دیا گیا۔ لیکن ہر تخفیف کے موقع پر تخفیف شدہ اسباب غائب ہو گیا اور پھر کبھی دیکھنے میں نہ آیا۔ کشتیاں بھری پوری تھیں اور دریائی سفر میں بہت سے دن لگ گئے۔ خاص طور پر ایک کشتی تو ایندھن ختم ہو جانے کی وجہ سے کئی روز تک ساحل کے ساتھ لگی رہی۔ مگر اُس میں سب سے بڑی مصیبت تو اُس وقت ہوا کرتی تھی۔ جب کہ خاص خاص فاصلوں پر یہ دیکھا جاتا تھا۔ کہ دورانِ کوچ میں جوانوں کے سر پر کیا کیا گزر رہی ہے۔ بغلائی پر ۷۰۰ یا ۸۰۰ جوان جو کہ بیماری کی وجہ سے چلنے سے رہ گئے

میں بہت زیادہ جوان بھر دیئے گئے اور یہاں گندگی کا یہ عالم تھا کہ غلاظت سے پیدا شدہ کیڑے مکوڑے بکثرت پھرتے رہتے تھے۔ باقی جوان جوں توں کر کے آگے بڑھتے گئے۔ آخر الذکر میں سے بہت سے اب تک نصف برہنہ ہو چکے تھے اور سب کے سب تھک کر اس قدر چور تھے۔ کہ راستے پر ہر روز موتیں وقوع میں آتی تھیں۔ پس ۹ دن کے کوچ کے بعد یہ کالم ۱۵ مئی کو بغداد پہنچا۔ اور یہاں اُنہیں ڈیرے ڈالنے کی جگہ پر لے جانے سے پیشتر ۳ یا ۴ گھنٹے تک ایسے کوچوں میں گھمایا گیا۔ جن میں کہ لوگوں کے ہجوم کے ہجوم جمع تھے +

اس اثنا میں افسروں سے بھری ہوئی پہلی کشتی پیشتر ازیں شہر میں پہنچ چکی تھی۔ اور اُنہیں بھی اسی طرح سے بازاروں میں سے گزارا گیا تھا۔ مگر لوگ اُنہیں دیکھتے وقت بالکل چپ چاپ رہے اور اُنہوں نے کسی قسم کا کوئی اظہارِ خوشی وغیرہ نہ کیا۔ بعد ازاں شمالی جانب کو سفر شروع کرنے سے پہلے اُنہیں ترکی رسالے کی بارکوں میں چند یوم قیام کرنے کو جگہ دی گئی۔ بغداد میں اپنی آخری رات کو جب ان افسروں نے گانے بجانے کا جلسہ منعقد کیا تو ترکی کمانڈنٹ

تھے۔ اس کشتی کا انتظار کرتے ہوئے پائے گئے مگر
ان میں سے جوانوں کی جو تعداد کشتی میں سوار کی گئی۔
وہ نصف سے زیادہ نہ تھی۔ کشتی میں صرف ان مریضوں
کے سوا ہے جن کی حالت کہ سب سے خراب تھی۔ اور
کسی کو لیٹنے کے لئے جگہ ملنی ناممکن تھی۔ بغداد پہنچنے
سے پہلے پہلے بہت سی موتیں واقع ہوئیں۔ اور وہ
بیمار جو بغداد پر پیچھے رہ گئے ایک بعد میں آنے والی
کشتی پر لائے گئے۔ اُنہی کے ساتھ جوانوں کی وہ مزید
تعداد بھی شامل تھی۔ جو کہ کوچ کی مختلف منزلوں پر چلنے
سے معذور ہو گئے تھے۔ ان واقعات کا سارا بیان
صرف بعد میں ہی درجہ بدرجہ اس طرح سے مرتب
کیا گیا۔ کہ کسی افسر نے اس کا کوئی حصہ اور کسی نے
کوئی بتایا۔

ترکی کمانڈنٹ نے روزانہ کوچ کی لمبائی کے متعلق
جو وعدہ کیا ہوا تھا اُس پر وہ صرف ایک دن کاربند
رہا۔ دوسرے روز جوانوں کو ۱۸ میل چلنا پڑا۔ اور
اس کے بعد اُنہیں ۱۲ سے ۵ میل تک روزانہ چلایا
جاتا رہا اور وہ رات کو سائے کے بغیر زمین پر سوتے
رہے۔ عربی لشکر کے سواروں نے بھیڑوں کی طرح
اُن کا گلہ بنا لیا۔ اور راستہ سے پراگندہ جوانوں کو آگے
چلانے کے واسطے چھڑیاں اور چابکوں سے کھلے

ہاتھ پیٹا جاتا رہا۔ خوراک بہت کم اور گرمی شدید تھی۔
گرد و غبار کے بادل ہر وقت چھائے رہتے تھے۔
اور اب تک جوانوں کی بہت سی تعداد کے پاس
نہ تو بوٹ اور نہ ہی پانی کی بوتلیں رہی تھیں۔ اُن کے
نگہبان لشکر نے اُنہیں تن و بدن سے اور زیادہ
ننگا کر دیا اور بغداد پہنچنے تک یہ صورت ہوئی۔ کہ
عربی گارد کے سب سے زیادہ جوانوں میں سے کئیوں
نے تو اُن انگریزی وردیوں کے کوٹ اور کئیوں نے
پتلونیں اور کئیوں نے کچھ اور پہنا ہوا تھا۔ جو کہ اُنہوں نے
دورانِ راہ میں چرائی تھیں۔ ترکی افسروں کا جو کہ عموماً
سوار ہو کر کالم کے آگے آگے چلتے تھے اُن پر کوئی
قابو نہیں تھا۔ تکالیف کا تخفیف کنندہ صرف ایک
الیانی نامی ترکی ڈاکٹر تھا۔ اس ڈاکٹر کا نام اس لئے قابل
ذکر ہے۔ کہ یہ کوچ میں ہمراہ اور دونوں کو دوا دوا پلانے
پہنچانے میں ان تھک رہا۔ مگر ہزاروں ایسے جوانوں
کے درمیان جن کو کہ اسکی ضرورت تھی۔ وہ کیا کر سکتا
تھا۔ ایک دن (یعنی کوچ کا چوتھا دن) پورے کا پورا
آرام کرنے کو دیا گیا۔ یہ دن عزیزی پر آیا جہاں تقریباً
۳۵۰ انگریز اور ہندوستانی مریض ایک قسم کے گنبدوں
کے طویلے میں بعد کو دریائی راستے سے لانے کے لئے
پیچھے چھوڑے گئے۔ اس طویلے میں تھوڑی سی جگہ

تھے۔ اور بہت دفعہ تو اُسے رد بھی کر دیا جاتا تھا۔
۷ مئی کو جس دن کہ اسیروں کے کالم کو بغداد تک ۱۰
میل کا کوچ شروع کرنا تھا۔ افسر اپنے جوانوں سے
الگ کئے جانے کی خبر سُن کر سخت خوف زدہ ہوئے۔
کیونکہ اس وقت تک اُنہیں یہ خوب معلوم ہو چکا
تھا کہ اس سے کیسے کیسے نتائج پیدا ہونگے۔ جہانتک
اُن کی طاقت میں تھا اُنہوں نے ترکی کمانڈنٹ کو یہ
بار بار جتایا کہ جوان سخت تھکے ہوئے ہیں اور اُس
سے اس بات کا عہد بھی کرالیا کہ جوانوں سے ۸ میل فی
روز سے زیادہ سفر نہیں کرایا جائے گا علاوہ ازیں
اُنہوں نے جوانوں کی بہت سی ایسی تعداد بھی الگ کرالی
جو کہ کشتی کے بغیر اور کسی طرح سے سفر کرنے کے قابل
نہیں تھے۔ آخر الذکر تعداد میں ترکی ڈاکٹروں نے
بہت سی تخفیف کر دی مگر روزانہ سفر کی حد صاف طور
پر قبول کر لی گئی۔ اس طرح سے افسروں کو اپنے اُن
جوانوں سے الگ ہونا پڑا جن کے ساتھ کہ اُنہوں نے
محاصرے کی سختیاں برداشت کی ہوئی تھیں۔ اس
لئے یہ ایک ایسا موقع تھا۔ جبکہ ہر ایک کا دل بھر آیا
یہ افسر تحریر کرتے ہیں کہ شمرن کے کیمپ کی خستہ حالی
کے دوران میں بھی ہمارے جوانوں کے تربیت یافتہ
رویہ اور اُن کے اردگرد کے ترکی سپاہیوں کے رویّے

ایک ہفتے کے اندر اندر تقریباً ۳۰۰ جوان جاں بحق تسلیم ہوئے۔ اور ترکی محکمۂ ڈاکٹری نے بالکل کوئی مدد نہ دی۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے۔ کہ اُس نے ہمارے اپنے ڈاکٹری عملے سے اُس کی سب سے زیادہ اہم ادویات بھی چھین لیں۔ قصہ کوتاہ یہ بہت جلدی ظاہر ہوگیا۔ (اور اس موقع پر اسے دیکھ کر سب حیران و ششدر رہ گئے) کہ ترکوں نے جو اسیر پکڑے ہیں اُن کی جانوں کی حفاظت کرنے کے لئے نہ تو اُن میں طاقت ہے اور نہ ہی آرزو۔

ترکوں کے خوراک بہم پہنچانے اور اُسے منزلِ مقصود تک لے جانے کے معاملات میں جو گڑبڑ پرانے وقتوں سے چلی آتی ہے۔ اُسے بہت پہلے ہر ایک جانتا تھا۔ وہاں تمام ضروریات کے لئے بار بار مطالبہ کیا جاتا تھا۔ اُن کے دینے میں حجتیں پیش کی جاتی تھیں۔ اور اُنہیں لینے پر اڑنا پڑتا تھا۔ اور زیادہ خاص بات یہ تھی۔ کہ اُن کے پہنچنے کے واسطے مدتوں انتظار کرنا پڑتا تھا۔ مگر ان سب باتوں سے کہیں بڑھ چڑھ کر یہ امر ظہور میں آیا۔ کہ ایک کے بعد دوسری علامت ایسی پائی گئی۔ جس سے یہ ظاہر ہوتا تھا۔ کہ انگریز افسر جو مدد خود دینے کے قابل تھے اُس کے راستے میں بھی روڑے اٹکائے جاتے

چڑھاؤ کی طرف تقریباً ۸ میل دور شمرن تک کوچ کرایا گیا۔ اور شمرن میں وہ تب تک ڈیرے ڈالے رہے جب تک کہ انہیں آگے بغداد بھیجا نہ جا سکا۔ شمرن میں انہوں نے اپنے لئے اس کے سوائے اور کسی قسم کی کوئی تیاری نہ پائی۔ کہ وہاں ایک ریگستانی قطعہ ننگا پڑا ہوا تھا۔ اور اس کے گرداگرد ترکی سنتری تعینات کئے ہوئے تھے۔ اس جگہ پہ (جہاں کہ ہمارے جوان ایک ہفتے تک پڑے رہے) انہیں مینہ یا دھوپ سے بچانے کے واسطے کوئی سائبان وغیرہ موجود نہیں تھا۔ دو روز تک ترکوں نے کوئی راشن وغیرہ نہ دیا۔ اور یہاں سوائے اُن چند کھجوروں اور سیاہ روٹی کے اور کچھ بھی کھانے کو میسر نہیں ہوتا تھا۔ جو کہ عربی خوردہ فروش جوانوں کے درمیان بوٹوں اور کپڑوں کے بدلے بیچتے پھرتے تھے۔ اور جس کی وجہ سے بے کس جوان اور زیادہ عاجز ہو گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ ترکوں نے اپنے خشک اور پتھر کی طرح سخت راشن بسکٹوں کی تجارت جاری رکھی۔ یہ بسکٹ فاقہ کشی سے ادھ موئے جوانوں کے واسطے بالکل ناقابلِ ہضم تھے۔ اور ہیضہ اور پیچش وغیرہ سے شمرن پر اموات کی جو بڑی بھاری تعداد واقع ہوئی۔ اس کی بڑی وجوہات میں سے غالباً یہ بھی ایک تھے۔ ہتھیار ڈالنے کے بعد

اس کام میں شہر کے عربوں نے بھی اُن کی مدد کی ۔ افسروں اور جوانوں کی وردیوں پر (خاص طور پر بوٹ اور پانی کی بوتلیں چھیننے کے واسطے) ترتیب وار ہاتھ صاف کیا گیا۔ اکیلے دُکیلے لٹیرے ہسپتالوں میں جا گھسے۔ اور جو کچھ اُن کے من بھایا۔ اُنہوں نے مریضوں کے اسباب میں سے غائب کر لیا۔ اُن کے چند افسروں نے تو اُنہیں اس کام سے باز رہنے کی ناکامیاب کوششیں کیں۔ مگر باقی خود لوٹ کھسوٹ کرنے میں اپنے جوانوں کے ہم پلہ ثابت ہوئے۔ ایک افسر نے انگریزی فوج کے افسروں کو ریوالور دکھا کر روک لیا۔ اور اُن کی گھڑیاں، اور روپیہ چھین لیا۔ بہت سے افسر انگریزی کرچیں اور دوربینیں لے جاتے ہوئے دیکھے گئے۔ رائل آرمی میڈیکل کور اور انڈین میڈیکل سروس کے افسروں کے جراحی کے اوزاروں کے کیس اُن سے چھین لئے گئے۔ اور اُن کا ڈاکٹری سامان لوٹ لیا گیا۔ رات ہونے تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ اور اُس وقت غیر مسلح اسیروں نے جہاں تک اُن کی طاقت میں تھا اپنی حفاظت کے لئے ایک اعلیٰ گارد کو مرتب کیا +

دوران رات میں اور اگلے دن انگریزی فوج کے بڑے حصّے سے افسروں اور جوانوں سمیت دریا کے

جھیل چکے ہیں۔ لیکن جو حشر کہ عراقِ عرب میں ہوا اس کے متعلق ہم آگے چلکر بیان کریں گے۔

مگر پیشتر اس کے کہ ہم آگے چلیں ہم صاف صاف الفاظ میں اسیروں کے سلوک کی اس داستان کا اختصار سے بیان کریں گے جو کہ دراصل ہماری ساری رپورٹ کی روحِ رواں ہے۔ ہمارے اسیروں میں آج تک معلوم شدہ اموات کی تعداد کے متعلق جو بیان سرکاری طور پہ دیا گیا ہے اُس سے اِس بات کا ٹھیک ٹھیک اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ترکی میں اسیر ہونے کے کیا معنے ہیں۔ آغازِ جنگ سے آج تک افسروں اور جوانوں کی اس تعداد کا میزان جنہیں پہ خیال کیا جاتا ہے کہ ترکوں نے پکڑ لیا ہے ۱۶۵۸۳ ہے۔ ان میں سے ۳۲۹۰ اسیروں کے فوت ہو جانے کے متعلق رپورٹ پہنچ چکی ہے ۲۲۲۲ کی بابت کوئی پتہ نہیں چلتا اور ہمارے لئے یہ یقین کر لینا لازمی ہے کہ وہ تقریباً سب کے سب بغیر نام و نشان کے ضائع ہو چکے ہیں۔ مگر وہ کہاں اور کس طرح سے ضائع ہوئے اس کی بابت ہم ایک بھی اسیر کے متعلق خبر نہیں دے سکتے۔ یہ سب کے سب اس سپاہ میں سے تھے جس نے کہ کوت پہ ہتھیار ڈالے۔ اس لئے یہ یقینی امر ہے کہ وہ ترکوں کے ہاتھوں میں زندہ پہنچے۔ مگر ان کے متعلق بعد میں کبھی ایک لفظ بھی سننے میں نہیں آیا

فصل دوم

نمبر ۶ ڈویژن کا ۴۔ دسمبر ۱۹۱۵ء سے کوت العمارہ میں محاصرہ شروع ہوا۔ اور اُس نے فاقہ کشی سے مغلوب ہو کر ۲۹۔ اپریل ۱۹۱۶ء کو ہتھیار ڈال دئے۔ اس وقت تک دیر تک بھوکے پیاسے رہنے سے ساری کی ساری سپاہ قدرتی طور پر بہت کمزور ہو چکی تھی۔ اور وہاں ۱۴۵۰ بیمار اور زخمی ہسپتال میں تھے۔ یہی یا ان کا بہت سا حصّہ (جیسا کہ بعد ازاں ظہور میں آیا) سب سے زیادہ خوش نصیب ثابت ہوئے۔ ان میں سے تقریباً ۱۱۰۰ مریض (جو کہ سب سے زیادہ خراب حالت میں تھے) مع چار افسروں کے اُسی وقت دریائے دجلہ کی راہ اپنے وطن کو واپس روانہ کرنے کے لئے بھیجے گئے۔ صرف یہی ایسے شخص تھے۔ جنہوں نے کہ (بقول بیان انور پاشا جو کہ اُس نے حال میں دیا) "دولتِ عثمانیہ کے معزز مہمان" بننے کا مزا نہ چکھا۔

کوت میں عثمانی فوجیں صبح کے وقت داخل ہوئیں اور اس سے تھوڑی دیر بعد وہ لوٹنے میں مشغول ہو گئیں

اور جو داستان ہم اب بیان کرینگے صرف اُسی سے ہی اس بات کا پتہ چلے گا کہ اُنکا کیا حشر ہُوا۔

٭ ۲۵ اکتوبر تک موصول شدہ اطلاع کے مطابق تُرکی میں برطانوی اسیرانِ جنگ کے مکمل اعداد:

	وہ اسیر جنکے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ دشمن کے ہاتھ آئے	وہ اسیر جو یا تو واپس کر دیئے گئے یا بھاگ گئے یا آزاد کر دیئے گئے	فوت شدہ اسیر	نامعلوم شدہ اسیر	تا ہنوز اسیر
افسر انگریز	۴۶۲	۴۳	۱۴	—	۴۱۵
ہندوستانی	۲۳۱	۷	۷	—	۲۱۷
میزان افسروں کا	۶۰۳	۵۰	۲۱	—	۶۳۲
باقی سپاہی و عہدہ دار وغیرہ انگریز	۴۹۳۲	۲۷۹	۱۸۴۰	۴۴۹	۲۳۶۴
ہندوستانی	۱۰۹۴۸	۱۱۷۷	۱۴۲۹	۱۷۷۳	۶۵۶۹
باقی سپاہی و عہدیداروں وغیرہ کا میزان	۱۵۸۸۰	۱۴۵۶	۳۲۶۹	۲۲۲۲	۸۹۳۳
سب کے سب اسیروں کا میزان	۱۶۵۸۳	۱۵۰۶	۳۲۹۰	۲۲۲۲	۹۵۶۵

مندرجہ بالا گوشوارہ کے مطابق خاص طور پر کُوت

کے گیریزن کے اسیروں کے اعداد:

	وہ اسیر جنکے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ دشمن کے ہاتھ آئے	وہ اسیر جو یا تو واپس کر دیئے گئے یا بھاگ گئے یا آزاد کر دیئے گئے	فوت شدہ اسیر	نامعلوم شدہ اسیر	تا ہنوز اسیر
افسر انگریز	۲۸۴	۳۱	۱۰	—	۲۴۳
ہندوستانی	۲۲۲	۷	۵	-	۲۱۰
میزان افسروں کا	۵۰۶	۳۸	۱۵	-	۴۵۳
باقی سپاہی عہدہ دار وغیرہ انگریز	۲۶۸۰	۲۱۰	۱۳۰۶	۴۴۹	۷۱
ہندوستانی	۱۰۴۸۲	۱۱۷۷	۱۲۹۰	۱۷۷۳	۶۲۴۶
باقی سپاہی و عہدیداروں وغیرہ کا میزان	۱۳۱۶۶	۱۳۸۷	۲۵۹۶	۲۲۲۲	۶۹۶۱
سب کے سب اسیروں کا میزان	۱۳۶۷۳	۱۴۲۵	۲۶۱۱	۲۲۲۲	۷۴۱۴

ہاتھوں سے گذرتے رہتے تھے) بلا کسی لحاظ و تمیز متوجہ رہا کرتے تھے۔ علاوہ ازیں بیت المقدس کے امریکی کانسل نے بھی بڑا کام نکالا تھا اور کہیں کہیں اور خاص طور پر دمشق میں کوئی کوئی اچھا ٹرکی ڈاکٹر بھی پایا جاتا تھا۔ وہ شبانہ باشندے (اور نظاریتھ پر تو انگریزی خاتون بھی) خوانوں کے پاس آجا سکتے تھے۔ وہ اُن کے لئے چھوٹی چھوٹی آرام دہ اشیا لایا کرتے تھے اور انہیں اپنے وطن کو چٹھیاں بھیجنے اور اسی قسم کے اور اور کاموں میں مدد دیا کرتے تھے۔ اعلےٰ ترکی احکام خلق سے پیش آیا کرتے تھے اور کبھی کبھی تو کچھ عملی مدد بھی کر دیا کرتے تھے۔ مثلاً کمانڈر انچیف نے ایک دفعہ اپنے ایک ایڈی کانگ کو ایک انگریز افسر کے ساتھ بیت المقدس کے بازار میں بھیجا۔ یہ واقع ۱۹۱۶ء میں پیش آیا اور اُسے ضروری اشیا خریدنے کے واسطے ۵ پونڈ عطا کئے۔

سب سے بُری حالت تو عربی سپاہیوں کے ہاتھوں ہوا کرتی تھی جو کہ اسیروں کو ہمیشہ لُوٹتے رہتے تھے اور شاید ہی کسی موقع پر ایسے جوانوں نے وحشیانہ جور و ستم کرنے سے باز رہتے تھے جو کہ پہلے پہل اُنہی کے قابو آتے تھے۔ دور و دراز کے ریگستانی محاذوں پر ہمارے اسیر بہت سے موقعوں اور مقاموں پر اس آوارہ اینڈہ کے قزاقی طبع اور نا تربیت تافتگی کے ہاتھوں بار بار خطر

ریپریسل (انتقام) کے نام پر اس طرح سے نہایت وحشیانہ سزا دی جا چکی تھی کہ انہیں متعدد ہفتوں تک زمین دوز کوٹھڑیوں میں بند اور دن کی روشنی دیکھنے سے محروم رکھا گیا اور تنہائی میں رکھ کر بھوک و پیاس کی سخت اذیتیں پہنچائی گئیں۔ ۱۹۱۷ء میں یہاں کی بجائے ہسپتال سے نکلے ہوئے اسیروں کو سماتیا کیمپ میں جمع کیا جاتا تھا۔ یہ شہر کے گرد و نواح میں ایک ایسے آرمینین سکول اور گرجا گھر میں واقع تھا جو کہ کبھی پہلے استعمال نہیں کیا گیا تھا۔ یہ پہلے پہل ایک غلیظ اور ناخوشگوار جگہ تھی اور اگرچہ کچھ حد تک یہ ایسے مریضوں کے واسطے مقصود تھی جو کہ ہسپتال چھوڑنے کے بعد ابھی کچی حالت میں تھے پھر بھی جد و جہد کے بغیر انہیں غسل تک بھی میسر نہیں ہوتا تھا۔ مگر بعد میں ایک بہتر کمانڈنٹ کے زیر حکم حالات بہتر ہو گئے۔

فلسطین میں ہسپتالوں کا وہ گروہ جہاں فلسطین کے محاذ پر پکڑے ہوئے اسیروں کا علاج کیا جاتا تھا۔ الم علم نوٹے کے تھے یہ خیراتی ہسپتال تھے اور ان کا عملہ شفیق اور زباندان فرانسیسیوں۔ یونانیوں سریا والوں اور آرمینیوں سے مرکب تھا۔ ان لوگوں کی صفائی تو قابل تعریف نہیں تھی مگر یہ اسیروں اور متعدد ترکی زخمیوں کی طرف (جو کہ لگاتار ان کے

حالت کو محض بار بار جتلانے سے اس کی بابت مناسب حاکم تک اطلاع پہنچانے میں کامیاب نہ ہو گئے۔ ایسے موقعوں پر بعد میں جو عذر و معذرت اور تعریفی کلمات پیش کئے جاتے رہتے ہیں وہ ہر موقع پر مصائب کی کافی تلافی خیال نہیں کئے جا سکتے تھے۔

۱۹۱۶ء کے آخیر یا اس سے بھی بعد تک ہمیشہ ایک یہ بھی عجیب بات ظہور میں آتی رہی ہے کہ وہ واحد کلیرنگ سٹیشن (یعنے وہ مقام جہاں سے زخمی اسیر وغیرہ مختلف سمتوں میں بھیجے جاتے ہیں) جو شہر میں موجود تھا اور جہاں ہسپتال سے خارج شدہ اسیروں کو اندرونی علاقوں میں بھیجنے کے وقت تک جمع رکھا جاتا تھا ظاہراً ایک عام سول یعنی غیر فوجی جیل رہا۔ یہ ایک نہایت ہی رذیل اور غلیظ جگہ تھی اور یہاں ہمارے جوان تب تک ہفتوں پڑے رہتے تھے جب تک کہ اتفاق سے ایسا موقع نہ آجاتا تھا جو کہ انہیں وہاں سے نکالنے کے واسطے بارے مناسب خیال کیا جاتا تھا۔ یہاں پہلے تو انہیں عام مجرموں کی کوٹھڑیوں میں رکھا جاتا تھا مگر بعد میں وہ ایک بڑے دالان کی گیلری میں رہتے تھے جہاں نچلے چھت میں مجرموں کی پُر شور کوڑا زدنی کو دیکھ کر ان کا دل بہلتا رہتا تھا۔ یہ وہی جیل خانہ معلوم ہوتا ہے جس میں کہ مختلف موقعوں پر چند انگریز بحری افسروں کو

کی سب سے زیادہ تعداد تھی) ایسے کیمپوں میں تقسیم کیا گیا جہاں انہیں مشقت کرنی پڑتی تھی۔ اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ قسطنطنیہ تک پارسل بلا خلل پہنچائے جا سکتے ہیں تو بھی ٹرکی محکمہ ڈاک ایسی گڑبڑی کی حالت میں ہے کہ ان کا ایشیا میں دُور و دراز کے مقصودہ مقاموں پر یقینی طور پر پہنچنا ناممکن ہے۔ اس لئے آخر الذکر گروہ کو ایلیپو پر ایک ایسی ریلیف کمیٹی کی زیر حفاظت رکھا گیا جس کا انتظام اس شہر کے امریکوی کانسل کے بعد ہسپانوی کانسل کے ہاتھوں میں رہا اور جس کا الحاق قسطنطنیہ میں ایک ویسی ہی کمیٹی کے ساتھ کیا گیا۔ قسطنطنیہ کی کمیٹی کا پریذیڈنٹ ڈچ منسٹر تھا۔ ایلیپو کمیٹی جسے کہ اپنی ضروریات کے مطابق قسطنطنیہ کی کمیٹی کی طرف سے روپیہ ملتا تھا اسیروں کے مشرقی گروہ کے واسطے خوراک۔ ادویات اور کپڑے مقامی طور پر ہی خرید لیتی تھی۔ سرکار انگلشیہ اور سرکار ہند نے ڈچ منسٹر کو یہ اختیار دے رکھا تھا کہ وہ ان کی طرف سے جس قدر روپیہ ضروری سمجھے اسیروں کی امداد کیلئے خرچ کر دے۔ خواہ وہ امداد نقدی کی صورت میں ہو۔ یا مال کی صورت میں۔ اور کہ ہر افسر اور جوان کو مختلف حالتوں کے بموجب مختلف ماہواری عطیہ بھیجا جائے۔

اس میں شک نہیں کہ اعلےٰ سے اعلےٰ انتظام میں بھی نقص رہ جانا ممکن ہوتا ہے۔ اور اگرچہ ترکی نظام کے پرانا اور ناقص ہونے۔ اور اسیروں کی نقل وحرکت کے متعلق بروقت خبر حاصل کرنی مشکل ہونے کی وجہ سے انتظام میں اکثر نقص رہتے رہے ہیں۔ پھر بھی ان کمیٹیوں نے بیش بہا کام کیا ہے اور اُنہوں نے بڑے بڑے ذخیروں کو کم سے کم قیمت پر خریدنے کے موقعوں سے پُورا پُورا فائدہ اُٹھایا ہے۔ کون نہیں جانتا کہ جب کبھی ممکن ہُوا خوراک وغیرہ کی بہم رسانی میں انگلستان سے پارسل بھیج بھیج کر ایزادی کی گئی۔ مگر یہ معاملہ سرکار کے احاطۂ عمل سے باہر تھا اس لئے اس کا ذکر مضمون کے حلقہ سے تعلق نہیں رکھتا۔

ہمیشہ اور ہر جگہ اسیروں اور خاص طور پر افسروں کو ایسی حالت میں رکھنا لازمی ہوتا ہے کہ وہ جہاں ہوں وہیں اپنے لئے خوراک اور ایندھن خرید سکیں۔ مگر گذشتہ سال کے آخیر میں جب سلطنتِ عثمانیہ نے یکلخت یہ فیصلہ کر دیا کہ سکّوں کے تبادلے کے نرخ کو اصل نرخ سے تقریباً ایک تہائی کم کر دیا جائے۔ (یعنی اُسے اُتنا یا اُس سے بھی کم کر دیا جائے جو کہ پیشتر از جنگ تھا) تو سخت تشویش پیدا ہوئی۔ تمام ضروریات کی گرانی نے ایسی شدید صورت اختیار کر رکھی تھی کہ کاغذوں کی رُو سے جن میں کہ روپیہ ادا کیا جاتا تھا، خریدنے

رہی۔ ترکی ہسپتالوں کے اردلیوں سے جو کہ ہمیشہ سست الوجود غلیظ اور غیر معتبر ثابت ہوا کرتے تھے ہمیشہ نفرت کا اظہار کیا جاتا تھا اور اگر کوئی جوان صرف ایسے ہی اردلی کے بس پڑ جاتا تو اس کی بُری گت ہوتی۔

علاوہ ازیں خاص خاص بیماروں یا زخمیوں کے کس مپرسی کی حالت میں رہنے کی بابت اور اُن مشکلات کے متعلق بہت سی داستانیں بیان کی جا سکتی ہیں جن کا کہ بعض ایسے اسیر افسروں اور اور لوگوں کو اپنی طرف توجہ دِلانے کے لئے سامنا کرنا پڑا جو کہ سینکڑوں میلوں سے شاید صریحاً اس مدعا سے لائے جاتے تھے کہ انہیں کسی جراح یا ماہر کو دکھلایا جائے گا۔ عام طور پر کسی ناگہانی خطرے کی بابت خواہ اس خطرے کے پیش آنے کا پہلے سے ہی پتہ کیوں نہ ہو کسی قسم کی کوئی تیاری کرنیکا ویسا ہی حال قسطنطنیہ میں ہے جیسا کہ ترکی کے اور مقاموں پر۔ دو ایسے افسروں نے جو کہ نومبر ۱۹۱۷ء میں تاکیدی علاج کے لئے شہر کستامنی میں پہنچے ایک سے دوسرے ہسپتال میں داخل ہونے کی بے سود اجازت طلب کی۔ اور آخر کار انہیں ایک خالی گھر میں ڈالکر کئی روز تک وہاں رکھا گیا۔ وہاں سے انہیں تب تک باہر جانے کی اجازت نہ دی گئی اور خوراک کے لحاظ سے انہیں حقیقتاً سخت تنگ حالت میں رکھا گیا جبتک کہ وہ اپنی ناگفتہ

دفعہ صرف بڑی تاخیروں اور تاکیدی مطالبوں کے بعد قسطنطنیہ بھیجا جاتا ہے۔

قسطنطنیہ میں بہیئتِ مجموعی معاملات کی صورت مختلف ہے تقریباً دس ہسپتالوں میں سے جن کی کہ ہمارے پاس رپورٹیں ہیں بہت ہی کم ایسے ہیں جنہیں حقیقتاً تسلی بخش یا بُری طرح سے منظوم شدہ کہا جاسکتا ہے۔ اور کم از کم تین تو (جن کا نام کہ حیدر پاشا (ہتبنول) زیبین (پیرا) اور زینب کامل (سکوتری) ہے) موجودہ زمانے کے اچھے ہسپتال ہیں۔ ان کے عملے میں ایسے تُرکی یا یونانی ڈاکٹر کام کرتے ہیں جنہوں نے کہ مغربی تربیت حاصل کی ہوئی ہے اور یہاں کی نرسیں زیادہ تر جرمن اور آسٹروی ہیں۔ جو اسیر کہ ۱۹۱۵ء میں ان ہسپتالوں میں سے گزرے اُن کا خاطر خواہ طریقے سے اچھا خیال رکھا جاتا رہا اگرچہ دراصل عام طور پر ان ہسپتالوں میں ادویات اور خوراک کم ہی کم ہوتی چلی جاتی رہیں وہ جوان نسبتاً زیادہ گھاٹے میں رہے جو شہر کے چھوٹے اور ایسے ہسپتالوں میں بھیجے گئے جن میں کہ ایشیائی طریق زیادہ رائج تھے۔ مگر آخر الذکر ہسپتالوں کی بھی صوبوں کے اور ہسپتالوں جتنی خراب حالت نہ تھی۔ اور اکثر سننے میں آتا تھا کہ ان ہسپتالوں میں کسی مہربان آرمینین ڈاکٹر یا کسی صاحبِ دل کی مدد سے صورت معاملات بہتر ہو جاتی

کی طاقت اس وقت کئی گنا کم ہو چکی تھی۔ اور اُن سے اشیا کی جتنی مقدار کہ پہلے خریدی جاسکتی تھی اب اُس کے پانچویں سے لے کر دسویں حصے تک میسر ہوتی تھی اس فیصلے سے جو سختی ہوئی اس کا اندازہ اس رپورٹ کے اگلے صفحوں سے لگایا جاسکے گا۔ اسیروں کو راشن کے نرخوں سے یعنی اُن نرخوں سے خوراک خریدنے کی اجازت نہ دینے سے جن سے کہ ترکی فوجیں خوراک خریدتی تھیں یہ سختی اور بھی زیادہ شدید ہو گئی اور نتیجہ یہ ہُوا کہ اسیر مقامی نفع بازوں اور از حد زیادہ قیمت کی طلبی کا شکار رہوئے۔

برطانوی اسیروں کی جس قدر تعداد ترکی میں ہے۔ اُس کا زیادہ حصہ ابھی تک وہی جوان ہیں جو کہ اپریل ۱۹۱۶ء میں کوت العمارہ کے دشمن کے ہاتھ آنے پر پکڑے گئے تھے۔ ہمارے لئے اس ڈویژن کے متعلق جو کہ اس مقام پر قید ہوئی تھی زیادہ تر ذکر کرنا نہ صرف اس لئے ضروری ہے کہ ہمیں اُس کے متعلق سب سے زیادہ پتہ ہے بلکہ اس سبب سے بھی لازمی ہے کہ اگر ہم اُس کے حال کی داستان کا سلسلہ وار مطالعہ کریں تو ہمارے سامنے تمام اسیروں کی حالت کا سب سے اعلےٰ اور صاف صاف نقشہ کھچ جائے گا۔ ترکی کے ساتھ جو ہماری جنگ ہوئی اس میں اسیروں کے سوال کے مطالعہ کے واسطے کوت العمارہ کے دشمن کے قبضہ میں

آجانے کا واقعہ سب سے زیادہ نمایاں ہے - اسی لئے یہاں تک پہنچ کر ہم اپنے مضمون کو ایک خاص رُخ کو لے جاتے ہیں - جو جوان ورڈانیال یا فلسطین کی لڑائیوں میں اسیر ہوئے تھے اُن کے تجربے کے متعلق کوئی اعادہ کے اسیروں جیسا مسلسل ذکر کرنا ممکن نہیں مگر عام طور پر یہی وہ شخص تھے جنہیں کہ تُرکوں کے باقاعدہ ہسپتالوں کا پہلے قسطنطنیہ میں - پھر بیت المقدس میں - بعد ازاں نظارتھ اور دمشق میں سب سے زیادہ تجربہ حاصل ہوا۔ اس لئے ہم بیان کے اس پہلو کا ذکر کر کے اپنے مضمون کو شروع کر سکتے ہیں ؛

یہ چنداں بیان کرنے کی حاجت نہیں کہ تُرکی میں ہنر جراحی اور طبابت بڑے ہلکے پائے کے ہیں - وہاں اعلے ڈاکٹر موجود تو ہیں مگر وہ تعداد میں زیادہ نہیں اور صرف قسطنطنیہ میں ہی میسر ہو سکتے ہیں - بڑے بڑے شہروں میں ہسپتال تقریباً ہمیشہ کسمپرسی کی حالت میں اور نجاست سے پُر رہتے ہیں - اُن میں مریضوں کے واسطے صرف اتنی ہی گنجایش ہوتی ہے کہ کہیں اتفاق سے تندرست ہو گئے تو ہو ہی گئے - مگر تُرکوں کے حفظ صحت کے بالکل ابتدائی اصولوں کی طرف سے بھی قطعی غافل ہونے کی وجہ سے ایسا اتفاق بہت زیادہ نایاب ہو گیا ہے - قدرتی طور پر ایسے ہسپتالوں میں کسی قسم کا کافی ذخیرہ یا سامان مہیا کیا ہی نہیں جاتا اور اگر قسمت سے ان میں کوئی موجودہ زمانے کا آلہ موجود ہو بھی تو غالباً وہاں کے لوگوں میں اسے استعمال کرنے کی عقل ہی نہیں ہو گی - مثلاً انگورا میں ریڈ کریسنٹ کے ایک بڑے ہیبتناک ہسپتال میں ایک دفعہ ایک نہایت اعلے جرمنی کا بنا ہوا جراثیم ہلاک کرنے کا آلہ نجاست کے درمیان اس لئے بیکار پڑا ہوا پایا گیا۔ کہ کسی کو اُس کے طریق استعمال کا علم ہی نہیں تھا - یہ کہنا بجا ہو گا کہ ایسی جگہوں پر اسیروں اور تُرکی مریضوں اور زخمیوں کے سلوک میں کوئی فرق نہیں تھا اور اُسکی وجہ یہ تھی کہ ترک تہذیب میں ابھی صدیوں پیچھے تھے - خوش قسمتی سے اب ہمارے جوان پہلے کی نسبت کم کثرت سے مذکورہ بالا قسم کے ہسپتالوں کے جہاں کہ اموات کی تعداد ہمیشہ ہولناک رہی ہے سخت سنجیدہ خطروں کا شکار ہوتے ہیں کیونکہ انگریز ڈاکٹروں نے جن میں سے کہ اسوقت بہت سے مختلف کیمپوں میں کام کر رہے ہیں اپنے نظام کو مرتب کر لیا ہے - علاوہ ازیں بعض مقامات پر مغربی طریقہ کے مطابق اُس ریل کے کام کے سلسلے میں جرمن اور آسٹروی ہسپتال کھڑے کر دیئے گئے ہیں جو کہ بغداد ریلوے کے نام سے مشہور ہے - ساتھ ہی باقی مقامات پر زیادہ سخت بیماروں یا ایسے مریضوں کو جن کے لئے کہ خاص طریقہ علاج کی ضرورت ہوتی ہے اس میں شک نہیں کہ بعض

رہنے دیا۔ اندریں حالات نظامِ امداد خواہ وہ انگلستان سے پہنچائی جائے۔ یا ترکی میں وچولوں کے ذریعے بھیجی جائے۔ مدت سے (اور اس وقت تک بھی) اُن سب سوالوں میں سب سے اہم سوال رہا ہے۔ اور زیادہ ہی زیادہ اہم ہوتا جائے گا۔ جن کا تعلق کہ ترکی میں مقید اسیروں سے ہے۔ یا یوں کہو۔ کہ سوائے اس بات کے کہ ہم اپنے اسیروں کو واپس لے سکیں۔ نظامِ امداد اور کسی سوال سے بھی کم اہمیت نہیں رکھتا۔ آخر الذکر نکتے کے متعلق کچھ کہنا اس رپورٹ کے احاطۂ عمل سے باہر ہے۔ ساتھ ہی ہمیں یہ بھی مکمل طور سے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ کہ خوراک بہم پہنچانے کے واسطے ہم نے کون کون سے طریق اختیار کیے۔ ہاں یہاں اس قدر بتانا ممکن ہوگا۔ کہ ہمارے راستے میں بڑی بڑی مشکلات کیا کیا پیش آئیں۔ اور اُنہیں دور کرنے کے واسطے کیا کیا وسائل اختیار کیے گئے۔

پارسلوں کو منزل مقصود تک پہنچانے کے لحاظ سے ترکی میں اسیروں کو قدرتی طور پر دو گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک وہ جو ایشیائے کوچک میں مقیم تھے۔ اور دوسرے وہ جنہیں ایلپو کے مشرق میں دو چند مہینے گزرے کہ یہاں بلاشک و شبہ اسیروں

ترکی میں برطانوی و ہندوستانی اسیرانِ جنگ کے سلوک کے متعلق رپورٹ

فصلِ اوّل

ترکی میں برطانوی اسیرانِ جنگ کی سرگزشت ترکی خصلت کے اُن عجوبوں کا پورا پورا آئینہ ہے جن میں سے کم از کم بعض تو ایک دُور بیٹھے ہوئے شاہد کے واسطے کافی دلکش نظارہ پیش کرتے ہیں۔ کچھ ایشیائی بے پرواہی اور کاہلی کے زبردست بوجھ پر دلالت کرتے ہیں۔ اور باقی ماندہ عمداً اور قصداً وحشی بننے کا نتیجہ ہیں۔ اسی وجہ سے یہ امر وقوع میں آیا ہے۔ کہ ایک ہی وقت پر جہاں ایک طرف اس قسم کے اسیر موجود ہیں۔ جن کے ساتھ کہ ایسا شائستہ سلوک کیا گیا۔ اور جن کا کہ اس قدر خیال رکھا گیا۔ کہ دکھاوے کو اصیل کر کے دکھا دیا گیا۔ وہاں ایسے بھی پائے جاتے ہیں۔ جنہیں محض سستی اور ناقابلیت کی وجہ سے فاقہ کشی سے ہلاک ہونے دیا گیا۔ علاوہ ازیں

ایسے اسیر بھی ہیں جنہیں حیوانوں کی طرح ہانکا اور عذاب پہنچایا گیا +

رویہ کے ان پُرغضب اختلافات کی وجہ سے اپنے جوانوں کے تجربے کے متعلق ایک مربوط اور عام بیان بہم پہنچانا ایک سخت مشکل امر ہوگیا ہے۔ تقریباً کوئی بھی ایسا قطعی بیان نہیں ہوسکتا جو واقعات کی رُو سے بار بار غلط ثابت نہ ہوتا ہو۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عموماً محض اتفاق سے جو جیسے حالات میں وارد ہؤا ویسا ہی اِس کے ساتھ سلوک ہؤا +

تاہم اس معاملے میں ترکوں کا رویّہ بہیئتِ مجموعی دو اصولوں کے تابع رہتا ہؤا معلوم ہوتا ہے۔ جن میں سے ایک تو اُن کی دانستہ پالیسی سے تعلق رکھتا ہے۔ اور دوسرا ان میں فطرتاً اور رواجاً موجود ہے۔ ترکوں کی بہت سی غافلانہ مہربانی کے ساتھ ساتھ ملا ہؤا یہ پختہ خیال ہمیشہ اُن میں پایا جاتا رہا ہے۔ کہ اگر بڑے درجے کے آدمیوں کے حق میں تعریفانہ کلمات استعمال کئے جائیں تو عام آدمیوں کی حالت خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو اس کے متعلق ذرا بھی پرواہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اس میں کچھ بھی شک نہیں کہ ترکوں کے دل میں (یہاں تک کہ اعلےٰ رتبہ رکھنے والے ترکوں کو بھی) یہ سُن کر فی الواقعی حیرت پیدا ہوئی ہے کہ مغربی لوگ عام سپاہیوں

یقین میں تبدیل ہوگیا ہے۔ ترک مغربی خیالات سے اس قدر بے بہرہ نہیں تھے۔ بلکہ اُن کی یہ خواہش تھی۔ کہ وہ ایک ایسی طاقت کی طرح ظاہر ہوں۔ گویا کہ وہ یورپ کی روشنی سے منوّر ہیں۔ اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ یہ اسی بات پر منحصر ہے۔ کہ وہ اصل واقعات پر پردہ ڈالنے میں کامیاب ہوجائیں +

ان واقعات کے ایک حصّے کا بیان جو کہ جہانتک ہمارے پاس پہنچا ہے۔ بالکل درست ہے۔ موجودہ رپورٹ میں درج کیا جاتا ہے۔ ہمارے بیان سے یہ ظاہر ہوگا۔ کہ جو سوالات اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ اُن سب میں سے کہیں بہت زیادہ ضروری سوال خوراک بہم پہنچانے کا سوال ہے۔ ترکی میں خوراک کمیاب ہے۔ اور یہی حال کپڑوں کا ہے۔ یہ دونو چیزیں ایسی ہیں۔ کہ اول تو اُن میں سے کوئی خریدی ہی نہیں جاسکتی اور اگر خریدی بھی جاتی ہے۔ تو اس کے لئے بھاری اور اکثر ایسی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے جس کی کہ زیادتی کا سان وگمان ہی نہیں ہوسکتا۔ اس لئے اگر اسیروں کو اپنی ضروریات خود بہم پہنچانے پر چھوڑ دیا جائے۔ تو قدرتی طور پر اُن کی بری حالت ہونی لازمی ہے۔ لیکن ایسی صورت کے ہوتے ہوئے بھی ترکوں نے یہ کام اسیروں کے بہت زیادہ حصّے کے ذمّے ہی

تھیں - اور جن کی کہ ایک دوسری سے مقابلہ کر کے احتیاط سے پڑتال کر لی جاتی تھی - صرف مفصلہ ذیل غیر جانبدار ملاحظہ کنندے ہی ۱۹۱۸ء کے موسم گرما تک ہمارے جوانوں کو دیکھ سکے :-

امریکی سفارت کا ایک قاصد جو ۱۹۱۵ء میں صرف ایک ہی موقع پر کسی نہ کسی طرح سے آفین کراہسار تک پہنچنے میں کامیاب ہوا +

دو رومن کیتھلک پادری جنہیں کہ ایک دوسرے موقع پر پاپائے روما نے بھیجا +

سوئٹزرلینڈ کے بین الاقوامی ریڈ کراس کے دو کارکن جنہیں ۱۹۱۶ء کے اخیر میں ایک مفید مگر خاص حدود کے اندر اندر دورہ کرنے کی اجازت دی گئی +

صرف یہی نہیں کہ کوئی اور معائنہ نہیں ہونے دیا گیا بلکہ اسیروں کو ڈچ لیگیشن سے چٹھی وغیرہ کے ذریعے پیغام لینے دینے سے بھی متواتر روکا گیا - اور جب کبھی وہ اس کے ساتھ خط و کتابت کرنے میں کامیاب ہوئے اُنہیں سزا دی گئی - اس مخفی پن سے جو نتیجہ نکلتا ہے وہ ظاہر ہی ہے - اور اب جو شہادت ہمارے پاس موجود ہے - وہ کئی جگہ سے ادھوری ہونے کے باوجود بھی اس قدر بہ افراط اور مفصّل ہے - کہ ہمارا شک اب بالکل پختہ

کے حقوق کا سنجیدگی سے خیال رکھتے ہیں اور پھر خیال بھی اُن چند ہزار سپاہیوں کے حقوق کا جن سے کہ ہتھیار چھین لئے گئے ہیں - اور جو لڑائی میں دوبارہ استعمال نہیں کئے جا سکتے - یہاں یہ بیان کر دینا لازمی ہے - کہ جیسا کہ اگلے چند صفحوں کے بہت سے واقعات سے ظاہر ہوگا - اعلےٰ رتبہ رکھنے والے اسیروں کی حالت میں تو سیدا مندرجہ بالا پختہ خیال کے مطابق کام نہیں کیا گیا - مگر سپاہیوں - اور عہدے داروں کے سلوک میں تو شائد ہی کبھی اُسے نظر انداز کیا گیا ہوگا - اُن سپاہیوں اور عہدے داروں پر اپنی بے بسی کی حالت میں ایسی گزری - کہ وہ کسی حالت میں بھی ترکوں کو وہ صاحب مروّت و باغیرت دشمن خیال نہیں کر سکتے - جو ہم اُن کی بابت کبھی کبھی سُنتے آئے ہیں +

شائد ہم یہ محسوس کریں - کہ جس جگہ کے لوگ مغربی درجہ اخلاق سے اس قدر بے بہرہ ہوں - وہاں اُنہیں سخت و سُست کہنا فضول ہے - اور اگرچہ اس بات میں کافی سچائی ہے - کہ ہمارے اسیروں کی بہت سی تکلیفوں کا باعث ترکوں کے نظام کی محض گڑبڑ - اُن کی آئندہ کی بابت سوچنے کی مسلسل ناقابلیت - اور قابل تاخیر تکلیف گوارا کرنے سے پہلوتہی کرنے کی کہنہ خواہش ہے - پھر بھی خواہ ایسے اسباب کی خاطر ہم

کتنی ہی گنجائش کیوں نہ چھوڑیں - یہ اسباب ان واقعات کی تلافی نہیں کر سکتے - جو کہ گزشتہ تین سال میں ظہور پذیر ہوئے + علاوہ ازیں ترکوں کی غفلت اس قدر بے غرضانہ نہیں ہے جیسی کہ وہ ظاہری صورت میں دکھائی دیتی ہے - یہ امر کہ دولتِ عثمانیہ اپنی کوتاہی کے نتائج کی پردہ پوشی کرنے کے واسطے مسلسل اور بڑے پختہ ارادے سے سخت کوشش کر رہی ہے - اس بات کا شاہد ہے - کہ جو کچھ کیا گیا - وہ ایک پالیسی کے مطابق تھا - اور کہ کسی نے جان بوجھ کر کسی قسم کی کوئی بے پرواہی نہیں کی +

جنگ میں شامل شدہ ملکوں میں سے صرف ترکی ہی ایک ایسا ملک ہے جس نے کہ کسی بھی غیر جانبدار طاقت کے نمائندوں کو اپنے اسیروں کے کیمپوں میں آنے اور اُن کا ملاحظہ کرنے کی اجازت نہیں دی - قسطنطنیہ میں امریکی سفارت اڑھائی سال تک اس حق کو حاصل کرنے کے واسطے لگاتار جد و جہد کرتی رہی - اگرچہ یہ استحقاق بلا شک و شُبہ ایسے مقامات پر آزادانہ طور سے منظور کیا جاتا ہے جہاں کہیں کہ ترکی اسیر برطانوی ہاتھوں میں مقید ہیں - جب ۱۹۱۷ء کے موسمِ بہار میں ریاست ہائے متحدہ نے ترکی سے اپنے سفارتی تعلقات قطع کر لئے - تو ڈچ لیگیشن نے ویسے ہی زور سے اس حق کا مطالبہ شروع کر دیا - مگر ترکوں نے اس قدر ہٹ دکھلائی - اور وہ شرر انگیز شکوک ظاہر کئے - اور ایسی لا انتہا تاخیر ڈالی - کہ اُنہوں نے ترکی - دایات کو سچ کر دکھایا - یعنی کبھی کبھی تو لفظوں ہی لفظوں میں کسی بات کو کرنے کی اجازت دے دینی اور اس کے بعد اُسے عملی جامہ پہنانے کے ذریعوں کو منظور کرنے سے صاف صاف انکار کر دینا - سلطنت کا ایک محکمہ تاخیر کے متعلق پیچیدہ طور سے دوسرے پر الزام تھوپ دیتا تھا - اور سارے کے سارے معاملے میں ذاتی اغراض اور حسد و بُغض آزادانہ طور پر کام کرتے تھے - اور اگر ان ساری باتوں کی وجہ سے ہمیں دلفگار صلہ نہ بھگتنا پڑتا - تو اس میں شک نہیں کہ اس کا پورا پورا بیان کرنا ایک مضحکہ خیز امر ہوتا - جب دسمبر ۱۹۱۷ء میں عہد نامۂ برن مکمل ہوا - تب جا کر کہیں سلطنتِ عثمانیہ نے اس حق کو اصولاً پورے طور سے تسلیم کیا - اور اس وقت اس سے یہ وعدہ لیا گیا - کہ ڈچ لیگیشن کو کیمپوں میں جانے کی اجازت دی جائے گی +

تاخیر کے اور زیادہ مہینے گزر چکے ہیں - اور ابھی تھوڑی ہی دیر گزری ہے - جب تک کہ ہمیں یہ معلوم کرنے کے لئے کہ ہمارے اسیروں کے ساتھ کیا گزر رہی ہے - خوش وقت اتفاقیہ واقعات اور ایسی خبروں کا سہارا لینا پڑتا تھا - جو کہ مختلف راستوں سے ہو کر ہم تک پہنچتی

PP 102-9-2

Pol 864

To

dated 5th January 1920. The F.A. Resident.

Sir,

With reference to your letter No. 16 of 5th January 1920, I am directed to state that there is some difficulty in translating into Kannada the Urdu report on the treatment of British prisoners of war in Turkey enclosed with your letter. It is probable that there is a Kanarese rendering of the report prepared for distribution in the Kannada Dts. of the Madras & Bombay Presidencies.

If there is such a.

DAW 6/2

8 APR 1920
CHIEF SECRETARIAT
II
POLITICAL BRANCH.
28 APR. 1920

Pol 1462

DIARY NO. 1516
P. B.—2-1920—5000
SECTION
FILE NO.

No. 1452

FROM

MAJOR C. T. C. PLOWDEN, I. A.,
FIRST ASSISTANT TO THE RESIDENT IN MYSORE.
and Secretary to the Chief Commissioner
of Coorg.

To

The Chief Secretary to the Government of
His Highness the Maharaja of Mysore,
Bangalore.

Dated Bangalore, 27th April 1920

SIR,

With reference to your letter No.Pol.864, dated the 5th February 1920, I am directed to say that no Canarese translation of the Urdu report on the treatment, of British prisoners of war in Turkey has been made either in the Madras or Bombay Presidencies.

I have the honour to be,
Sir,
Your most obedient servant,

First Assistant Resident
&
Secretary to the Chief Commissioner.

G. R. S. VI—G/321

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT
( )
the 191 .

Date, of issue 7th May 1920.

Signed by Jas. C. S. B. Dyer

Section P.P.
File No. 102-19
Serial No. 4

No. Pol 1226

To The 7th A. R. in Reg. Sec.

Sir,

With reference to correspondence ending with your letter No 1452 of 27/4/20 re the distribution of the Report on the treatment of Br. Prisoners of War in Turkey, I am directed to request that a few copies of the Eng. Version of the Report in any Kind be obtained and forwarded to the Director. ~~A Mss. with facilities translation into Kannada.~~

I have the

over.

for Secretary.

CRS
6/5/20

C. R. S. VI—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT

( )

the 191

Date of issue 10/5

Signed by Mr Bhs

Section PP.
File No. 102-19
Serial No. 5

No. 25769(16) ~~Pol~~

To The I. G. of Edn in Mysore

Sir,

I am directed to send herewith 20 copies of the Urdu translation of the Report on the treatment of Prisoners of war in Turkey and to request that they may kindly be distributed ~~to Schools~~ among ~~the Colleges~~ such of the schools as in which they are taking ~~the~~ ~~text book~~ used. & make use of them.

I have the

Mr

~~Yr~~ Yr. obt. Servt

CH

10/5.

9/10

VS

G. R. S. VI—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT

( )

, the 191

Date of issue.....

Signed by.....

Seetion PP
File No. 102-19.
Serial No. 6

No. G 25-718 (4) Army

To The Registrar, Universities

Sir,

I am directed to forward herewith 4 copies of the Urdu translation of the Report on the treatment of Br. Prisoners of War in Turkey, and to request that they may kindly be circulated to the Colleges affiliated to the Universities.

I have &c

M.S. 7.5.20

for Chief Secy

over.

C.P.S. 7/5/20

[G. R. S. VI—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT

( )

, the 191

To be filled in afterwards

Date of issue 10/5

Signed by Mr Bl

Section ~~Judy~~ P.

File No. 102-09

Serial No. 7

No. 625720-5 ait to Lucr

x ——— Asst

To

Sir,

I am directed to forward herewith a copy of the Urdu translation of the Report on the treatment of British Prisoners of war in Turkey and to request that wide circulation may kindly be given to it.

I have the

6/5

for Chief Secy

CB

6/5/20.

over.

1. Anjuman-e-mahaseri Chamapatna
2. Anjuman-e-Islamia Chickmagalur
3. Muslim Ass'n Tanjore
4. Central Mail. Ass'n B'lore.
5. Anjuman-e-mahaseri Mutakalmin
6. Anjuman-e-mahaseri Darulul Islam Bangalore

PP 95-19-3
P 95/3

ENTRY NO. 19520.

SECTION P.P.

FILE NO. 102-19

SERIAL NO 8

C. O. 2.—R. P. B.—2—1902.—1000.

CHIEF SECRETARIAT
II
POLITICAL BRANCH
17 MAY 1920 No. 1637 ENCLOS.

Ch Secty
17 MAY 1920

FROM

MAJOR C. T. C. PLOWDEN, I. A.,
SECRETARY TO THE CHIEF COMMISSIONER OF COORG.

PHP
MYS(2)20

TO

The Chief Secretary to the Government of
His Highness the Maharaja of Mysore,
BANGALORE.

31[illegible]

Dated Bangalore, 15th May *1920.*

SIR,

With reference to your letter No.Pol.1226, dated the 7th May 1920, requesting to be supplied with a few copies of the English version of the report on the treatment of British prisoners of war in Turkey, I am directed to invite your attention to my letter No.1596, dated the 24th April 1919, with which were forwarded 20 additional copies of the report and to enquire whether the copies now desired are in addition to those already supplied. I am, however, to say that no more copies are available in this office, and if required, they will have to be obtained from the Government of India.

I have the honour to be,
Sir,
Your most obedient servant,

for Secretary to the Chief Commissioner.

G. R. S. Vl—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

Section 009
File No. 102-09
Serial No. 9

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT
( )
, the *191*

No. 64769 Encl

Date of issue 3/11

Signed by K. BN

To

The Supdt. Govt
Printing, Bangalore

Sir,

I am directed
to request that the
accompanying Canarese
pamphlet re Treatment
of British Prisoners
of War in Turkey,
may be printed
and 500 copies
supplied to this

To be filled in

over.

C.R. S. VI—G/32]

SUBJECT:—

Diary No. of letter replied to

Section PP

File No. 102 · 9.

Serial No. 10

GENERAL AND REVENUE SECRETARIAT,

( )

, the 191 .

No. Pol 337

Date of issue 13th Sep 1920

Signed by M. A. R.

To

The Secy to the Chief Court of Coorg

Sir,

With ref to your letter No. 2995-145-19 in the subject I am directed to state that no more copies of the English Version of the report on the treatment of British Prisoners of War in Turkey are now required

G. R. S. VI—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

General and Revenue Secretariat

( )

, *the* 191 .

Date of issue 17/1/2

Signed by M-BK

Section P.P

File No. 102-C

Serial No 11

No. G 13836 (250)

To

The D.G. of Edn.

Sir,

I am directed to forward herewith 250 Copies of the Canarese Translation of the Report on the Treatment of British Prisoners of War in Turkey and to request that they may kindly be distributed to the

over.

G. R. S. VI—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

General and Revenue Secretariat
( )
, *the* 191 .

Date of issue 17/1

Signed by Mr BK

Section PF
File No. 102-19
Serial No 12

No. 413837(10)

To

The Regr. Mysore
University

Sir,

I am directed to forward herewith 10 copies of the Canarese Translation of the Report on the Treatment of British Prisoners of War in Turkey and to request that they may kindly

over.

G. R. S. VI—G/32]

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

Section 88
File No. 102
Serial No 13

General and Revenue Secretariat :
( )
, *the* 191 .

No. 9138 38-45
(20 to each)

Date of issue 17/1

To

The Dy Commrs of Dists

Signed by M. Bks

Sir,

I am directed to forward herewith 20 copies of the Canarese translation of the Report on the treatment of British Prisoners of War in Turkey and to request that they may be distributed to the prominent clubs and

over.

SUBJECT.....

.....

.....

Diary No. of letter replied to.....

General and Revenue Secretariat

( )

, the *191*

Date of issue 25/1

Signed by W. A. V. R.

Section PP 102-19

File No.

Serial No 14

No. G 14520-60 Gen.

The accompanying copy of the Canarese Translation of the Report on the treatment of British Prisoners of War in Turkey is forwarded with Compliments for information and record.

B O

M 9/1/20

for Chief Secy

2/

over.

To All Heads Depts & Offices in Bangalore

VS

18424

DIARY NO.

10 -2-19

SECTION 100 102-19-14

No. 7.7.4.6.

CHIEF SECRETARY'S OFFICE
POLITICAL BRANCH
1 FEB 1921

Office of the Chief Commandant,
Mysore State Troops,
Bangalore dated 31st January 1921.

REV. & REV. SECT.
1 - FEB 1921

59465

From

Lt.Col.B.Chamaraj Urs Sardar Bahadur,
Chief Commandant, Mysore State Troops, Bangalore.

To

K.Mathan Esq B.A.,
Offg.Chief Secretary to the Govt of H.H.the Maharaja of Mysore

Sir,

I have the honor to acknowledge with thanks the receipt of the pamphlet forwarded with your No.G.14510-60/P.P.102-19-14 dated 24th January 1921.

I have the honor to be,
Sir,
Your most obedient servant,

For Chief Commandant,
Mysore State Troops.
Absent from the State
31/1/21

18716

CHIEF SECRETARIA
II
POLITICAL BRANCH
3 FEB 1921

Telegraphic Address
"Agri., Bangalore."
Code-5th Edition A.B.C.

DIARY NO. 37

DEPARTMENT OF AGRICULTURE,
MYSORE STATE.

P.P. 102-19-16.

BANGALORE,

January 31, 1921

59899

No. 5937 L.612B.

Ref 1

SY & REV. SECTN
Ch Secy
3 FEB 1921

FROM

LESLIE C. COLEMAN, ESQ., M.A., PH. D.,
DIRECTOR OF AGRICULTURE IN MYSORE,
BANGALORE.

To

K. Matthan, Esq., B.A.,
Offg. Secretary to Govt. of Mysore,
Deptts. of Agri., &c., Bangalore.

SIR,

I have the honour to acknowledge with thanks, receipt of the Canarese Translation of the Report on the treatment of British Prisoners of war in Turkey, forwarded with your Official Memorandum No.C.14510-60/P.P.102-19-14 of the 24/26th instant.

I have the honour to be,
Sir,
Your most obedient servant,

Director of Agriculture.